تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | منگل 30 دسمبر 2025، 09 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 136

مریم نواز کی ہدایت: ریڑھی بانوں کو 400 سے زائد اسٹالز کی اوپن قرعہ اندازی کے ذریعے الاٹمنٹ

پھل، سبزیاں، چکن اور کریانہ مصنوعات ڈی سی ریٹ پر ملیں گی، ''سہولت آن دی گو بازار'' میں سکیورٹی، واش روم اور صفائی کا شاندار اور بہترین نظام، ''سہولت آن دی گو بازار'' میں ڈرائیو تھرو خریداری کی سہولت

شکریہ مریم نواز! اب ہم ریڑھی والے نہیں بلکہ اپنی دکان کے باقاعدہ مالک بن چکے ہیں، دکاندار خوش، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ''سہولت آن دی گو بازار'' کو مرحلہ وار لاہور کے دیگر علاقوں تک وسیع کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سستی اشیاء۔۔۔معیاری مال، عوام خوش۔۔۔دکاندار خوشحال، ''تھینک یو ویری مچ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف''، پنجاب میں (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر قائم کردہ سہولت بازار کا منظر۔

پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ اسرائیل، بھارت کی پراکسی ہے، رانا تنویر حسین

شیخوپورہ (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ تحریک انصاف سیاسی جماعت (بقیہ نمبر 2)

حکومت نے مسلسل، انتھک جدوجہد سے ملک کو مسائل کی دلدل سے باہر نکالا، حمزہ شہباز شریف

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم محمد شہباز شریف مظفرآباد میں کشمیر انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلیئر میڈیسن، آنکولوجی اور ریڈیو تھراپی کے افتتاح کے لیے تختی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں۔

قلات میں سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے ٹھکانے پر کارروائی، چار ہلاک

بھارتی سرپرستی یافتہ چار دہشت گردوں سے فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا، یہ دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں سرگرم ملوث تھے

کوئٹہ/راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے قلات میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بھارتی پراکسی کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 27 دسمبر کو سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات میں بھارتی پراکسی تنظیم فتنہ الہندستان (بقیہ نمبر 4)

خیبر پختونخوا میں دہشتگردی اور لا اینڈ آرڈر کی صورتحال ابتر ہے، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے (بقیہ نمبر 5)

آن لائن فراڈ کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا اختیار سی سی ڈی کو تفویض کرنے کا فیصلہ

سی سی ڈی عوام کی جمع پونجی لوٹنے والے ان ملزمان کے خلاف بھرپور ایکشن کرے گی

لاہور (این این آئی) آن لائن اور الیکٹرانک ڈیوائسز کے ذریعے لوگوں کو لوٹنے والوں کے خلاف کارروائی کا اختیار سی سی ڈی کو تفویض کیا جا رہا ہے۔ حکومت پنجاب سی سی ڈی کو آن لائن اور الیکٹرانک ڈیوائسز کے ذریعے عوام کو لوٹنے والے منظم گروہوں کیخلاف کارروائی کا ٹاسک سونپ رہی ہے، فیصلہ آن لائن اور الیکٹرانک ڈیوائسز کے ذریعے معصوم شہریوں کو لوٹنے کی وارداتوں میں بے تحاشا اضافہ کے پیش نظر کیا جا رہا (بقیہ نمبر 6)

ایف بی آر نے شوگر ملوں کی مانیٹرنگ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے اہلکاروں کو معطل کردیا

اقدام فرائض میں غفلت کے خلاف ایف بی آر کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا حصہ ہے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے شوگر ملوں میں تفویض کردہ مانیٹرنگ ڈیوٹی سے بلا اجازت غیر حاضر پائے جانے والے چھ اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ یہ اقدام فرائض میں غفلت کے خلاف ایف بی آر (بقیہ نمبر 7)

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی انتظامیہ کا ڈاکٹر شمشاد اختر کے لیے تعزیتی پیغام

کراچی (این این آئی) بینک دولت پاکستان کے بورڈ، انتظامیہ اور عملے کی جانب سے ہم اپنی سابق گورنر، ڈاکٹر شمشاد اختر کے (بقیہ نمبر 8)

دکھی انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کچھ نہیں، شہباز شریف

آزاد کشمیر میں کینسر کی تشخیص و علاج کیلئے ہسپتال کا قیام خوش آئند ہے، مریضوں کے علاج کیلئے 24 گھنٹے سہولیات کو یقینی بنایا جائے، شہباز شریف

پہلے آزاد کشمیر میں کینسر کے علاج کیلئے کوئی سہولت دستیاب نہیں تھی، مریض دور دراز کا سفر کر کے دوسرے شہروں کا رخ کرنے پر مجبور تھے، بریفنگ

مظفرآباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد کشمیر میں کینسر کی تشخیص و علاج کیلئے ہسپتال کے قیام کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی کام نہیں، مریضوں کے علاج کیلئے 24 گھنٹے سہولیات کو یقینی بنایا جائے۔ وہ اتوار کو یہاں کشمیر انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلیئر میڈیسن، آنکولوجی اینڈ ریڈیو تھراپی (کنور) کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر راجا فیصل ممتاز راٹھور، احسن اقبال، رانا ثنا اللہ، امیر مقام سمیت وفاقی وزرا کے علاوہ آزاد کشمیر کے ارکان اسمبلی، چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن (بقیہ نمبر 11)

نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال قطرووال گاؤں میں مستحق افراد میں راشن تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

نیو ایئر نائٹ، پنجاب پولیس کا امن وامان یقینی بنانے کے لئے سکیورٹی پلان مکمل

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا نیو ایئر نائٹ پر لاہور سمیت صوبہ بھر کی سکیورٹی بڑھانے کا حکم

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس نے نیو ایئر نائٹ کے موقع پر امن وامان یقینی بنانے کے لئے جامع سکیورٹی پلان مکمل کر لیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی بڑھانے کے احکامات جاری (بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی وزیراعلیٰ پنجاب کو خیبر پختونخوا آنے کی دعوت

لاہور، پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے وزیراعلیٰ پنجاب کو خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 10)

مودی اور اڈیالہ میں بیٹھا شخص پاکستان کے خلاف ہے، وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی

کراچی (این این آئی) وزیر مملکت برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کھیل داس کوہستانی (بقیہ نمبر 12)

محسن نقوی کا قلات میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی (بقیہ نمبر 13)

سہیل آفریدی کو لاہور میں نعروں کا جواب دینے والا کوئی نہیں ملا: عظمیٰ بخاری

دن کی روشنی میں پول کھل گیا ان کو کوئی نعروں کا جواب دینے والا بھی نہ ملا، بس بہت سیر کر لی پاکستان کے یورپ لاہور کی اب واپس تشریف لے جائیں

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو لاہور میں نعروں کا جواب دینے والا کوئی نہیں ملا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' 'وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے دورہ لاہور پر تبصرہ کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری (بقیہ نمبر 14)

ایف بی آر نے شوگر ملوں کی مانیٹرنگ ڈیوٹی سے غیر حاضر چھ اہلکار معطل کردیئے

فرائض میں غفلت، بدانتظامی یا تفویض کردہ ذمہ داریوں کی عدم تعمیل پر قانون کیتحت سختی سے نمٹا جائے گا، ایف بی آر

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے شوگر ملوں کی مانیٹرنگ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے 6 اہلکار معطل کر دیئے۔ ایف بی آر کے مطابق اہلکار شوگر کی پیداوار کی موثر، شفاف اور بلا تعطل نگرانی یقینی بنانے کیلئے تعینات کیے گئے تھے، اہلکاروں کی غیر حاضری کا انکشاف ایل ٹی او لاہور کی معمول کی مانیٹرنگ کے دوران ہوا، ایل ٹی او لاہور نے غفلت و لاپروائی کی سنگینی کے پیش نظر متعلقہ افسران کے خلاف تادیبی کارروائی شروع کرنے کی سفارش کی ہے۔ (بقیہ نمبر 15)

لاہور، باراتیوں کی ویگن نہر میں جا گری، ایک شخص جاں بحق، پانچ زخمی

لاہور (این این آئی) کینال روڈ پر باراتیوں سے بھری ویگن نہر میں گرنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق لاہور کے علاقے کینال روڈ پر تیز رفتاری کے باعث ڈرائیور قابو نہ رکھ سکا اور ویگن نہر میں جا گری، جس کے نتیجے میں ایک شخص (بقیہ نمبر 16)

پولیس موبائل لائسنسنگ وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں

دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات پر پولیس موبائل لائسنسنگ وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں، دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کے احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر لائسنسنگ و پولیس سٹیشن وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں ہے، دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں (بقیہ نمبر 17)

پی ٹی آئی کو انتہا پسندی چھوڑ کر سیاست کے دائرے میں آنا چاہئے: بلاول بھٹو

پاکستان پیپلز پارٹی کے تجربے اور تاریخ کی روشنی میں ان کی واضح تجویز یہی ہے کہ پی ٹی آئی انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دے

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش معاشی اور سیاسی چیلنجز کا حل انتہا پسندی نہیں بلکہ مفاہمت اور سیاسی استحکام میں ہے، پی ٹی آئی کو انتہا پسندانہ طرز سیاست ترک کر کے جمہوری حدود میں واپس آنا چاہئے کیونکہ حقیقی ترقی اور استحکام اسی راستے سے ممکن ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے لاڑکانہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 29)

مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ممتاز مذہبی و سماجی شخصیت پیر سید زاہد شاہ گیلانی سے ان کے چچا کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

قصور، 3 نوجوانوں نے 10 سالہ بچے کو اجتماعی جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا

قصور (این این آئی) ضلع قصور میں 3 نوجوانوں نے 10 سالہ بچے کو اجتماعی جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس تھانہ صدر چونیاں نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے، اہل خانہ نے کہا کہ تین ملزمان احسان۔ محمد احمد اور صائم نعمان کو ورغلا کر کھیتوں میں لے گئے۔ ایف آئی آر کے (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ''گڈ سٹیزن مہم'' کی قومی سطح پر بھرپور پذیرائی

مہم کو سوشل میڈیا پر شہریوں نے خوب سراہا اور پولیس، عوام کے درمیان دوستی کیلئے اہم اقدام قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ''گڈ سٹیزن مہم'' نے قومی سطح پر بھرپور پذیرائی حاصل کر لی، اس مہم کو سوشل میڈیا پر بڑے پلیٹ فارمز سمیت شہریوں نے خوب سراہا اور پولیس اور عوام کے درمیان دوستی کے لئے اہم اقدام قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے ویژن کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ حمزہ ہمایوں نے رواں ماہ دسمبر میں ایک خصوصی '' گڈ سٹیزن مہم '' کا آغاز کیا تھا (بقیہ نمبر 18)

لمتان: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور سرفراز مظفر، ٹائمز یونیورسٹی کے کانووکیشن میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا: احسن اقبال

نارووال کے شہریوں نے حالیہ دنوں میں بدترین سیلاب کا سامنا کیا، تاہم یہ قدرتی آفت یہاں کے لوگوں کا حوصلہ توڑنے میں ناکام رہی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور مسلح افواج کی بہادری کے باعث پاکستان کا جھنڈا دنیا میں بلند ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کا صدر بھی پاکستان کے وزیراعظم اور سپہ سالار کی تعریف کر رہا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت مل کر ملک (بقیہ نمبر 19)

پنجاب بھر میں 1129 ٹریفک حادثات میں 15 افراد جاں بحق 1301 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1129 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 582 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 719 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے (بقیہ نمبر 31)

ایف آئی اے کی کارروائی، انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظم گینگ کا اہم ملزم گرفتار

ملزم لیبیا سے غیر قانونی سمندری راستے سے شہریوں کو یورپ بھجوانے میں ملوث ہے

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ میں ملوث منظم گینگ کا اہم ملزم گرفتار کر لیا۔ ملزم اسرار احمد کو شیخوپورہ سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم شہریوں کو سمندر کے غیر قانونی راستے سے یورپ بھجوانے میں ملوث ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم عمرہ ویزے کے ذریعے شہریوں کو سعودی عرب اور بعد ازاں لیبیا بھجواتا تھا۔ گرفتار ملزم لیبیا سے غیر قانونی سمندری راستے سے شہریوں کو یورپ بھجوانے (بقیہ نمبر 32)

ملتان: سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمن طلباء کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

سال 2025، کمپیٹیشن کمیشن کی کارٹلائزیشن کیخلاف سخت کارروائیاں

شوگر انڈسٹری میں ممکنہ گٹھ جوڑ کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے پنجاب کی دس شوگر ملز کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان نے سال 2025 کے دوران کارٹلائزیشن، گٹھ جوڑ بنا کر پرائس فکسنگ کرنے اجارہ داری کے غلط استعمال کے خلاف چینی، اسٹیل، پولٹری، کھاد، تعلیم، ٹرانسپورٹ، اشتہارات، بجلی کی فراہمی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں موثر اور سخت کارروائیاں کیں گئیں۔ سب سے اہم، شوگر انڈسٹری میں ممکنہ گٹھ جوڑ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کمپیٹیشن کمیشن نے حال ہی میں پنجاب کی دس شوگر ملز کو شوکاز نوٹس جاری کیے ہیں۔ (بقیہ نمبر 22)

نارووال، ٹریفک حادثہ میں رکشہ ڈرائیور جاں بحق

نارووال (این این آئی) دمتھل کے قریب ٹریفک حادثہ میں رکشہ ڈرائیور جاں بحق ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ دمتھل فیروز پور روڈ آلو چھانہ کے قریب تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل سوار کو ٹکر لگ گئی جبکہ اسی اثنا میں پیچھے سے آنے والے رکشہ ڈرائیور نے حادثہ سے بچنے کی کوشش کی لیکن (بقیہ نمبر 21)

رانا منور غوث کا سرگودھا کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سلانوالی کا دورہ

مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا معائنہ، ڈیوٹی ڈاکٹرز وسٹاف کو ضروری ہدایت

سرگودھا (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی جنرل سیکرٹری و چیئرمین زکوۃ وعشر کونسل پنجاب رانا منور غوث نے سرگودھا کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سلانوالی کا اچانک دورہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور ڈیوٹی ڈاکٹرز وسٹاف کو ضروری ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 20)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر مقبولیت کا ڈرامہ رچا کر جھوٹا پراپیگنڈا کر رہی ہے: بیرسٹر عقیل ملک

پی ٹی آئی سیاسی میدان میں اپنی ناکامیاں چھپانے کے لیے سوشل میڈیا کا سہارا لیتی ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر جھوٹے فالوورز بنا رکھے ہیں اور سوشل میڈیا پر مقبولیت کا ڈرامہ رچا کر جھوٹا پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی کی مقبولیت کا پردہ چاک ہو چکا ہے اور پی ٹی آئی سیاسی میدان میں اپنی ناکامیاں چھپانے کے لیے سوشل میڈیا کا سہارا لیتی ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، سال 2025 کے دوران جرائم کیخلاف کارروائیاں

23 ہزار 683 ملزمان گرفتار، 2 ارب روپے سے زائد مال مسروقہ برآمد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس آپریشنز ڈویژن نے سال 2025 کے دوران جرائم کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں حاصل کیں، وفاقی دارالحکومت سے مجموعی طور پر 23 ہزار 683 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 ارب روپے سے زائد مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی (بقیہ نمبر 24)

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کے انتخابات 10 جنوری کو ہونگے

ساہیوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کے انتخابات 10 جنوری کو ہونگے جبکہ لائبریری سیکرٹری غلام عباس خان کھچی بلا مقابلہ منتخب ہوگئے جبکہ فنانس سیکرٹری بینا مین چوہدری اور ایگزیکٹو ممبران ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 23)

بھارتی فوج نے سوشل میڈیا پر پابندی کی نئی پالیسی جاری کردی

نئی دہلی (این این آئی) مودی حکومت اور بھارتی ملٹری قیادت پر تنقید کے بعد بھارتی فوج نے سوشل میڈیا پر پابندی کی نئی پالیسی جاری کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی فوج کی نئی پالیسی کے تحت انسٹاگرام، فیس بک اور ایکس سمیت دیگر سوشل میڈیا ایپس پر بھارتی فوجی اہلکاروں کے کسی بھی قسم کے تبصرے، لائیک یا شیئر کرنے پر پابندی عائد کردی (بقیہ نمبر 25)

لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ورلڈ بینک کے وفد ارکان کو بریفنگ دے رہے ہیں۔

لاہور: حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری شریف کے 814 ویں عرس کے سلسلے میں منعقدہ پر نور تقریب کی صدارت سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ کر رہے ہیں۔

شکار پور میں باراتیوں کی بس پر فائرنگ، دلہا سمیت 3 افراد جاں بحق

فائرنگ کے نتیجے میں دلہا کا بھائی اور بس کا ڈرائیور بھی جاں بحق ہوا، ایک خاتون زخمی بھی ہوئی، پولیس

شکار پور (این این آئی) شکار پور میں باراتیوں کی بس پر فائرنگ سے دلہا سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق شکار پور میں قومی شاہراہ بائی پاس پر بارات کی بس پر فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے نتیجے میں دلہا سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں دلہا کا بھائی اور بس کا ڈرائیور بھی شامل ہے جبکہ ایک خاتون زخمی (بقیہ نمبر 34)

ساہیوال، میونسپل کارپوریشن کے 14 ڈیفالٹروں کی دوکانیں سیل

ساہیوال (این این آئی) میونسپل کارپوریشن ساہیوال نے ڈیفالٹر دوکانداروں کے خلاف ایک آپریشن کے دوران چرچ روڈ مارکیٹ کی 9 دوکانیں سرکاری واجبات کی وصولی کے لیے سیل کر دیں۔ جناح شاپنگ پلازہ میں بھی پانچ بڑے ڈیفالٹروں کی دوکانوں کو سیل (بقیہ نمبر 35)

ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو کرپشن الزامات پر عہدہ سے ہٹا دیا گیا

ساہیوال (این این آئی) ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ذوالفقار حیدر کو کرپشن کے الزامات کی بناء پر فوری طور پر ان کے عہدہ سے ہٹا دیے گئے ہیں سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ پنجاب نے ڈاکٹر خالد خان اسسٹنٹ پروفیسر کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ساہیوال (بقیہ نمبر 27)

لاہور، دو رکنی متحرک بھینس چور گینگ گرفتار

ملزمان نے چند روز قبل اسلام پورہ کے ایریا سے بھینس چوری کی تھی

لاہور (این این آئی) اسلام پورہ چوکی اکرم پارک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی متحرک بھینس چور گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان موٹر سائیکل و رکشہ چوری کی وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔ ملزمان نے چند روز قبل اسلام پورہ کے ایریا سے بھینس چوری کی تھی۔ ایس پی سٹی بلال احمد کے مطابق ملزمان کے قبضے سے ایک بھینس، ایک لاکھ روپے نقد رقم اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا۔ ملزمان واردات کے لیے چوری کی ہوئی موٹر سائیکل کا استعمال (بقیہ نمبر 26)

الخدمت خواتین ٹرسٹ لاہور کے زیر اہتمام مستحق خاندانوں میں ونٹر پیکیج تقسیم

صوبائی دارالحکومت میں آئندہ دنوں میں مزید 500 مستحق خاندانوں تک یہ امداد پہنچائی جائیگی' صبا ثاقب

لاہور (این این آئی) الخدمت خواتین ٹرسٹ لاہور کے زیر اہتمام کرامت کالونی سنٹر میں 100 مستحق خاندانوں میں ونٹر پیکیج تقسیم کر دیئے گئے۔ ونٹر پیکیج میں رضائیاں، کمبل اور گرم بستر شامل ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وائس پریزیڈنٹ الخدمت خواتین (بقیہ نمبر 37)

والدین سے جھگڑا، جواں سالہ لڑکی نے شادی سے چند روز قبل خودکشی کرلی

مریدکے (این این آئی) نواحی گاؤں میں جواں سالہ لڑکی نے اپنی شادی سے چند روز قبل خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ (بقیہ نمبر 36)

لاہور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی علامہ اقبال کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

آج بھی اڑھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں: اسپیکر ملک محمد احمد خان

تعلیم ہر شہری کا بنیادی حق، ہر بچے کو تعلیم کی فراہمی ریاست کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے' خطاب

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ تعلیم ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور ہر بچے کو تعلیم کی فراہمی ریاست کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے، آج بھی اڑھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں تاہم موجودہ پنجاب حکومت نے تعلیم کے شعبے کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تاریخ کا سب سے بڑا تعلیمی بجٹ مختص کیا ہے اور تعلیم کا بجٹ 17 ارب روپے سے بڑھا کر 46 ارب روپے کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار اسپیکر (بقیہ نمبر 28)

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر سی ایم انسپکشن ٹیم کے اچانک دورے جاری

سی ایم انسپکشن ٹیم ٹی ایچ کیو ہسپتال حسن ابدال پہنچ گئی، صوبائی معاون خصوصی شعیب مرزا کا ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کی ہدایت پر سی ایم انسپکشن ٹیم کے اچانک دورے جاری ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویجی لینس ویژن کے مطابق سی ایم انسپکشن ٹیم ٹی ایچ کیو ہسپتال حسن ابدال پہنچ گئی۔ صوبائی معاون خصوصی شعیب مرزا نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا۔ صوبائی معاون خصوصی شعیب مرزا نے مریضوں اور تیمارداروں کے ساتھ بات چیت کی۔

عدلیہ کیخلاف ہرزہ سرائی کا سلسلہ بند نہ ہوا تو احتجاج ہڑتال کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے' پنجاب بار کونسل

چیف جسٹس نے پراپرٹی اونرشپ آرڈیننس سے متعلق آئین وقانون کے مطابق فیصلہ دیا' وائس چیئرمین اشفاق کھوٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری محمد اشفاق کھوٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ذبیح اللہ ناگرہ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کے ذمہ داران کی جانب سے عدلیہ کے خلاف ہرزہ سرائی کا سلسلہ بند نہ ہوا تو احتجاج ہڑتال کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اپنا غیر ذمہ دارانہ بیان واپس لیتیں الٹا وزراء، مشیروں اور دیگر نمائندے بھی اسی طرز پر بیانات جاری کر رہے ہیں جو قابل تشویش ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب اپنے وزراء اور مشیروں کو عدلیہ مخالف مہم بند کرنے کا حکم دیں ورنہ پنجاب بھر کی بارز کا وکلاء کنونشن بلا کر احتجاج کی کال دے سکتے ہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے پراپرٹی اونرشپ آرڈیننس سے متعلق آئین وقانون کی روشنی میں فیصلہ دیا۔

کراچی، مبینہ پولیس مقابلہ، زخمی سمیت 2 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی میں جمالی پل کے قریب مبینہ مقابلہ کے بعد ایک زخمی سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ریڑھی گوٹھ میں مقابلے کے بعد ملزمان سے موٹرسائیکل، موبائل فونز اور اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ پولیس اہلکاروں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان متعدد مقدمات میں مطلوب تھے۔

اسلام آباد: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سینئر صحافی علمدار بلوچ کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

علمائے کرام اور دینی طلبہ کو بھی ہیلمٹ سے استثنیٰ دیا جائے' حافظ محمد افضال

علماء اور دینی طلبہ پگڑی سر پر رکھتے ہیں، اس لیے انہیں ہیلمٹ پہننے سے مکمل طور پر استثنیٰ دیا جائے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام شالامار ٹاؤن کے صدر مولانا حافظ محمد افضال اور سیکرٹری جنرل محمد عثمان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ علمائے کرام اور دینی طلبہ کو بھی ہیلمٹ سے استثنیٰ دیا جائے۔ علما کرام اور دینی طلبہ پگڑی سر پر رکھتے ہیں اس لیے انہیں بھی ہیلمٹ پہننے سے مکمل طور پر استثنیٰ دیا جائے۔ پنجاب حکومت سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے الگ الگ قوانین متعارف نہ کرائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت مکمل طور پر بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکی ہے اور جلد بازی میں نت نئے قوانین متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ ہیلمٹ نہ پہننے پر دو ہزار اور پانچ ہزار روپے کے بھاری جرمانے عائد کرنا عوام سے زیادتی ہے۔ ان جرمانوں پر فوری نظر ثانی کی جائے اور عوام کی جیبوں پر مزید ڈاکہ ڈالنے سے گریز کیا جائے۔

پنجاب میں شدید دھند کے باعث حد نگاہ متاثر، موٹرویز مختلف مقامات سے بند

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف علاقوں میں شدید دھند کے باعث حد نگاہ متاثر ہونے سے موٹرویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا ہے۔ شدید دھند کی وجہ سے موٹروے ایم 2 لاہور سکیوٹ مومن تک بند رہی، اس کے علاوہ ایم 3 فیض پور سے درخانہ تک، ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے ملتان تک، ایم 5 ملتان سے ظاہر پیر تک بند رہی۔ شدید دھند کی وجہ سے سیالکوٹ موٹروے ایم 11 کو بھی بند کر دیا گیا۔

عمران فاروق کو الطاف حسین نے قتل کروایا، بانی ایم کیو ایم ڈرامہ باز آدمی ہے، مصطفیٰ کمال

ڈاکٹر عمران فاروق کی اہلیہ کی لاش پر بھی ناٹک کیا، بانی ایم کیو ایم مہاجر قوم کا سب سے بڑا غدار ہے

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما اور وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے انکشاف کیا ہے کہ عمران فاروق کو الطاف حسین نے قتل کروایا، بانی ایم کیو ایم ڈرامہ باز آدمی ہے، ڈاکٹر عمران فاروق کی اہلیہ کی لاش پر بھی ناٹک کیا، بانی ایم کیو ایم مہاجر قوم کا سب سے بڑا غدار ہے، عمران فاروق کے بچوں سے کہتا ہوں لندن میں اس شخص سے بچو، اپنے باپ کے قتل کی تحقیقات کے لیے عدالت جاؤ اور مقدمہ دائر کرو۔

ملک میں دہشتگردی کی نئی لہر انتہائی تشویشناک ہے' سنی علماء کونسل

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشتگردی اور انسانیت پر حملہ ہے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کی نئی لہر انتہائی تشویشناک ہے۔ دہشتگردی کی اس طویل جنگ نے ہمیں علما، وکلا، ڈاکٹرز، سکیورٹی فورسز کے جوانوں، سیاسی رہنماں اور تاجروں جیسے قیمتی اثاثوں سے محروم کر دیا ہے۔ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشتگردی اور انسانیت پر کھلا حملہ ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع پنجگور میں بھارتی پراکسی تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشتگردوں کو واصلِ جہنم کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے۔ ہماری سکیورٹی فورسز کے جوان پوری طرح چوکس ہیں اور دشمن کی ہر چال ناکام بنانے کے لیے مکمل قوت کے ساتھ میدان میں موجود ہیں۔ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے علمائے کرام اور پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

ایف آئی اے کی کارروائی، انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظم گینگ کا اہم ملزم گرفتار

شیخوپورہ (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظم گینگ کا اہم ملزم گرفتار کرلیا۔ ملزم اسرار احمد کو شیخوپورہ سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم شہریوں کو سمندر کے غیر قانونی راستے سے یورپ بھجوانے میں ملوث ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم عمرہ ویزے کے ذریعے شہریوں کو سعودی عرب اور بعد ازاں لیبیا بھجواتا تھا۔ گرفتار ملزم لیبیا سے غیر قانونی سمندری راستے سے شہریوں کو یورپ بھجوانے میں ملوث ہے۔

فرقہ واریت اور انتہا پسندی ملک وقوم کو درپیش بڑے چیلنجز ہیں' جے یو آئی (س)

پاکستان کی فوج ملک کے دفاع اور سلامتی کیلئے جو کردار ادا کررہی ہے اس پر پوری قوم کو فخر ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر ومرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ فرقہ واریت اور انتہا پسندی ملک وقوم کو درپیش بڑے چیلنجز ہیں۔ پاکستان کو درپیش داخلی و خارجی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری قوم ریاست اور افواجِ پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاکستان کی فوج ملک کے دفاع، سلامتی اور امن کے قیام کے لیے جو کردار ادا کر رہی ہے۔

ٹمپرڈ ویزے کی بنیاد پر بیرون ملک جانے والے مسافر کو روک لیا گیا

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے ٹمپرڈ ویزے کی بنیاد پر بیرون ملک جانے والے مسافر کو روک دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر باسط احمد فلائٹ نمبر G9-543 کے ذریعے یو اے ای جارہا تھا، مسافر کی جانب سے پیش کیا گیا یو اے ای کا فیملی وزٹ ویزا ٹمپرڈ شدہ تھا۔

کراچی: خودی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام زیرک شاعر محمد نسیم مہندی کے شعری مجموعے بازگشت دروں کی تقریب رونمائی محمود احمد خان، ڈاکٹر سید تقی، شکیل جعدم رضوی ودیگر کا گروپ فوٹو۔

پی ٹی آئی مذاکرات پر حقیقت پسندی سے کام لے، مراد علی شاہ

برطانیہ میں پاکستانی قونصلیٹ کے سامنے پی ٹی آئی کے مظاہرے میں دھمکیاں دینا قابل مذمت ہے، کھوکھلی دھمکیوں میں نہیں آئینگے، وزیر اعلیٰ سندھ

سکھر (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے پی ٹی آئی کو مذاکرات پر حقیقت پسندی سے کام لینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ برطانیہ میں پاکستانی قونصلیٹ کے سامنے پی ٹی آئی کے مظاہرے میں دھمکیاں دینا قابل مذمت ہے، کھوکھلی دھمکیوں میں نہیں آئینگے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ مذاکرات پر پی ٹی آئی کی سیاست ہمیشہ تضادات کا شکار رہی ہے۔

بھارت انتہا پسند ملک ہے جہاں کوئی بھی اقلیت محفوظ نہیں' مرکزی جے یو آئی

مرکزی جمعیت علمائے اسلام اپنی مسلح افواج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے' پیر علیم الدین شاکر

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت علمائے اسلام کی مجلس عمومی کا اجلاس شیرانوالا گیٹ میں منعقد ہوا جس میں مرکزی نائب امیر مفتی احمد علی ثانی، مرکزی نائب امیر پیر طریقت مفتی محمد ریاض جمیل، مرکزی سیکرٹری جنرل مفتی خالد ازہر، مرکزی سیکرٹری اطلاعات میاں عرفان الحق قادری، امیر پنجاب مولانا پیر محمد حسن ناصر، جنرل سیکرٹری پنجاب مولانا عبدالرب امجد، ترجمان پنجاب علامہ عبد الحفیظ کھوکھر، سینیئر نائب امیر پنجاب پیر طریقت علامہ عطا المجید ازہر، سرپرست اعلیٰ لاہور علامہ محمد طاہر رحمانی، امیر جے یو آئی لاہور پیر علیم الدین شاکر، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالرف ربانی، قاری محمد سرور، قاری محمد عظیم ریاض سمیت علما کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ امیر جے یو آئی لاہور پیر علیم الدین شاکر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارت انتہا پسند ملک ہے جہاں کوئی بھی اقلیت محفوظ نہیں۔

کالا شاہ کاکو، والدین سے جھگڑے کے بعد جواں سال لڑکی کی خودکشی

کالا شاہ کاکو (این این آئی) کالا شاہ کاکو تھانہ صدر کے علاقہ میں جواں سالہ لڑکی نے خودکشی کرلی۔ پولیس کے مطابق جواں سالہ سویرا نے والدین سے جھگڑے کے بعد زہریلی گولیاں کھا لیں جسے تشویشناک حالت میں لاہور پہنچایا گیا تاہم لڑکی جانبر نہ ہوسکی۔ ضروری کارروائی کر کے پولیس نے لاش لواحقین کے سپرد کر دی ہے۔ کالا شاہ کاکو میں خودکشی کا واقعہ گلاں والا گاؤں میں پیش آیا۔

روڈا کیری ہیبلیٹیشن آف محمود بوٹی منصوبے پر اہم پیشرفت

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ کے کیری ہیبلیٹیشن کے تحت محمود بوٹی ڈمپنگ سائٹ پر شجرکاری کے منصوبے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ ڈمپنگ سائٹ پر موجود کورز کی سات تہیں ہونے کے باعث بڑے درخت لگانے سے گریز کیا جائے گا اور صرف کم گہرائی میں جڑیں پھیلانے والے درخت، گھاس اور مخصوص جھاڑیاں لگائی جائیں گی۔ پرانے ڈمپنگ ایریا کو مکمل کور کرنے کے بعد مرحلہ وار شجرکاری کا آغاز کیا جائے گا، یہ منصوبہ 42 ایکڑ رقبے پر عمل میں آئے گا

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری گورنر ہاؤس کراچی میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔

پاکستان، سری لنکا دوطرفہ تجارت بڑھانے کیلئے مواقع موجود ہیں، ہائی کمشنر پاکستان

میڈ ان پاکستان ایگزیبیشن اینڈ بزنس انوسٹمنٹ کانفرنس کا مقصد مصنوعات کو متعارف کروانا ہے، خورشید برلاس

کراچی (این این آئی) پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزیبیشن انڈسٹری کے بانی چیئرمین خورشید برلاس نے میجر جنرل (ر) فہیم العزیز ہائی کمشنر پاکستان سے سری لنکا، کولمبو میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بانی چیئرمین خورشید برلاس نے ملکی اور غیر ملکی ہونیوالی نمائشوں جس میں سعودی عرب جدہ، یو کے، بحرین اور حال ہی میں میڈ ان پاکستان بنگلہ دیش میں ہونے والی نمائشوں کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔

سکھر: سندھ کے وزیر آبپاشی جام خان شورو سکھر بیراج کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔

ایمانداری کی اعلیٰ مثال، ریلوے پولیس نے مسافر کے 38 لاکھ روپے واپس کردیے

ٹرین حیدرآباد اسٹیشن پہنچی تو محسن مشتاق کسی ذاتی کام کے باعث وہاں اترا کہ اس دوران ٹرین روانہ ہوگئی

کراچی (این این آئی) ریلوے پولیس کراچی ڈویژن نے ایمان داری کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے ایک مسافر کی 38 لاکھ روپے کی رقم واپس کر دی۔ پاکستان ریلوے کے مطابق یہ واقعہ 26 دسمبر کو پیش آیا جہاں ایک مسافر محسن مشتاق پاکستان ایکسپریس کے ذریعے کراچی سے ٹوبہ ٹیک سنگھ جارہا تھا۔ پاکستان ریلوے نے بتایا کہ ٹرین جب حیدرآباد اسٹیشن پہنچی تو محسن مشتاق کسی ذاتی کام کے باعث وہاں اترا کہ اس دوران ٹرین روانہ ہوگئی اور مسافر کا سامان جس میں قریباً 38 لاکھ روپے نقدی موجود تھی ٹرین میں رہ گیا۔ پاکستان ریلوے نے بتایا کہ دوران ڈیوٹی کانسٹیبل راؤ شریف کو مذکورہ بیگ ٹرین میں ملا، جسے فوری طور پر محفوظ کرلیا گیا، اسی اثناء میں مسافر محسن مشتاق ریلوے تھانے پہنچا اور اپنے سامان کے متعلق اطلاع دی۔ بعد ازاں مسافر قراقرم ایکسپریس کے ذریعے روہڑی پہنچا، جہاں ہیلپ سینٹر پر سب انسپکٹر کی موجودگی میں مسافر نے اپنا سامان شناخت کیا، پھر بیگ سے تقریباً 38 لاکھ روپے مکمل گنتی اور تصدیق کے بعد مسافر کے حوالے کردیے گئے۔

گوجرانوالہ، پادری کے قتل کا ڈراپ سین، بیوی اور آشنا ماسٹر مائنڈ نکلے

ملزمان نے پلان کیا کرسمس کے قریب قتل ہوتا کہ معاملہ انٹرنیشنل لیول پہ اٹھے اور ان کو بیرون ملک بلالیا جائے، پولیس

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں پادری کے قتل کا ڈراپ سین ہوگیا، مقتول کی بیوی اور آشنا ماسٹر مائنڈ نکلے۔ پولیس کے مطابق 5 دسمبر کو گھر کی دہلیز پہ پادری کامران ناز کو قتل کیا گیا۔ پولیس نے اجرتی قاتلوں کو کے پی سے گرفتار کیا جنہوں نے انکشافات کیے۔ مقتول کی اہلیہ سلمینہ کا آشنا نجم الثاقب سے رابطہ تھا، دونوں نے مل کر پلان کیا اور شوٹرز کو 33 لاکھ دیے گئے۔ شوٹرز کو پولیس نے گرفتار کیا اور دو ملزمان مبینہ مقابلہ میں مارے گئے، مدعیہ سلمینہ اور آشنا کے علاوہ سہولت کار سے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق سلمینہ این جی او میں متحرک تھی اور نجم کے ساتھ بیرون ملک جانے کا پلان تھا، دونوں نے پلان کیا کہ کرسمس کے قریب قتل ہوتا کہ معاملہ انٹرنیشنل لیول پہ اٹھے اور ان کو بیرون ملک بلالیا جائے۔ سول لائن پولیس نے سی پی او کی قیادت میں ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔

کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینر خالد مقبول صدیقی رہنما شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی اہلیہ شمائلہ عمران کی رہائش گاہ پر ان کی والدہ کی عیادت کررہے ہیں۔

فحش ویڈیو بنانے کا اسکینڈل، مدعیہ کا بیان تبدیل، مرکزی ملزم سے بھاری رقم لینے کا انکشاف

مظفرگڑھ، راضی نامہ دینے پر پولیس کی مدعیت میں خاتون کے خلاف مقدمہ درج، ملزمہ فرار

مظفرگڑھ (این این آئی) مظفرگڑھ کی تحصیل علی پور میں اسکول ٹیچرز اور طالبات کی فحش ویڈیو بنانے کے اسکینڈل میں مدعیہ نے اپنے ساتھ زیادتی نہ ہونے کا بیان دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مرکزی ملزم ہدایت علی رضوی سے مدعیہ شازیہ کوثر نے بھاری رقم لے کر اپنے ساتھ زیادتی نہ ہونے کا بیان دے دیا۔ راضی نامہ دینے پر پولیس کی مدعیت میں خاتون کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا جبکہ ایس ایچ او بھی تبدیل ہوگیا تاہم ملزمہ فرار ہوگئی۔ پولیس کے مطابق مدعیہ شازیہ کوثر نے ملزم سے بھاری رقم وصول کر کے عدالت میں زیادتی نہ ہونے کا بیان دے دیا تھا۔ ہدایت رضوی کے خلاف مقدمہ اس کے والد نے درج کروایا تھا۔ متاثرہ نے بیان دیا کہ کوئی زیادتی نہیں ہوئی اور عدالت نے ملزم کی ضمانت کنفرم کر لی۔ ترجمان ڈی پی او مظفرگڑھ کے مطابق ملزم سے ساز باز، بھاری رقم لینے اور وقوعہ سے منحرف ہونے پر تھانہ سٹی علی پور میں مقدمہ درج کر دیا۔

کوئٹہ، فیڈرل لیویز فورس بلوچستان کے ملازمین پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگائے بیٹھے ہیں۔

نارووال، خاتون نے ہسپتال منتقلی کے دوران ایمبولینس میں بچے کو جنم دیدیا

ڈیلیوری کے بعد ماں اور نومولود بچے دونوں کی حالت تسلی بخش پائی گئی

نارووال (این این آئی) خاتون نے ہسپتال منتقلی کے دوران ایمبولینس میں بچے کو جنم دیدیا۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاں ننگل جمشید کی رہائشی 27 سالہ خاتون کے اہل خانہ نے ایمرجنسی ڈیلیوری کے لیے ہسپتال منتقل کرنے کے لیے ریسکیو 1122 کو کال کی، ریسکیو عملے نے موقع پر پہنچ کر مریضہ کا چیک اپ کیا اور اسے مزید علاج کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل کر رہے تھے کہ راستہ میں جب ایمبولینس گاؤں جاجن والا کے قریب پہنچی تو مریضہ کی حالت اچانک زیادہ خراب ہوگئی۔ اس نازک صورتحال میں ریسکیو 1122 کے ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشن نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایمبولینس کے اندر ہی کامیابی کے ساتھ نارمل ڈیلیوری کروا دی۔ ڈیلیوری کے بعد ماں اور نومولود بچے دونوں کی حالت تسلی بخش پائی گئی۔ ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ماں اور بچے کو مزید چیک اپ اور طبی نگرانی کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل کردیا گیا۔

افغانستان میں ادویات کا شدید بحران، لاکھوں زندگیاں خطرے میں پڑ گئیں

یہ صورتحال خاص طور پر بچوں، حاملہ خواتین اور دائمی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کیلئے تشویشناک بنتی جارہی ہے، رپورٹ

کابل (این این آئی) افغانستان میں ادویات کا بحران سنگین صورت اختیار کر گیا ہے، ادویات کی شدید قلت اور غیر معیاری دواؤں کی دستیابی کے باعث لاکھوں افراد کی صحت خطرے میں پڑ گئی ہے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ صورتحال خاص طور پر بچوں، حاملہ خواتین اور دائمی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے تشویشناک بنتی جا رہی ہے۔ افغان جریدے ہشت صبح کی رپورٹ میں تصدیق کی گئی کہ افغان طالبان حکومت کی جانب سے پاکستان سے ادویات کی درآمد پر پابندی کے بعد ملک میں دواؤں کا بحران مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس پابندی کے نتیجے میں معیاری ادویات نایاب ہوچکی ہیں جبکہ بازار میں غیر معیاری اور مہنگی دواؤں کی بھرمار ہوگئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ناقص ادویات کے غیر مؤثر ثابت ہونے کے باعث کئی مریض اسمگل شدہ دوائیں استعمال کرنے پر مجبور ہیں، جو صحت عامہ کے لیے ایک بڑا خطرہ بن چکا ہے۔

کراچی: پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ گلشن اقبال اتوار بازار میں شہریوں میں اسٹریٹ موومنٹ کے حوالے سے پمفلٹ تقسیم کررہے ہیں۔

شازیہ مری کی کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

امید کرتی ہوں نومنتخب ارکان صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترے گی، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ امید کرتی ہوں نومنتخب ارکان صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترے گی۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ کراچی پریس کلب انتخابات میں ڈیموکریٹک پینل کی کامیابی پر مبارکباد دیتی ہوں۔ شازیہ مری نے نومنتخب صدر فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکریٹری محمد اسلم خان کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروق سمیع اور خازن عمران ایوب کو بھی مبارکباد دی۔ شازیہ مری نے کہا کہ کراچی پریس کلب گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شیما صدیقی اور فریال عارف کو مبارکباد دیتی ہوں۔ شازیہ مری نے جاوید صبا، فرید عالم اور جاوید مہر کو ممبر گورننگ باڈی کا رکن منتخب ہونے پر مبارکباد دی

مئی میں پاک بھارت کشیدگی نے پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور ساکھ کو مضبوط کیا، عالمی جریدہ

پاکستان نے مؤثر سفارت کاری سے واشنگٹن کا اعتماد بحال کر کے تعلقات کو نئی سمت دی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) عالمی جریدے کیرولانا پولیٹیکل ریویو میں کہا گیا ہے کہ 2025 میں پاکستان نے عالمی سیاست میں دوبارہ اہم مقام حاصل کیا، مئی میں پاک بھارت کشیدگی نے پاکستانی دفاعی صلاحیت اور ساکھ کو مضبوط کیا۔ عالمی جریدے کے مطابق پاکستان نے مؤثر سفارت کاری سے واشنگٹن کا اعتماد بحال کر کے تعلقات کو نئی سمت دی، امریکا نے جنوبی ایشیا، خلیج اور وسط ایشیا تک رسائی میں پاکستان کو کلیدی پل قرار دیا/

ناکے پر رشوت وصول کرنیوالے اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) چوہنگ پولیس نے پولیس ناکے پر رشوت وصول کرنے والے 3 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ مقدمہ انسپکٹر مبشر کی مدعیت میں پولیس سٹیشن چوہنگ میں درج کیا گیا۔ مقدمہ میں شامل افراد میں اے ایس آئی اکبر اور دو کانسٹیبل اشرف اور آصف شامل ہیں جو شہر میں داخل ہونے والے افراد سے رشوت وصول کرتے تھے۔ ملزمان کو گرفتار کر کے چوہنگ پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

عوام باشعور، انتشار پھیلانے کی سیاست کو مسترد کر دیں گے' احسن افضل کھوکھر

ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے، رہنما مسلم لیگ (ن)

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ جمہوریت کے استحکام، عوامی مسائل کے حل اور اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے جدوجہد کی ہے، ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ موجودہ حالات میں ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے مشکل ترین حالات میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی اور ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے سخت فیصلے کیے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور توانائی بحران جیسے مسائل کا حل صرف پالیسیوں میں تسلسل اور سیاسی استحکام سے ممکن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض عناصر ذاتی سیاست کے لیے انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ، جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام امیر کوئٹہ عبدالعہ ختر بلوچ کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے۔

قومی اثاثوں کو فروخت کرنا ملک کے بنیادی مفادات کیخلاف ہے' رانا جاوید عمر

مالی بحران سے نکلنے کیلئے قومی اثاثوں کو بیچنے کی بجائے مؤثر معاشی اصلاحات کرنی چاہئیں' رہنما پی ٹی آئی

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ قومی اثاثوں کو فروخت کرنا ملک کے بنیادی مفادات کے خلاف ہے، حکومت کو مالی بحران سے نکلنے کے لیے قومی اثاثوں کو بیچنے کی بجائے مؤثر معاشی اصلاحات کرنی چاہئیں۔ انہوں نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قومی ادارے ملک کا سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں فروخت کرنا مسائل کا مستقل حل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے معیشت دباؤ کا شکار ہے، مہنگائی بے قابو ہو چکی ہے اور عام آدمی کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔ حکومت اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لیے نجکاری جیسے فیصلے کر رہی ہے جو مستقبل میں ملک کے لیے نقصان دہ ثابت ہوں گے۔ رانا جاوید عمر نے کہا کہ کرپشن، بدانتظامی اور نااہلی کی وجہ سے قومی ادارے خسارے میں گئے

ایف بی آر کی انعامات کی حد کے حوالے سے ترمیمی مسودہ جاری

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ان لینڈ ریونیو ریوارڈ رولز 2021 میں ترمیمی مسودہ جاری کردیا ہے جس کے تحت کسی بھی مالی سال میں کسی ملازم کو 24 بنیادی تنخواہوں سے زائد انعام نہیں دیا جاسکے گا۔ مجوزہ ترامیم انکم ٹیکس آرڈیننس 2001، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990، فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 اور آئی سی ٹی ٹیکس آن سروسز آرڈیننس کے تحت متعارف کرائی گئی ہیں۔

بانی پی ٹی آئی کے ایجنڈے پر انتشار پھیلایا جاتا ہے، گورنر پنجاب

اڈیالہ جیل ایک تاریخی جیل ہے، بانی پی ٹی آئی کو وہیں رہنا چاہیے، سردار سلیم حیدر کی گفتگو

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے ایجنڈے پر انتشار پھیلایا جاتا ہے۔ سردار سلیم حیدر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خبردار کیا کہ پی ٹی آئی جمہوری طریقے سے چیزوں کو آگے لے کر چلے یہ پی ٹی آئی اور ملک دونوں کے لیے بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ جیل ایک تاریخی جیل ہے، بانی پی ٹی آئی کو وہیں رہنا چاہیے۔

وزیراعظم قیمتی زرمبادلہ لانے والی قدیمی صنعت کے مسائل کے حل کیلئے احکامات جاری کریں' پی سی ایم ای اے

مینوفیکچررز، برآمد کنندگان کی مشکلات میں کمی کیلئے مربوط پالیسی متعارف کرائی جائے' چیئرمین عتیق الرحمن، وائس چیئرمین ریاض احمد

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو درپیش سنگین بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف سے اپیل ہے کہ وہ فوری مداخلت کر کے ملک کے لئے قیمتی زرمبادلہ لانے والی قدیمی صنعت کے مسائل کے حل کیلئے احکامات جاری کریں، پیداواری لاگت زیادہ ہونے، ٹیکسز کے بوجھ اور بعض انتظامی رکاوٹوں کے باعث ہاتھ سے بنے قالینوں کی برآمدات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمن، پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد، چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمن، سینئر ممبران عثمان اشرف اور سعید خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا اہم ذریعہ ہے تاہم موجودہ حالات میں برآمدات میں خطرناک حد تک کمی واقع ہو رہی ہے۔

ملک میں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے، ریاض فتیانہ

کمالیہ (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی ریاض فتیانہ نے کہا ہے کہ ملک میں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ عوام کو ان کے مسائل کا حل ان کی دہلیز پر میسر آ سکے۔ بلدیاتی نظام کے بغیر جمہوریت مکمل نہیں ہوسکتی اور عوامی مسائل کا مؤثر حل ممکن نہیں۔ کمالیہ میں عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے ریاض فتیانہ کا کہنا تھا کہ بلدیاتی ادارے عوام اور حکومت کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔

تصدیق شدہ بیج کے استعمال سے گندم کی بہترین پیداوار متوقع ہے' پنجاب سیڈ کارپوریشن

کسان ادارے کے ماہرین کی سفارشات پر عمل کریں' ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن سید اسد رضا کاظمی

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن سید اسد رضا کاظمی نے کہا ہے کہ تصدیق شدہ بیج کے استعمال میں اضافے کے باعث صوبہ بھر میں گندم کی بہترین پیداوار متوقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کسانوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کسان گندم کی فصل پر بھرپور توجہ دیں، پنجاب سیڈ کارپوریشن کے زرعی ماہرین کسانوں کی رہنمائی کے لئے فیلڈ میں موجود ہیں جن کی سفارشات پر عمل پیرا ہو کر گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔ سید اسد رضا کاظمی نے کہا کہ پنجاب بھر کے اضلاع سے گندم کی بہترین پیداوار کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں جس سے نہ صرف پنجاب بلکہ ملک کی گندم کی ضروریات پوری ہوں گی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب سیڈ کارپوریشن کاظمی نے کسانوں کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز کا خیرمقدم کیا۔

ڈکی بھائی اپنی سالگرہ کے موقع پر مداح کی جانب سے 10 لاکھ روپے کا چیک موصول ہونے پر پھر خبروں کی زینت بن گئے

لاہور (این این آئی) معروف وی لاگر ڈکی بھائی اپنی سالگرہ کے موقع پر ایک مداح کی جانب سے 10 لاکھ روپے کا چیک موصول ہونے پر ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئے۔ یوٹیوب پر 9 ملین سے زائد سبسکرائبرز رکھنے والے ڈکی بھائی نے حالیہ وی لاگ میں مداحوں کی طرف سے ملنے والے تحائف دکھائے جن میں عادل زاہد نامی مداح کی جانب سے دیا گیا 10 لاکھ روپے کا چیک بھی شامل تھا۔

کراچی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کراچی چڑیا گھر میں نے انکلوژرز، ریپٹائل ہاؤس اور دیگر سہولیات کا افتتاح کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں۔

پاک افغان کشیدگی کا خاتمہ دونوں حکومتوں کی ذمہ داری ہے، لیاقت بلوچ

26 ویں 27 ویں آئینی ترمیم آئین کو متنازع بنانے کی سازش ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کا خاتمہ دونوں حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ 26 ویں 27 ویں آئینی ترمیم آئین کو متنازع بنانے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ 30 دسمبر منصورہ میں پنجاب سے جماعت اسلامی کے عہدیداران کا گرینڈ کنونشن ہوگا۔

''اڑان پاکستان'' پروگرام پر برق رفتاری سے عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے' اشرف بھٹی

مقامی کاروبار وں کی ترقی کیلئے بھی منصوبہ شروع کیا جائے' صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پائیدار ترقی کے پانچ سالہ پروگرام ''اڑان پاکستان'' پر برق رفتاری سے عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے، بڑے پیمانے پر روزگار کا ذریعہ بننے والے مقامی کاروباروں کی ترقی کیلئے بھی منصوبہ شروع کیا جائے، معیشت کی ترقی کے لئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ معیشت کی ترقی کے لئے برآمدات کا فروغ ضروری ہے اور ہر آنے والی حکومت برآمدی صنعتوں کو کئی طرح کی مراعات اور ریلیف بھی دیتی ہے لیکن حکومت چھوٹے کاروبار کی ترقی پر بھی توجہ مرکوز کرے کیونکہ یہ بھی وسیع پیمانے پر روزگار فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں۔ تجویز ہے کہ حکومت ایس ایم ایز کے لئے خصوصی پالیسی بنائے اور انہیں بھی ویلیو ایڈیشن کے ذریعے برآمدی صنعت میں تبدیل کیا جائے۔

ایف بی آر نے شوگر ملوں کی مانیٹرنگ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے اہلکاروں کو معطل کردیا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے شوگر ملوں میں تفویض کردہ مانیٹرنگ ڈیوٹی سے بلا اجازت غیر حاضر پائے جانے والے چھ اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر معطل کردیا ہے، یہ اقدام فرائض میں غفلت کے خلاف ایف بی آر کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا حصہ ہے۔ مذکورہ اہلکاروں کو سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 40B کے تحت شوگر کی پیداوار کی مؤثر، شفاف اور بلاتعطل نگرانی کو یقینی بنانے کیلئے تعینات کیا گیا تھا۔

سوات میں موسم سرما کی پہلی برف باری، سیاحوں نے مالم جبہ کا رخ کرلیا

سوات (این این آئی) سوات میں موسم سرما کی پہلی برف باری کے بعد سیاحوں نے چیئر لفٹ، سنو فال اور قدرتی حسن کا نظارہ کرنے کیلئے مالم جبہ کا رخ کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق طویل خشک سالی کے بعد خیبر پختونخوا کے بالائی اضلاع میں ہونے والی برف باری سے پہاڑوں نے ہر سو سفید چادر اوڑھ لی، موسم سرما کی پہلی برف باری کے بعد سیاحوں کی بڑی تعداد نے سوات کے خوبصورت سیاحتی مقام مالم جبہ پر سیاحوں کا رش لگ گیا۔

لاہور: آزادی فلائی اوور سے تاریخی بادشاہی مسجد کا خوبصورت منظر۔

یکم جنوری سے اسلام آباد میں بغیر ایم ٹیگ گاڑیوں کے داخلے پر پابندی کا فیصلہ

وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد سیف سٹی کو کیپٹل اسمارٹ سٹی بنانے کا جامع پلان طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد سیف سٹی کو کیپٹل سمارٹ سٹی بنانے کا جامع پلان طلب کرتے ہوئے یکم جنوری سے اسلام آباد میں بغیر ایم ٹیگ گاڑیوں کے داخلے پر پابندی کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری نے سیف سٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں وزیر داخلہ نے ڈیجیٹل وال پر شہر کی مانیٹرنگ نظام کا جائزہ لیا اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے امن عامہ کے اقدامات کا مشاہدہ کیا۔

اشاعت خاص

آلودہ پانی کا مسئلہ

ایک مچھلی سارے تالاب کو گندا کر دیتی ہے۔ یہ ضرب المثل زندگی کے کئی ایک پہلوؤں پر صادق آتی ہے اور پانی کے حوالے سے بھی یہ اس حقیقت کو عیاں کرتی ہے کہ ایک لیٹر آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (آٹھ لیٹر صاف پانی کو گندا کر دیتا ہے، یوں ہر سال دنیا بھر میں تقریباً 12 ہزار مکعب کلومیٹر پانی آلودہ ہوتا ہے۔ روز بروز پانی کی قلت کی طرف بڑھتی دنیا کے لئے یہ اعداد وشمار لمحہ فکریہ سے کم نہیں ۔کیونکہ دنیا کو ایک طرف تو پانی کی کمی کا سامنا ہے اور اس کی 40 فیصد آبادی پانی کی قلت کے حامل ممالک میں آباد ہے۔ اور ہر روز چڑھنے والا نیا سورج اضافی پانی کی ضروریات لئے طلوع ہو رہا ہے۔ تو دوسری جانب ہم ہر سال اتنا آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (پیدا کرتے ہیں جو مقدار میں دنیا کے بڑے دریاؤں میں موجود پانی کے برابر ہے۔ 1500 مکعب کلومیٹر مقدار پر مبنی پیدا ہونے والا آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (آج دنیا بھر کے لئے ایک وسیلہ بھی ہے اور ایک مسئلہ بھی۔ دنیا کی بڑھتی ہوئی آبادی، معیاز زندگی میں بہتری، معاشی ترقی اور شہروں کی وسعت پذیری کے باعث آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی پیداواری مقدار میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسے میں اسے اکٹھا کرنا، اس کو کشید)ٹریٹ (کرنا اور اس کا محفوظ استعمال یا تلف کرنا ایک چیلنج سے کم نہیں۔

آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (ایسے پانی کو کہتے ہیں جو ایک یا اس سے زائد اخراج کا امتزاج ہو۔ جس میں گھریلو اخراج کا کالا اور سلیٹی)گرے (پانی) کالا پانی انسانی فضلے اور کیچڑ کی آمیزش کا حامل اور سلیٹی پانی باورچی خانہ اور غسل خانہ کا اخراج شدہ پانی ہوتا ہے (اس کے ساتھ ساتھ اس میں تجارتی اور اداراتی عمارتوں کا اخراج، طوفانی پانی اور دیگر شہری پانی کا اخراج شامل ہے۔ علاوہ ازیں زرعی، باغبانی اور ماہی پروری کے تحلیل شدہ اجزا یا غیر تحلیل شدہ اجزا پر مشتمل آلودہ پانی کا اخراج بھی آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (کے زمرے میں آتا ہے۔

آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کو وسیلہ کے طور پر آج دنیا بھر کے 20 کروڑ کسان) کشید شدہ یا غیر کشید شدہ حالتوں میں(آب پاشی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ جبکہ غیر کشید شدہ پانی سے دنیا بھر میں 40 لاکھ سے 2 کروڑ ہیکٹر تک رقبہ سیراب کیا جاتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں کشید شدہ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (سے آب پاشی بڑھ رہی ہے اور ایسا بہت سے ترقی پذیر ممالک میں نہیں ہے جہاں کشید کی سہولیات غیر موزوں ہیں۔ اور آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی بڑی مقدار بغیر کشید کے کاشت کار استعمال کر رہے ہیں۔ ایسا وہ اس لئے کرتے ہیں کے یہ سال بھر دستیاب رہنے والا واحد ذریعہ ہے۔

آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی آبپاشی انھیں کھاد کی خریداری سے محفوظ رکھتی ہے۔ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (زیر زمین سے پانی کے حصول پر خرچ ہونے والی توانائی کے اخراجات سے بچاتا ہے ۔ مفت دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ یہ شہری علاقوں کے اردگرد کے کسانوں کو اس قابل کرتا ہے کہ وہ مقامی مارکیٹ کے لئے زیادہ مالیت کی حامل سبزیاں اگا سکیں۔

آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کا دنیا خصوصاً ترقی پذیر ممالک کو ایک بڑے مسئلہ کی صورت میں سامنا بھی ہے۔ کیونکہ ترقی پذیر ممالک میں آلودہ پانی) ویسٹ واٹر(کی کشید گی کا رجحان نہایت کم ہے اور آبادی میں اضافہ کی رفتار کے مقابلے میں آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی کشید گی کی سہولیات میں سرمایہ کاری نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی مقدار میں اضافہ ہو رہا ہے۔

yale یونیورسٹی کے سینٹر فار انوائرمینٹل لا اینڈ پالیسی کی رپورٹ دی انوائرمینٹل پر فارمنس انڈیکس 2016 کے مطابق دنیا کا 80 فیصد سے زائد آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کا بغیر کسی کشید کے قدرتی ماحول میں اخراج کر دیا جاتا ہے۔ ترقی پذیر ممالک میں صورتحال اور گمبھیر ہے۔ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کی سیک)Sick (واٹر نامی دستاویز کے مطابق ترقی پذیر دنیا میں 90 فیصد آلودہ پانی کو کشید)ٹریٹمنٹ (کے بغیر دریاؤں، جھیلوں اور سمندر میں ڈال دیا جاتا ہے۔ اقوام متحدہ کی ویسٹ واٹر مینجمنٹ اے یو این واٹر انیلیٹیکل بریف نامی رپورٹ بتاتی ہے کہ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی کشید کی صلاحیت کا انحصار ملک کی معاشی حالت پر منحصر ہے۔

زیادہ آمدن کے حامل ممالک میں 70 فیصد اخراج شدہ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر(کو کشید کرنے کی گنجائش موجود ہے جبکہ کم آمدن کے حامل ممالک میں یہ صرف 8 فیصد ہے۔ کیونکہ ترقی پذیر ممالک کے بہت سے شہر آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی بہتر انتظام کاری)منجمنٹ (کے موزوں ڈھانچے اور وسائل سے محروم ہیں۔ اور اس پر ان کا بڑھتا ہوا پھیلاؤ روز بروز پیدا ہونے والے آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی مقدار میں اضافہ کا باعث بن رہا ہے۔ اس وقت دنیا کی 50 فیصد آبادی شہروں میں رہائش پذیر ہے۔

جو کہ 2050 تک بڑھ کر 70 فیصد ہو جائے گی۔ یوں شہر آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کے بڑے ماخذ ہیں اور مزید ہو جائیں گے۔

آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کی بہتر انتظام کاری کی غیر موجودگی کے تین بنیادی اثرات ہوتے ہیں۔ ایک ماحول پر اور دوسرا صحت پر اور تیسرا معاشی سرگرمیوں پر۔ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کے بغیر کشید اخراج کے ماحولیاتی اثرات کی ایک صورت سمندر میں ڈیڈ زونز کی بڑھتی تعداد ہے۔ اور اس وقت 150 ایسے زونز کی نشاندہی ہو چکی ہے جو ایک مربع کلومیٹر سے 70 ہزار مربع کلومیٹر طویل ہیں۔ 1990 سے اب تک ان ڈیڈ زونز کی تعداد دگنا ہو چکی ہے۔

اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کی سیک واٹر)Sick Water (نامی رپورٹ کے مطابق اس وقت 2لاکھ 45 ہزار مربع کلومیٹر سمندر کا ایکو سسٹم آلودہ پانی کے بغیر کشید سمندر میں اخراج سے متاثر ہو چکا ہے۔ جس سے مچھلی اور دیگر حیاتیاتی اجسام پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ کیونکہ دنیا کے 23 میگا شہروں میں سے 21 سمندر کنارے آباد ہیں۔ اور 1.6 ارب سے زائد افراد ساحلی شہروں میں آباد ہیں۔ جن کا روزمرہ زندگی کے معمولات کے باعث پیدا شدہ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کا اخراج ساحلی حیاتیاتی تنوع کو بہت متاثر کر رہا ہے اور اس کی بہتر انتظام کاری کی غیر موجودگی سے صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔ پیسفک انسٹی ٹیوٹ کے ورلڈ واٹر کوالٹی فیکٹس اینڈ اسٹیٹسٹکس کے مطابق آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کے بغیر کشید اخراج سے متاثر ہونے والے دریاؤں اور جھیلوں میں موجود زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ دنیا بھر میں 24 فیصد میمل اور 12 فیصد پرندے جن کا انحصار/ تعلق دریاؤں اور جھیلوں سے ہے خطرے کا شکار ہیں۔ کچھ علاقوں میں تازہ پانی کی مقامی اقسام کی 50 فیصد سے زائد مچھلیاں معدومی کے خطرے میں گھری ہوئی ہیں۔ اور دنیا کے ایک تہائی جل تھلیے بھی معدوم ہونے کی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں۔ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (کے ہماری صحت پر بھی سنگین اثرات مرتب ہو رہے ہیں ۔خصوصاً ترقی پذیر ممالک کے شہروں میں پینے کے پانی کی اور سیوریج لائینوں کا رساؤ)لیج (اور دریاؤں اور جھیلوں میں ویسٹ واٹر کا بے دریغ اخراج لوگوں کی ایک بڑی تعداد کو بیماریوں میں جتلا کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق دنیا میں 1.8 ارب افراد ایسا پانی پینے پر مجبور ہیں جو انسانی فضلہ کی آمیزش رکھتا ہے۔ جس کی وجہ سے لوگ

ہیضہ، پیچش، ٹائیفائیڈ اور پولیو جیسی بیماریوں کے خطرات کا سامنا کر رہے ہیں۔ غیر محفوظ پانی، کمزور نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کی عدم موجودگی کے باعث پیدا ہونے والی بیماریوں کی بھینٹ ہر سال 18 لاکھ بچے جن کی عمر پانچ سال سے کم ہوتی ہے چڑھ جاتے ہیں۔ یعنی ہر 20 سیکنڈ میں ایک موت۔ اس کے علاوہ دنیا کے ہسپتالوں کے آدھے سے زائد بستر ایسے مریضوں کے تصرف میں رہتے ہیں جو آلودہ پانی سے پیدا ہونے والے امراض کا شکار ہوتے ہیں۔

آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (معاشی سرگرمیوں کو بھی متاثر کرتا ہے۔ صنعتی آلودہ پانی اور کیمیکلز کی آمیزش کے حامل میونسپل ویسٹ واٹر پینے کے پانی کے ذخائر اور زمین کی زرخیزی کو متاثر کرتا ہے اور اگر اس پانی کو آبپاشی کے لئے براہ راست استعمال کیا جائے تو یہ اپنے تابکاری اثرات کے باعث زرعی پیداوار اور معیار پر سنگین اثرات اور پودے کی نشوونما کو متاثر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ آلودہ پانی) ویسٹ واٹر(کی غیر موزوں انتظام کاری کی وجہ سے ہونے والی بیماریوں کی وجہ سے صحت پر ہونے والے اخراجات کے بڑھنے اور بیمار ہونے کے باعث کارکنوں کی پیداواری صلاحیت کے متاثر ہونے سے غربت میں اضافہ ہوتا ہے اور ترقی کے مواقع محدود ہو جاتے ہیں۔ پاکستان کے لئے آلودہ پانی ایک بھرپور وسیلہ بھی ہے اور بہت سنگین مسئلہ بھی۔ وسیلہ اس لئے کہ پاکستان کا شمار دنیا کے ان ٹاپ 36 ممالک میں ہوتا ہے جو پانی کی کمی کے دباؤ کا شکار ہیں اور ورلڈ ریسورس انسٹی ٹیوٹ کے مطابق ان ممالک میں پاکستان 26ویں نمبر پر ہے۔ سائنٹیفک ریسرچ پبلیکیشن کے ایک تحقیقی مقالہ کے مطابق ملک میں فی کس پانی کی دستیابی جو کہ 1951 میں 5000 مکعب میٹر تھی 2015 تک کم ہو کر 1000 مکعب میٹر کی اس حد تک آ چکی ہے جس پر آنے کی وجہ سے ملک کا شمار پانی کی قلت کے حامل ممالک میں ہونا شروع ہو چکا ہے اور اس نے ملک کی اقتصادی ترقی اور انسانی صحت اور بہبود کو متاثر کرنا شروع کر دیا ہے۔ ایسا ہونے کی سب سے بڑی وجہ آبادی میں اضافہ اور پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں کمی ہے۔ ملکی آبادی میں 1951 سے 2015 تک 468 فیصد اضافہ ہو چکا ہے وہیں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے ۔ ایسی صورتحال میں پاکستان کے لئے اس کے پانی کے وسائل کی بوند بوند بھی بہت اہمیت کی حامل ہے اور ملک میں پیدا ہونے والا آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (ایک بہت بڑے وسیلے کی حیثیت اختیار کر سکتا ہے۔ اگر اسے کشید کر لیا جائے تو ۔ کیونکہ پاکستان میں ہر سال 962335 ملین گیلن آلودہ پانی) ویسٹ واٹر (پیدا ہوتا ہے۔ یعنی 9 ارب 98 کروڑ 3 لاکھ 67 ہزار 8 سو لیٹر روزانہ ۔ جسے کشید کر لیا جائے تو یہ 5 کروڑ 54 لاکھ 46 ہزار سے زائد آبادی کو روزانہ بنیادی ضروریات)اس میں گھر کی صفائی کے لئے اوسط 50 لیٹر فی کس روزانہ، بیت الخلا کے لئے اوسط 70 لیٹر فی کس روزانہ اور گھریلو کاشت / باغبانی کے لئے اوسط 60 لیٹر فی کس روزانہ شامل ہیں۔

یہ مقدار عالمی ادارہ صحت کی کم سے کم پانی کی گھریلو سطح کی فی کس روزانہ ضروریات کی حد ہے (کی تکمیل کے لئے پانی مہیا ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ شہروں کے اردگرد زراعت اور باغبانی کے لئے پانی فراہم کیا جا سکتا ہے۔ جس سے صحت مند اور تازہ زرعی اجناس و پھل شہریوں کو دستیاب ہوں گے۔ آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (پاکستان کے تناظر میں مسائل کا باعث یوں بنتا ہے کے یہ ہمارے سطح زمین اور زیر زمین پانی کے وسائل کی آلودگی کی ایک بڑی وجہ ہے۔ کیونکہ ملک میں پیدا شدہ آلودہ پانی کا صرف 8 فیصد سطحی نوعیت کی ٹریٹمنٹ پاتا ہے۔ اور باقی غیر کشید شدہ پانی دریاؤں، جھیلوں اور سمندر کی نذر ہو جاتا ہے۔ پاکستان میں ہر سال 392511 ملین گیلن آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (ملک کے بڑے دریاؤں میں ڈالا جاتا ہے ۔ یعنی ملک میں پیدا ہونے والے ویسٹ واٹر کا 41 فیصد دریاؤں کی نذر ہوتا ہے۔

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے انسٹی ٹیوٹ آف سائل اینڈ انوائرمینٹل سائنسز کی رپورٹ ویسٹ واٹر پروڈکشن، ٹریٹمنٹ اینڈ یوز اِن پاکستان کے مطابق دریاؤں میں ہر سال ڈالے جانے والے آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (میں سے 316740 ملین گیلن میونسپل اور 75771 ملین صنعتی اخراج پر مبنی ہوتا ہے۔ اگر اس بین الاقوامی تحقیق کو سامنے رکھا جائے کہ ایک لیٹر آلودہ پانی 8 لیٹر صاف پانی کو خراب کر دیتا ہے تو ہر روز ہمارے دریاؤں میں خارج ہونے والا 4 ارب 70 کروڑ 7 لاکھ سے زائد آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (مزید 32 ارب 56 کروڑ 58 لاکھ 24 ہزار لیٹر کو روزانہ آلودہ کر رہا ہے۔ کیا پانی کی قلت کا شکار ہمارا ملک جس کے پانی کو بھارت زبردستی ہتھیا رہا ہے اتنے مزید نقصان کا متحمل ہو گا؟

پاکستان پانی کی کمی کے ساتھ ساتھ اس کے معیار کے بحران کا بھی شکار ہے۔ پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز کے مطابق ملک کی آبادی کی اکثریت کو سطح زمین اور زیر زمین وسائل سے حاصل ہونے والے پانی کی آلودگی کا سامنا ہے۔ جس کی وجہ سے پاکستان میں بیماریوں کا 40 فیصد پینے کے ناقص پانی کے باعث ہے۔ اور 2لاکھ 50 ہزار بچے ہر سال اسہال کے باعث مرتے ہیں۔ جبکہ ملک کے ہسپتالوں کے 20 سے 40 فیصد بستر گندے پانی سے لاحق ہونے والی بیماریوں کے مریضوں کے زیر استعمال رہتے ہیں۔

اکنامک سروے آف پاکستان 2015-16 کے مطابق پینے کے ناقص پانی سے ہونے والے امراض ملک کو سالانہ 380 سے 883 ملین ڈالر کا نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس لئے اقوام متحدہ کی ورلڈ واٹر ڈیولپمنٹ رپورٹ کے مطابق پاکستان پینے کے پانی کے معیار کو قائم رکھنے والے ممالک کی درجہ بندی میں 122 ممالک میں 80 ویں نمبر پر ہے۔ پاکستان میں آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (کی پیداوار اور ٹریٹمنٹ کی صورت حال کا اندازہ ایگری کلچرل واٹر مینجمنٹ نامی بین الاقوامی ریسرچ جرنل میں چھپنے والے ایک تحقیقی Global, regional, and country level need for data on wastewater generation, treatment and use سے حاصل کردہ اعداد وشمار کے تجزیہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (کی پیداوار کے حوالے سے پاکستان دنیا کے 113 ممالک) جن کے اعداد وشمار دستیاب ہیں (میں سے 12 ویں نمبر پر ہے۔ جبکہ اس پانی کی کشید)ٹریٹمنٹ (کے حوالے سے 103 ممالک) جن کے اعداد وشمار دستیاب ہیں (میں 35 ویں نمبر پر ہے۔ پاکستان کا شمار وسطی اور مغربی ایشیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جن کی آبادی کا نمایاں حصہ شہروں میں آباد ہے۔ اور 1951 سے ہر سال ملک کی شہری آبادی میں اضافہ کی رفتار 4 فیصد سالانہ ہے اور 2030 تک ملک کی 60 فیصد آبادی شہروں میں سکونت پذیر ہو گی ۔ آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (کی پیداوار کا ایک بنیادی ماخذ یہ شہری علاقے بھی ہیں۔ پاکستان کی نیشنل سینیٹیشن پالیسی کے مطابق ہمارے درمیانے اور بڑے سائز کے شہروں میں زیر زمین نکاسی آب کا نظام عدم توجہی اور کمزور انتظام کاری کی وجہ سے بیٹھ سکتا ہے۔ بہت سا نکاسی آب کا نظام اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آلودہ پانی)ویسٹ واٹر (بغیر کسی کشید کے براہ راست صاف پانی کے ماخذ میں خارج ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ملک کی 30 فیصد شہری آبادی کچی آبادیوں اور جھگی بستیوں میں آباد ہے جہاں پینے کے صاف پانی اور نکاسی آب کی سہولیات غیر موزوں اور ناکافی ہیں۔ عوامی بیت الخلا کی ہمارے شہروں میں شدید کمی ہے اور جو ہیں بھی تو ان کی مناسب دیکھ بھال نہیں ہوتی۔ چھوٹے شہروں اور گاؤں کی سطح پر تو یہ سہولت بالکل ناپید ہے۔ اور اوپر سے ملک کے 13 فیصد گھروں میں لیٹرین کا نہ ہونا صورتحال کو اور نازک بنا دیتا ہے۔ ہمیں اس حقیقت کا جلد ادراک کرنا ہو گا کہ مستقبل میں پانی کی ضروریات کو اس وقت تک پورا نہیں کیا جا سکتا جب تک آلودہ پانی کی بہتر انتظام کاری کو یقینی نہ بنایا جائے۔ اور اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے گول نمبر 6 کا ٹارگٹ نمبر 3 بھی آلودہ پانی کی بہتر انتظام کاری سے پانی کے معیار کو بہتر بناتے ہوئے غیر کشیدہ پانی کے تناسب کو 2030 تک 50 فیصد کم کرنے کے بارے میں ہے۔ آلودہ پانی کی بہتر انتظام کاری ہماری ضرورت بھی ہے اور ہمارا عالمی برادری سے وعدہ بھی، بس ضرورت ہے تو بہتر حکمت عملی اور اس کے موثر اطلاق کی۔

کیا آپ کو معلوم ہے؟

☆ امریکی گھروں میں سالانہ ایک ٹریلین گیلن پانی)ایک امریکی گیلن 3.785 لیٹر کے برابر ہے (رساؤ)Leakage(کی وجہ سے ضائع ہوتا ہے جو کہ ایک کروڑ 10 لاکھ امریکی گھروں کی روزانہ پانی کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔

☆ ترقی یافتہ ممالک میں اوسط 282 لیٹر پانی فی کس استعمال ہوتا ہے جبکہ ترقی پذیر ممالک میں 20 لیٹر فی کس۔

پانی کا دانشمندانہ استعمال کیسے؟

☆ گھروں میں استعمال ہونے والے پانی کا 75 فیصد بیت الخلا / غسل خانہ میں استعمال ہوتا ہے اس لئے نلکوں کو ٹھیک طرح بند کریں اور اگر ٹونٹی ٹپکتی ہے تو اسے ٹھیک کروائیں کیونکہ کسی ایک نلکے سے رسنے والا پانی کا ایک قطرہ روزانہ 30 لیٹر پانی کے ضائع ہونے کا باعث بنتا ہے

☆ دانت صاف کرنے کیلئے ایک گلاس پانی کا استعمال کریں ایسا کرنے سے 5 سے 10 لیٹر پانی فی منٹ بچایا جا سکتا ہے۔

☆ جب آپ شیو کر رہے ہوں یا منہ دھو رہے ہوں تو سینک میں پانی جمع کر لیں یوں آپ 12 لیٹر پانی فی منٹ بچا سکتے ہیں۔

☆ نہاتے وقت جب آپ صابن استعمال کر رہے ہوں تو شاور کو بند کر دیں ،آپ 150 لیٹر پانی فی شاور بچا سکتے ہیں۔

☆ 10 منٹ کی بجائے 5 منٹ شاور لینے سے 48 لیٹر پانی بچ سکتا ہے۔

☆ نہانے کے ٹب کو پورا بھرنے کی بجائے آدھا یا اس سے کم بھرنے سے 46 لیٹر پانی فی غسل بچایا جا سکتا ہے۔

☆ سردیوں میں جب آپ نہانے کیلئے شاور کھول کر گرم پانی کے انتظار میں پانی کو بہنے دیتے ہیں اگر آپ گرم پانی کے آنے سے پہلے تک بہہ جانے والے پانی کو جمع کر لیں تو اس سے آپ 15 سے 25 لیٹر پانی فی منٹ بچا سکتے ہیں اور یہ پانی گھروں کی صفائی، پودوں کو پانی دینے، گاڑی یا موٹر سائیکل دھونے وغیرہ میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

☆ شاور سے لیک ہونے والے فی منٹ 10 قطرے سال بھر میں 1893 لیٹر پانی کے بے مصرف بہہ جانے کا باعث بنتے ہیں۔

☆ فلش ٹینک میں بوتل یا پتھر یا اینٹ رکھ دیں ایسا کرنے سے اس سے ٹینک کے حجم میں کمی واقع ہو گی اور ٹینک میں پانی کم مقدار میں آئے گا۔ یوں آپ فی فلش تین سے چار لیٹر کم پانی استعمال کریں گے۔

☆ فلش کے خراب ہونے کے باعث پانی کے مسلسل بہنے سے سالانہ 275578 لیٹر پانی ضائع ہو جاتا ہے۔

☆ استعمال شدہ ٹشو پیپر یا ٹوائلٹ پیپر کو فلش میں پھینکنے کی بجائے کچرہ دان میں ڈالیئے ،آپ 6 سے 12 لیٹر پانی ہر بار بچا سکیں گے۔

گھریلو امور میں پانی کی بچت کی ٹپس

☆ جب کپڑے مشین کے پورے ٹب کے بھرنے جتنے ہو جائیں تب دھوئیں، اس سے 57 سے 170 لیٹر پانی فی لوڈ بچے گا

☆ کھلے نلکے کے نیچے 10 منٹ تک برتن دھونے سے 100 لیٹر پانی استعمال ہوتا ہے۔ لہذا برتن دھونے کے لئے کسی باؤل میں صابن یا لیکویڈ کا پانی تیار کر لیں اور اس پانی سے برتن صاف کرنے کے بعد سینک کے ٹب میں پانی جمع کر کے اس سے برتن صاف کر لیں۔

☆ سبزیاں اور پھل نلکے کے نیچے دھونے کی بجائے کسی برتن میں پانی لے کر اس میں ڈبو کر دھو لیں۔

☆ فریزر کی جمی ہوئی چیز کو نلکے کے نیچے پگھلانے کی کوشش نہ کریں بلکہ استعمال سے کافی پہلے فریزر سے باہر نکال کر رکھ دیں یا پھر ایک دن پہلے اسے فریزر سے فریج میں منتقل کر دیں۔

☆ پودوں کو سیلابی طریقہ سے پانی دینے کی بجائے قطراتی طریقہ کار کے ذریعے پانی دیں۔

☆ دن کے وقت لان کو پانی دینے سے گرمی اور ہوا کے باعث 20 سے 25 فیصد پانی بخارات بن کر اڑ جاتا ہے اس لئے پانی دن کے آغاز کے حصہ میں دیں اور وہ بھی جب ضرورت ہو۔

☆ گاڑی پائپ سے دھونے کی بجائے بالٹی میں پانی لے کر دھوئیں ۔ اور اگر پائپ سے گاڑی دھونی ہے تو پائپ کے منہ پر پریشر نوزل لگا کر دھوئیں۔ کیونکہ بغیر نوزل پائپ سے گاڑی دھونے پر 100 سے 300 لیٹر پانی خرچ ہوتا ہے اور بالٹی سے 10 تا 30 لیٹر۔

عالمی برادری کا افغان طالبان کو انتباہ

اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل کے اجلاس میں عالمی برادری نے افغان طالبان کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی سرپرستی میں افغانستان دہشت گردوں کا مرکز بن چکا ہے، اِس کا اثر نہ صرف خطے بلکہ عالمی سطح پر بھی محسوس کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں متعدد ممالک کے مندوبین اور نمائندگان نے طالبان کے اقدامات کی شدید مذمت کی، امریکی مندوب نے سخت تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں دہشت گردی کے خاتمے کے لئے فوری اور ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے۔ چین کے نمائندے نے واضح کیا کہ طالبان کو دہشت گرد گروہوں کے خاتمے میں مؤثر کردار ادا کرنا چاہئے، کیونکہ افغانستان میں دہشت گردوں کی سرگرمیاں پورے خطے کے لئے سنگین خطرہ بن چکی ہیں۔ اِسی اجلاس میں ڈنمارک نے طالبان حکومت کے اقدامات کو دہشت گرد حملوں میں اضافے کی وجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان پالیسیوں سے دہشت گردی کو تقویت مل رہی ہے، افغان حکام کو القاعدہ، تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) سمیت دیگر دہشت گرد گروہوں کے خاتمے کے لئے عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ پانامہ کے نمائندے نے افغان سرزمین سے ہونے والے مسلح واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اِس صورتحال کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایران نے افغانستان کو دہشت گردی کے لئے استعمال ہونے سے روکنے کا مطالبہ کرتے ہوئے زور دیا کہ افغان عبوری حکومت کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی تاکہ افغانستان دوبارہ عالمی اَمن کے لئے خطرہ نہ بن سکے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کو دہشت گرد حملوں کے ناقابلِ تردید ثبوت پیش کر چکا ہے جس میں ان گروپوں کی پشت پناہی کی تفصیلات بھی موجود ہیں۔ پاکستان کا کہنا ہے کہ افغان انتظامیہ کی پالیسیوں کی وجہ سے پورا خطہ دہشت گردی کی لپیٹ میں آ گیا ہے۔ اجلاس میں عالمی برادری نے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرے اور دہشت گرد گروہوں کی سرپرستی کے بجائے اَمن کے قیام کے لئے اقدامات کرے۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے سکیورٹی کونسل کے اِسی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کو پاکستان کی قومی سلامتی کے لئے سب سے بڑا خطرہ قرار دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ افغانستان ایک بار پھر مختلف دہشت گرد گروہوں اور اُن کے پراکسی عناصر کے لئے محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے جس کے سب سے زیادہ اثرات پاکستان پر پڑ رہے ہیں، داعش خراسان، القاعدہ اور ٹی ٹی پی کے علاوہ بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) اور مجید بریگیڈ سمیت مختلف تنظیمیں افغانستان کی سرزمین سے فائدہ اُٹھا رہی ہیں۔ پاکستانی مندوب کا مزید کہنا تھا کہ افغانستان میں موجود درجنوں دہشت گرد کیمپ سرحد پار حملوں، خودکش کارروائیوں اور دیگر تشدد آمیز واقعات کو آسان بنا رہے ہیں، جو پاکستان کے لئے شدید سیکورٹی چیلنج ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے بھی ترکمانستان کے دارالحکومت اشک آباد میں دو روز قبل عالمی اَمن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ دہشت گردی کا نیا خطرہ افغان سرزمین سے سر اُٹھا رہا ہے، عالمی برادری افغان حکومت پر ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے زور ڈالنا چاہئے۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق چند روز قبل کابل یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے ایک اہم اجلاس میں افغان علماء، مشائخ اور سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے بیرونِ ملک کسی بھی قسم کی عسکری سرگرمی کو سختی سے مسترد کیا۔ اجلاس میں اِس بات پر اتفاق کیا گیا کہ افغانستان کی سرزمین سے باہر عسکری کارروائیاں کرنے والا کوئی بھی فرد ریاست کا باغی تصور کیا جائے۔ اِس اجلاس میں ملک بھر سے ایک ہزار سے زائد علماء نے شرکت کی اور مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے اعلامیے پر عملدرآمد کو حکومت کی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے افغان حکام کو ہدایت کی کہ وہ اپنی سرزمین کو کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال ہونے سے روکیں، افغانستان کی خودمختاری کا تحفظ یقینی بنائیں اور ہر اُس عسکری سرگرمی کا سدِباب کریں جو ملک کو علاقائی تنازعات میں ملوث کر سکتی ہو۔ شرکاء نے حکومت پر زور دیا کہ کسی بھی ممکنہ خلاف ورزی کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں تاکہ افغانستان میں امن و استحکام قائم رکھا جا سکے۔

پاکستان افغان حکومت پر مسلسل زور دیتا آ رہا ہے کہ وہ سرحد پار دراندازی کو روکے اور اپنی سرزمین پر قائم دہشت گردوں، بالخصوص تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، کی پناہ گاہوں کا خاتمہ کرے، تاہم افغان حکام نے ہمیشہ اس معاملے پر ٹال مٹول سے کام لیا۔ اِسی دوران پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوتا چلا گیا، افغان سرزمین سے نہ صرف مسلح جتھے پاکستانی چیک پوسٹوں پر حملے کرتے ہیں بلکہ غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کی سہولت کاری کے ذریعے بھی مختلف طریقوں سے سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ مختلف آپریشنز کے دوران ہلاک ہونے والوں یا خودکش حملہ آوروں میں بڑی تعداد افغان شہریوں کی تھی، گزشتہ چند برسوں کے دوران ہونے والی بیشتر دہشت گرد کارروائیوں میں یا تو افغان شہری ملوث پائے گئے یا پھر وہ غیر ملکی عناصر جو پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم تھے۔ اسی صورتحال کے پیشِ نظر پاکستان نے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کو واپس بھیجنے کا عمل شروع کیا۔ افغان حکومت کی خواہش تھی کہ افغان مہاجرین کی واپسی اُن کی مرضی کے مطابق کی جائے، جس کا دراصل مقصد یہ تھا کہ ان کو واپس بھیجا ہی نہ جائے لیکن ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں مسلسل اور تشویشناک اضافے کے باعث پاکستان اس سہولت کو مزید جاری رکھنے کا متحمل نہیں ہوسکتا تھا۔ ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گزشتہ ماہ ایک پریس بریفنگ میں بتایا تھا کہ 2024ء اور 2025ء کے دوران اب تک مجموعی طور پر 13 لاکھ سے زائد افغان شہریوں کو اُن کے وطن واپس بھیجا جا چکا ہے، جبکہ صرف رواں سال نومبر کے مہینے میں دو لاکھ سے زائد افغانیوں کی واپسی عمل میں لائی گئی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا تھا کہ افغان طالبان حکومت پاکستان مخالف دہشت گردوں کو پناہ، سہولت اور معاونت فراہم کر رہی ہے، اور یہ سرگرمیاں نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے اَمن کے لئے سنگین خطرہ بن چکی ہیں۔

آئی ایم ایف کو پیٹرولیم مصنوعات پر 5 روپے اضافی کاربن لیوی عائد کرنے کی یقین دہانی

افغان مہاجرین کی واپسی کے معاملے کے علاوہ افغان حکومت کی جانب سے اپنے ملک میں موجود دہشت گردوں اور اُن کی پناہ گاہوں کے خلاف کسی قسم کی مؤثر کارروائی نہ کیے جانے کے باعث دونوں ممالک کے تعلقات بتدریج کشیدہ ہوتے چلے گئے۔ اِس دوران بارڈر کراسنگ کے مقامات پر افغان سرحدی فورسز کی جانب سے پاکستانی سیکورٹی فورسز پر فائرنگ کے واقعات بھی پیش آئے۔ صورتحال اُس وقت سنگین شکل اختیار کر گئی جب رواں سال اکتوبر میں افغانستان کی جانب سے پاکستانی چوکیوں پر حملے کیے گئے۔ پاکستان نے اِن حملوں کا بھرپور جواب دیا اور اِس کے بعد پاک افغان سرحد بند کر دی گئی۔ سرحدی جھڑپیں جنگ کی صورتحال اختیار کرتی نظر آ رہی تھیں کہ دوست ممالک قطر اور ترکیہ نے پاکستان سے جنگ بندی کی درخواست کی جسے پاکستان نے مان لیا، دونوں ممالک نے ثالثی کا کردار ادا کیا لیکن مذاکرات نتیجہ خیز نہیں ہو سکے، کیونکہ طالبان وفد زبانی کلامی گفتگو پر اکتفا کرنا چاہتا تھا، کسی قسم کا تحریری معاہدہ کرنے پر تیار نہیں تھا۔ جو حقیقت افغان حکومت دیکھنا نہیں چاہتی، وہ اقوام متحدہ کے رکن ممالک کو واضح طور پر نظر آ رہی ہے اِسی لئے وہ افغانستان کو بارہا اِس جانب متوجہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اب تو افغانستان کے اندر سے بھی آوازیں بلند ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ علماء و مشائخ کے حالیہ اجلاس کا اعلامیہ اِس بات کا واضح ثبوت ہے کہ افغان سرزمین دہشت گردی کے لئے استعمال ہو رہی ہے۔ پاکستان اور عالمی برادری کا بھی یہی موقف ہے اور مطالبہ ہے کہ افغان حکام اِس دہشت گردی کا راستہ روکیں۔ افغان حکومت کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہئے، اسے یہ سمجھنا چاہئے کہ امن قائم ہوگا تو ہی اس کے لئے بھی آگے بڑھنے کے راستے کھلیں گے، دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے ایک دوسرے کے مخالف نہیں بلکہ ساتھ کھڑا ہونا ہو گا۔

یہ فیصلہ کہاں پہنچائے گا؟

ڈاکٹر فاروق عادل

فیض احمد فیض اور فیض حمید کا ذکر ایک ساتھ کرتے ہوئے حیا آتی ہے لیکن اس سے مفر نہیں ہے۔ فیض حمید کو سزا ہوئی تو ایک سوال ذہن میں سرسرایا۔ فیض صاحب نے بڑی حسرت سے پوچھا تھا ؎

کب ٹھہرے گا درد اے دل، کب رات بسر ہوگی
سنتے تھے وہ آئیں گے سنتے تھے سحر ہوگی
کب جان لہو ہوگی کب اشک گہر ہوگا
کس دن تری شنوائی اے دیدتر ہوگی
کب مہکے گی فصل گل، کب بہکے گا مے خانہ
کب صبح سخن ہوگی کب شام نظر ہوگی

کیا صبح سخن کا سورج طلوع ہو چکا اور وہ حسین شام ہماری دسترس میں آیا چاہتی ہے جس کی آرزو ہمارے شاعر نے کی تھی؟ اس سوال کا جواب تو میرے پاس نہیں لیکن کچھ ایسا ضرور ہو گیا ہے جس کی توقع نہیں تھی۔ اس لیے فیض حمید کے خلاف کورٹ جنرل مارشل کے فیصلے پر نہ بغلیں بجانے کی ضرورت ہے اور نہ گہری اداسی میں ڈوب کر مایوس ہو جانے کی بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کروٹ کو سمجھنے کی کوشش کی جائے جو ابھی ابھی تاریخ نے ہماری آنکھوں کے عین سامنے لی ہے لہٰذا سوال یہ ہے کہ اس واقعے کا پیغام کیا ہے اور یہ کن عوامل کا پیش خیمہ ثابت ہوگا؟

اس سوال کا جواب نہیں مل سکتا اگر تاریخ ہی کے ایک اور واقعے کی تفہیم نہ ہو جائے جو اس واقعے سے متصل قبل رونما ہوا تھا۔ میرا اشارہ واقعات کے اس سلسلے کی جانب ہے جن کا آغاز 2014ء کے دھرنے سے ہوا تھا۔ اسی واقعے کی ایک اور کڑی ہے جس میں فیض حمید جسٹس شوکت صدیقی سے یہ کہتے ہوئے پائے گئے تھے کہ میرٹ پر فیصلہ کر کے کہیں میری دو برس کی سرمایہ کاری کو تباہ نہ کر دینا۔ ان دو واقعات کے ذکر سے میری رائے میں ہمیں وہ بنیاد میسر آ گئی ہے جس کی مدد سے تاریخ کی اس کروٹ کو سمجھنا ممکن ہوسکتا ہے۔

بانی تحریک انصاف اور ان کے سیاسی کزن طاہر القادری ڈی چوک پر دھرنا دینے میں کامیاب ہو گئے تو ڈاکٹر شاہد حسن صدیقی نے ایک بات کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ ان دونوں سیاسی کزنوں نے پاکستان کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اسے امریکا کے سامنے پھینک دیا ہے۔ اب سی پیک کو ماضی کا قصہ سمجھو۔ اس وقت یہ بات سمجھنی مشکل تھی کہ امریکی ڈرون حملوں کے خلاف آواز اٹھانے والا شخص امریکا کا خدمت گار کیسے ہوسکتا ہے لیکن ٹھیک چار برس کے بعد یہ بات اس وقت حقیقت بن گئی جب بانی تحریک انصاف نے حکومت میں آتے ہی پاکستان کی معاشی شاہ رگ یعنی سی پیک کے خلاف پروپیگنڈے کا فلڈ گیٹ کھولا، اس کے بعد اس پر عملاً کام بند کرا دیا۔

کیا یہ میلہ صرف دیہاتی کا رومال چرانے یعنی صرف سی پیک کو تباہ کرنے کے لیے سجایا گیا تھا؟ حقیقت صرف اتنی نہیں ہے۔ فیض حمید نے جسٹس شوکت صدیقی کو دھمکی دیتے ہوئے جس سرمایہ کاری کے ضائع ہو جانے کا خدشہ ظاہر کیا تھا، اس کا تعلق پاکستان میں پیدا ہونے والے اس سماجی و سیاسی شعور سے تھا جس کے نتیجے میں میثاق جمہوریت وجود میں آیا تھا، بانی تحریک انصاف نے جسے مک مکا اور باریاں لگانے کا توہین آمیز عنوان بنا دیا تھا۔

میثاق جمہوریت ممکن ہے کہ کوئی مثالی معاہدہ نہ رہا ہو اور اس پر دستخط کرنے والوں سے اس پر عمل درآمد میں کچھ غلطیاں بھی سرزد ہوئی ہوں لیکن یہ میثاق نشان منزل ضرور تھا جس کے نتیجے میں قوم ایک ایسے استحکام کی منزل پر پہنچ سکتی تھی جو سیاست سے ہوتا ہوا معیشت تک پہنچتا اور بالآخر قوموں کی برادری میں اس کا سر بلند کر دیتا۔ ایسا ہو جاتا تو اس قوم کو اس آزمائش سے بھی نجات مل جاتی جس کا سامنا اسے ہر دس پندرہ برس کے بعد کرنا پڑتا تھا اور وہ جاں گسل مراحل سے گزر کر فیض صاحب کی زبان میں ایک روشن صبح کے انتظار میں بیٹھ جاتی تھی لیکن یہ منظور نہ تھا لہٰذا دو سال کی محنت یا سرمایہ کاری کے ذریعے وہ سب کیا گیا جو ہمارے قومی حافظے کی ایک دل خراش یاد ہے۔

دو برس کی محنت رنگ لے آئی تو بانی تحریک انصاف کی قیادت میں ایک ایسا نظام وجود میں آ گیا جس میں وہ صبح موعود خواب و خیال ہو گئی اور ایک ایسا ہائبرڈ نظام وجود میں آیا جس کا مقصد اس ملک کو بہ تدریج یک جماعتی آمریت کی طرف لے جانا تھا جس کی سرپرستی فیض حمید جیسے خود سر لوگوں کے ہاتھ میں ہوتی۔ اس منزل کی طرف سفر جاری رہتا اگر بانی تحریک انصاف اور ان کے سرپرستوں کے ہاتھوں کشمیر پھسل نہ جاتا۔

نریندر مودی نے مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت تبدیل کی تو بانی تحریک انصاف کی حکومت نے اس میں سہولت کاری کی یعنی عوام کو مطمئن رکھنے کے لیے رسمی سا احتجاج کیا لیکن عالمی سطح پر عملاً کسی اقدام سے گریز کیا۔ اسی دور میں ٹی ٹی پی کے لوگوں کو پاکستان میں لا کر

غلام حیدر شیخ صاحب کی جدائی: ایک فکری نقصان

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی-قلم حق

کچھ شخصیات ایسی ہوتی ہیں جو خاموشی سے اپنی جگہ بنا لیتی ہیں اور پھر ان کی جدائی ایک خلا چھوڑ جاتی ہے جو مدتوں محسوس ہوتا رہتا ہے۔ غلام حیدر شیخ صاحب بھی انہی شخصیات میں شامل تھے جن کا وجود لفظوں، اخلاق اور کردار کی صورت میں ہمیشہ زندہ رہے گا۔ غلام حیدر شیخ صاحب نہایت خوش اخلاق، شفیق اور ملنسار انسان تھے۔ ان کی گفتگو میں نرمی، لہجے میں وقار اور انداز میں شائستگی نمایاں ہوتی تھی۔ وہ اختلافِ رائے کو بھی تحمل اور احترام کے ساتھ قبول کرتے تھے، جو آج کے دور میں ایک نایاب وصف بن چکا ہے۔ ان کی شخصیت محض ایک لکھاری کی نہیں بلکہ ایک سچے انسان کی عکاس تھی۔ بطور لکھاری غلام حیدر شیخ صاحب کا اپنا ایک منفرد اسلوب تھا۔ وہ لفظوں کو صرف جوڑتے نہیں تھے بلکہ ان میں احساس، درد اور فکر بھی سمو دیتے تھے۔ ان کی تحریروں میں سچائی کی خوشبو اور معاشرتی شعور کی جھلک صاف محسوس کی جا سکتی تھی۔ وہ قلم کو ذمہ داری سمجھ کر استعمال کرتے تھے، نہ کہ محض شہرت یا داد کے لیے۔ ان کی علمی و ادبی خدمات کا دائرہ وسیع تھا۔ وہ تاریخ، سماج، اخلاقیات اور انسانی رویّوں پر گہری نظر رکھتے تھے۔ ان کے مضامین اور تحریریں قاری کو سوچنے پر مجبور کر دیتی تھیں اور اکثر ایک نئے زاویے سے حقیقت کو دیکھنے کا موقع فراہم کرتی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے قارئین ان سے فکری وابستگی محسوس کرتے تھے۔ میرا غلام حیدر شیخ صاحب سے تعلق ذاتی ملاقات کا نہیں تھا، لیکن اس کے باوجود ایک قربت اور اپنائیت کا احساس ہمیشہ موجود رہا۔ پہلی بار ان سے ای میل کے ذریعے رابطہ ہوا، جس پر انہوں نے نہایت خوش دلی اور توجہ سے جواب دیا۔ یہی پہلا تاثر ان کی اعلیٰ ظرفی اور عاجزی کو ظاہر کرنے کے لیے کافی تھا۔ اس ابتدائی رابطے کے بعد ہمارا تعلق واٹس ایپ اور فون کالز کے ذریعے مضبوط ہوتا چلا گیا۔ وہ ہر پیغام کا جواب توجہ سے دیتے، خیریت دریافت کرتے اور گفتگو کو بامقصد رکھنے کی کوشش کرتے۔ ان کا انداز یہ ثابت کرتا تھا کہ وہ تعلقات کو نبھانا جانتے تھے اور لوگوں کو اہمیت دینا ان کی فطرت میں شامل تھا۔ بدقسمتی سے جب غلام حیدر شیخ صاحب برطانیہ تشریف لائے تو ہماری ملاقات ممکن نہ ہو سکی۔ وقت اور حالات نے یہ موقع نہ دیا، جو آج ایک حسرت بن کر دل میں رہ گیا ہے۔ بعد ازاں جب میں نے ان سے رابطہ کیا تو معلوم ہوا کہ وہ واپس جا چکے ہیں، مگر ان کا یہ جملہ کہ "ان شاء اللہ رابطہ قائم رہے گا" آج بھی یادوں میں گونجتا ہے۔ ان کی زندگی سادگی، وقار اور مقصدیت کا حسین امتزاج تھی۔ وہ خودنمائی سے دور رہتے تھے اور خاموشی سے اپنا کام کرتے رہتے تھے۔ یہی خاموش خدمت اور بے لوث رویہ انہیں دوسروں سے ممتاز کرتا تھا۔ وہ کم بولتے تھے مگر جب بولتے تو بات دل میں اتر جاتی تھی۔ غلام حیدر شیخ صاحب کی تحریروں میں اخلاقی اقدار کا گہرا عکس نظر آتا تھا۔ وہ معاشرے کی خرابیوں کی نشاندہی ضرور کرتے تھے مگر مایوسی نہیں پھیلاتے تھے۔ ان کا انداز اصلاحی تھا، تنقیدی ضرور مگر تلخ نہیں۔ وہ قلم کو زخم دینے کے بجائے مرہم بنانے کے قائل تھے۔ ان کی وفات صرف ایک فرد کی جدائی نہیں بلکہ ایک فکری نقصان بھی ہے۔ ایسے لوگ کم ہوتے جا رہے ہیں جو علم اور اخلاق کو یکجا کر سکیں۔ غلام حیدر شیخ صاحب نے اپنی زندگی میں یہ ثابت کیا کہ علم اگر کردار سے جڑ جائے تو وہ معاشرے کے لیے روشنی بن جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو فانی بنایا ہے اور موت ایک ایسی حقیقت ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ قرآنِ مجید میں ارشاد ہے: "ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے، پھر تم ہماری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے۔" یہ آیت انسان کو یاد دلاتی ہے کہ اصل کامیابی دنیا کی نہیں بلکہ آخرت کی ہے۔ غلام حیدر شیخ صاحب کی زندگی اس بات کی گواہ تھی کہ وہ اپنی آخرت کی بھی فکر رکھتے تھے۔ ان کا طرزِ عمل، ان کی گفتگو اور ان کی تحریریں ایک ذمہ دار مسلمان اور باشعور انسان کی عکاسی کرتی تھیں۔ وہ دین اور دنیا کے توازن کو سمجھتے تھے اور اسی توازن کے ساتھ زندگی گزارتے رہے۔ رسولِ اکرم ﷺ کا فرمان ہے: "جب انسان فوت ہو جاتا ہے تو اس کے اعمال منقطع ہو جاتے ہیں سوائے تین چیزوں کے: صدقہ جاریہ، وہ علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے، اور نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے۔" غلام حیدر شیخ صاحب کا علم اور ان کی تحریریں یقیناً ان کے لیے صدقہ جاریہ ہیں۔ ان کے چاہنے والوں اور قارئین کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کے کام کو آگے بڑھائیں، ان کی فکر کو زندہ رکھیں اور ان کے چھوڑے ہوئے پیغام کو پھیلائیں۔ یہی کسی بھی لکھاری کے لیے سب سے بڑا خراجِ عقیدت ہوتا ہے۔ غلام حیدر شیخ صاحب کے اہلِ خانہ کے لیے یہ لمحہ نہایت کٹھن ہے۔ والد کا سایہ اٹھ جانا ایسا دکھ ہے جس کا مداوا وقت کے سوا کچھ نہیں۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسے باکردار والدین اپنی اولاد کے لیے ہمیشہ ایک زندہ مثال بن کر رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے صاحبزادگان اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور انہیں اپنے والدِ محترم کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق دے۔ ان کے اخلاق، ان کی اقدار اور ان کی خدمت کے جذبے کو آگے بڑھانا ہی اصل وراثت ہے۔ غلام حیدر شیخ صاحب نے اپنی زندگی میں جو بیج بوئے، وہ آنے والے وقت میں ثمر آور ہوں گے۔ ان کے الفاظ، ان کے خیالات اور ان کی دعائیں لوگوں کے دلوں میں زندہ رہیں گی۔ ایسی شخصیات کا بچھڑ جانا ہمیں یہ احساس دلاتا ہے کہ ہمیں بھی اپنے وقت اور صلاحیتوں کا درست استعمال کرنا چاہیے۔ زندگی مختصر ہے مگر اس میں کیے گئے کام انسان کو ہمیشہ کے لیے امر کر سکتے ہیں۔ ان کی یاد، ان کا نام اور ان کا کام ہمیشہ زندہ رہے گا، اور وہ اپنے پیچھے ایک ایسی روشن مثال چھوڑ گئے ہیں جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنے گی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ غلام حیدر شیخ صاحب کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اگلا الیکشن جیتنے کا دعویٰ

ایم جے گوہر

ڈی جی آئی ایس پی آر نے ایک اہم پریس کانفرنس میں بڑے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ فوج کے خلاف عوام کو بھڑکانے اور خلیج پیدا کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ ملک کو درپیش مختلف چیلنجز اور اپوزیشن جماعت پی ٹی آئی کی سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے ان کے بیانیے کو قومی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔

دہشت گردی اور فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف پاک فوج کی قربانیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کا بجا طور پر کہنا تھا کہ ہمارے جوان اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہید ہو رہے ہیں اور اگر کوئی فرد پاک فوج اور اس کی قیادت کو ہدف تنقید بناتا ہے تو یہ عمل ناقابل قبول ہے۔ 9 مئی کے حوالے سے ان کا موقف تھا کہ یہ تخریب کاری سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ تھی اور اس حوالے سے مقدمات فوجی عدالتوں میں نمٹا دیے گئے ہیں جب کہ سول عدالتوں میں ابھی زیر سماعت ہیں۔

ڈی جی آئی ایس پی آر نے اپنی پریس کانفرنس میں جو باتیں کی ہیں وہ اپنے اندر سنجیدہ غور وفکر کا بہت سامان رکھتی ہیں۔ جاری ملکی صورت حال میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے پاک فوج کا کردار نہ صرف اندرون وطن بلکہ بیرونی دنیا میں بھی سراہا جاتا ہے کہ ہمارے جوان گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خاتمے، ملکی سلامتی، قومی دفاع اور تحفظ کے لیے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔

بھارت کے خلاف 10 مئی کو معرکہ حق میں فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی قیادت میں جو کامیابی حاصل کی اور بھارت کی مودی سرکار کو جس شرمناک اور عبرت ناک شکست سے دوچار کیا، اسے پوری دنیا نے تسلیم کیا اور پاک فوج اور پاک وطن کے وقار میں عالمی سطح پر جو اضافہ ہوا، اس نے بھارت کو سخت شرمندگی اور ندامت سے دوچار کر دیا ہے۔ اب مودی سرکار نے انتقامی جذبے کے تحت افغانستان کی سرزمین استعمال کر کے پاکستان پر فتنہ الہندوستان کی شکل میں جو پراکسی وار شروع کر رکھی ہے، اسے بھی پاک فوج کے ہاتھوں عبرت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔

جہاں تک بات قومی سلامتی کے خلاف سیاسی حوالے سے اپوزیشن کے بیانیے کی ہے تو اس پر ملک کے سیاسی وصحافتی حلقوں میں ایک بحث کی جا رہی ہے۔ بعض حلقے پی ٹی آئی کی شدت پسندانہ سوچ رکھنے والے عناصر کے خلاف سخت ایکشن کے حامی ہیں۔ چوں کہ معاملہ قومی سلامتی کا ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ سیاست اور جمہوریت میں ہر سیاسی جماعت کو اختلاف رائے رکھنے کا حق حاصل ہے لیکن قومی سلامتی اور دفاع وطن اور ریاست پاکستان کے حوالے سے کسی بھی سطح پر منفی سوچ کی پذیرائی نہیں کی جاسکتی۔

ریاست کے تمام اداروں کو آئین وقانون کے مطابق اپنے فرائض و ذمے داریاں ادا کرنی چاہئیں۔ تمام سیاسی جماعتوں، حکومت اور اپوزیشن کو دستور میں دیے گئے دائرہ کار کے اندر رہ کر اپنی سرگرمیاں اور ذمے داریاں ادا کرنی چاہئیں تاکہ ٹکراؤ، رنجشیں اور کشیدگی جنم نہ لے بلکہ باہمی اعتماد و اتحاد کا تعلق قائم رہے۔ افہام و تفہیم سے غلط فہمیوں کا ازالہ کیا جانا چاہیے۔ اسی میں ملک اور قوم کی بہتری اور بھلائی ہے اور یہی ترقی و خوشحالی کا زینہ ہے۔

ادھر وزیراعظم میاں شہباز شریف نے دعویٰ کیا ہے کہ شان دار کارکردگی سے اگلا الیکشن جیتیں گے۔ ہمارے حکمرانوں کی خوش فہمی کا راز تو آئی ایم ایف کی کرپشن پر جاری حالیہ رپورٹ نے طشت ازبام کر دیا ہے۔ معاشی ترقی کے دعوؤں کا پول کھول دیا ہے۔ حکومتی حلقوں کی اجارہ داری کا راز فاش کر دیا ہے۔ عدالتی نظام کی کمزوریوں سے لے کر عوام الناس کی مجبوریوں تک کی حالت زار عیاں کر دی ہے۔

ایک فرانسیسی ادارے اپسوس نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں مہنگائی کو پاکستانیوں کا سب سے بڑا اور بے روزگاری کو دوسرا بڑا مسئلہ قرار دے کر حکومت کے دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے۔ تنخواہ دار طبقے سے لے کر پنشنرز اور عام آدمی تک سب حکومت کی کارکردگی سے نالاں اور شکوہ طراز ہیں۔ تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پٹرول، بجلی و گیس کی قیمتوں میں برق رفتار اضافے نے عام آدمی سے اس کے منہ کا نوالہ چھین لیا ہے۔ تنخواہ دار ملازم پیشہ لوگ اور بوڑھے پنشنرز سب سے زیادہ بدحال اور پریشان ہیں۔ بالخصوص ای او بی آئی پنشنرز جنھیں صرف 12 ہزار ماہانہ پنشن ملتی ہے جو اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے۔

پنشنرز سراپا احتجاج ہیں کہ ان کی ماہانہ پنشن کو کم از کم 40 ہزار تنخواہ کے برابر کیا جائے اور ہر سالانہ بجٹ میں دیگر پنشنرز کے ساتھ ساتھ ان کی پنشن میں بھی اضافہ کیا جانا چاہیے۔ کیا حکمران ای او بی آئی پنشنرز کی فریاد سننا اور ان کے مطالبے کی تکمیل کے لیے کوئی مناسب حکم صادر فرمائیں گے؟ اگلا الیکشن جیتنے کے لیے لازم ہے کہ حکومت سب سے زیادہ ٹیکس دینے والے تنخواہ دار طبقے اور پنشنرز کے مسائل حل کرے، مہنگائی، بے روزگاری کے خاتمے کے لیے جنگی بنیادوں پر اقدامات کریں۔

ڈی جی آئی ایس پی آر نے ایک اہم پریس کانفرنس میں بڑے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ فوج کے خلاف عوام کو بھڑکانے اور خلیج پیدا کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ ملک کو درپیش مختلف چیلنجز اور اپوزیشن جماعت پی ٹی آئی کی سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے ان کے بیانیے کو قومی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔

دہشت گردی اور فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف پاک فوج کی قربانیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کا بجا طور پر کہنا تھا کہ ہمارے جوان اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہید ہو رہے ہیں اور اگر کوئی فرد پاک فوج اور اس کی قیادت کو ہدف تنقید بناتا ہے تو یہ عمل ناقابل قبول ہے۔ 9 مئی کے حوالے سے ان کا موقف تھا کہ یہ تخریب کاری سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ تھی اور اس حوالے سے مقدمات فوجی عدالتوں میں نمٹا دیے گئے ہیں جب کہ سول عدالتوں میں ابھی زیر سماعت ہیں۔

ڈی جی آئی ایس پی آر نے اپنی پریس کانفرنس میں جو باتیں کی ہیں وہ اپنے اندر سنجیدہ غور وفکر کا بہت سامان رکھتی ہیں۔ جاری ملکی صورت حال میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے پاک فوج کا کردار نہ صرف اندرون وطن بلکہ بیرونی دنیا میں بھی سراہا جاتا ہے کہ ہمارے جوان گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خاتمے، ملکی سلامتی، قومی دفاع اور تحفظ کے لیے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔

بھارت کے خلاف 10 مئی کو معرکہ حق میں فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی قیادت میں جو کامیابی حاصل کی اور بھارت کی مودی سرکار کو جس شرمناک اور عبرت ناک شکست سے دوچار کیا، اسے پوری دنیا نے تسلیم کیا اور پاک فوج اور پاک وطن کے وقار میں عالمی سطح پر جو اضافہ ہوا، اس نے بھارت کو سخت شرمندگی اور ندامت سے دوچار کر دیا ہے۔ اب مودی سرکار نے انتقامی جذبے کے تحت افغانستان کی سرزمین استعمال کر کے پاکستان پر فتنہ الہندوستان کی شکل میں جو پراکسی وار شروع کر رکھی ہے، اسے بھی پاک فوج کے ہاتھوں عبرت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔

جہاں تک بات قومی سلامتی کے خلاف سیاسی حوالے سے اپوزیشن کے بیانیے کی ہے تو اس پر ملک کے سیاسی وصحافتی حلقوں میں ایک بحث کی جا رہی ہے۔ بعض حلقے پی ٹی آئی کی شدت پسندانہ سوچ رکھنے والے عناصر کے خلاف سخت ایکشن کے حامی ہیں۔ چوں کہ معاملہ قومی سلامتی کا ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ سیاست اور جمہوریت میں ہر سیاسی جماعت کو اختلاف رائے رکھنے کا حق حاصل ہے لیکن قومی سلامتی اور دفاع وطن اور ریاست پاکستان کے حوالے سے کسی بھی سطح پر منفی سوچ کی پذیرائی نہیں کی جاسکتی۔

ریاست کے تمام اداروں کو آئین وقانون کے مطابق اپنے فرائض و ذمے داریاں ادا کرنی چاہئیں۔ تمام سیاسی جماعتوں، حکومت اور اپوزیشن کو دستور میں دیے گئے دائرہ کار کے اندر رہ کر اپنی سرگرمیاں اور ذمے داریاں ادا کرنی چاہئیں تاکہ ٹکراؤ، رنجشیں اور کشیدگی جنم نہ لے بلکہ باہمی اعتماد و اتحاد کا تعلق قائم رہے۔ افہام و تفہیم سے غلط فہمیوں کا ازالہ کیا جانا چاہیے۔ اسی میں ملک اور قوم کی بہتری اور بھلائی ہے اور یہی ترقی و خوشحالی کا زینہ ہے۔

ادھر وزیراعظم میاں شہباز شریف نے دعویٰ کیا ہے کہ شان دار کارکردگی سے اگلا الیکشن جیتیں گے۔ ہمارے حکمرانوں کی خوش فہمی کا راز تو آئی ایم ایف کی کرپشن پر جاری حالیہ رپورٹ نے طشت ازبام کر دیا ہے۔ معاشی ترقی کے دعوؤں کا پول کھول دیا ہے۔ حکومتی حلقوں کی اجارہ داری کا راز فاش کر دیا ہے۔ عدالتی نظام کی کمزوریوں سے لے کر عوام الناس کی مجبوریوں تک کی حالت زار عیاں کر دی ہے۔

ایک فرانسیسی ادارے اپسوس نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں مہنگائی کو پاکستانیوں کا سب سے بڑا اور بے روزگاری کو دوسرا بڑا مسئلہ قرار دے کر حکومت کے دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے۔ تنخواہ دار طبقے سے لے کر پنشنرز اور عام آدمی تک سب حکومت کی کارکردگی سے نالاں اور شکوہ طراز ہیں۔ تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پٹرول، بجلی و گیس کی قیمتوں میں برق رفتار اضافے نے عام آدمی سے اس کے منہ کا نوالہ چھین لیا ہے۔ تنخواہ دار ملازم پیشہ لوگ اور بوڑھے پنشنرز سب سے زیادہ بدحال اور پریشان ہیں۔ بالخصوص ای او بی آئی پنشنرز جنھیں صرف 12 ہزار ماہانہ پنشن ملتی ہے جو اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے۔

پنشنرز سراپا احتجاج ہیں کہ ان کی ماہانہ پنشن کو کم از کم 40 ہزار تنخواہ کے برابر کیا جائے اور ہر سالانہ بجٹ میں دیگر پنشنرز کے ساتھ ساتھ ان کی پنشن میں بھی اضافہ کیا جانا چاہیے۔ کیا حکمران ای او بی آئی پنشنرز کی فریاد سننا اور ان کے مطالبے کی تکمیل کے لیے کوئی مناسب حکم صادر فرمائیں گے؟ اگلا الیکشن جیتنے کے لیے لازم ہے کہ حکومت سب سے زیادہ ٹیکس دینے والے تنخواہ دار طبقے اور پنشنرز کے مسائل حل کرے

ذمے دار کو سزا دیجیے



ڈاکٹر یونس حسنی

ہمارا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ کسی حادثے کی صورت میں تھوڑی دیر کے لیے جاگتے ہیں، شور و غوغا مچاتے ہیں، ہر طرف ہاہاکار پڑ جاتی ہے مگر پھر سب کچھ ختم ہو جاتا ہے، حالات پرسکون ہو جاتے ہیں اور ہم بڑے سے بڑے حادثے کو گوارا ہی نہیں کرتے، اسے یوں ٹھنڈے پیٹوں برداشت کر لیتے ہیں، جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

یہ صورت حال ننھے ابراہیم کی اذیت ناک موت کے باعث بھی پیدا ہوئی۔ ہر طرف کہرام مچ گیا، اخبارات چلا اٹھے اور ہر طرف سے آہ و بکا کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔ ادھر بچے کے والدین غم سے نڈھال، بدحال اور پریشانی کی مجسم تصویر بنے رہے، خصوصاً والدہ کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ وہ ہوش و حواس کھو بیٹھی تھی اور بس اپنے بچے کی متلاشی تھی، اسے یہ بھی اندازہ نہ تھا کہ وہ جس بچے کی متلاشی ہے، وہ اسے زندہ مل سکے گا یا پھر وہ اس کی لاش ہی پا سکے گی۔

کوئی پندرہ گھنٹے کے بعد بچے کی لاش تقریباً ایک کلو میٹر دور نالے سے برآمد ہوئی اور لاش ایک نوجوان لڑکے کے ہاتھ لگی جو اسے لے کر جائے حادثہ پر پہنچا۔ کہا جاتا ہے کہ جوں ہی پولیس کو لاش مل جانے کی اطلاع ملی انھوں نے نوجوان لڑکے سے لاش حاصل کرنے کی جدوجہد شروع کر دی تاکہ اسے یعنی لاش کو تلاش کرنے کا سہرا اپنے سر باندھ سکیں۔ بہرحال لاش ملی تو ایک طرف بے قرار والدین کو قرار آیا۔ قرار کیا خاک آیا ہوگا، یہ وہ غم ہے جو تاحیات انھیں یاد آتا رہے گا اور جس کی زہرناکی والدین کبھی نہ بھول سکیں گے۔

ابتداً ہر طرف سے مایوسی، گھبراہٹ، بے چینی ہی نظر آتی تھی اور اطمینان کی کوئی صورت پیدا نہیں ہو رہی تھی کہ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے جرأت کا اظہار کیا۔ واقعہ کے دوسرے روز ہی سہی، بچے کے گھر پہنچے، اس کے والدین سے تعزیت کی اور فرمایا کہ بحیثیت میئر کراچی اس حادثے میں غفلت کی ذمے داری کا تعین تو ہوتا رہے گا، البتہ اس کی ذمے داری میں قبول کرتا ہوں اور آپ لوگوں سے معافی کا خواست گار ہوں۔

میئر صاحب پر کوئی دباؤ تھا یا یہ ان کے اندر کی انسانیت کا تقاضا تھا کہ انھوں نے ذمے داری کا تعین ہونے سے قبل ہی اپنی اور اپنے حصے کی ذمے داری کو فراخ دلی سے قبول کیا۔ اس سے ایک طرف بچے کے والدین کی دل جوئی ہوئی اور اس حادثے کے جاں کاہ اثرات کو زائل کرنے کی صورت تو کیا پیدا ہو سکتی تھی بہرحال انسانیت کی ایک کرن نظر آئی اور والدین کو ڈھارس بندھی کہ ان کے غم میں کوئی شریک ضرور ہے۔

اب مختلف سرکاری اور میونسپل ادارے ایک دوسرے پر ذمے داری ڈالنے کے لیے پوری طرح کوشاں ہیں، حکومت سندھ نے ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ایسٹ، ڈی ایس پی نیوٹاؤن اور علاقے کے ایک کانسٹیبل کو معطل کر دیا ہے۔ حکومت سندھ نے ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کر دی ہے، جو اس معاملے میں غفلت برتنے والوں کا تعین کرے گی۔ نہیں کہا جا سکتا کہ غفلت برتنے والوں کا تعین ہو جانے کی صورت میں کسی کو ذمے دار قرار دے کر اسے سزا دی جا سکے گی یا نہیں کیونکہ ہمارے یہاں عموماً کمیٹیاں معاملات کو رفع دفع کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں پھر معاملہ ٹائیں ٹائیں فش ہو کر رہ جاتا ہے۔

اس معاملے کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ جس گٹر میں گر کر بچہ ہلاک ہوا ہے وہ گٹر ایک مارٹ کے بالکل سامنے ہے۔ اب ذمے داری کا تعین شروع ہوتے ہی جب مختلف ادارے ایک دوسرے کو ذمے دار قرار دے رہے ہیں، وہیں ایک موقف یہ ہے کہ مین ہول متعلقہ مال کے سامنے ہے، اگر اس کا ڈھکن کھلا رہ گیا تھا تو یہ مال کی ذمے داری تھی کہ وہ گٹر کی مرمت کرا کے ڈھکن لگواتا، اگر یہ مال انتظامیہ کی ذمے داری قرار دی جائے تو اسے مال کی اخلاقی ذمے داری قرار دیا جا سکتا ہے مگر جو ادارے گٹر کے ڈھکن لگانے کے ذمے دار ہیں ان کو نظرانداز کر کے ایک ''دکان دار'' سے یہ کہنا کہ یہ مین ہول اس کی دکان کے سامنے تھا، اس نے ڈھکن کا انتظام کیوں نہیں کر دیا؟ بہرحال اس منطق پر آپ سر دھن لیجیے اور انتظار کیجیے کہ سرکار کی مقررہ کمیٹی ذمے داری کس ادارے کے سر ڈالتی ہے اور جس کے سر ذمے داری ڈالی جاتی ہے اسے سزا کیا دی جاتی ہے۔

جائے وقوع پر لگے ہوئے کیمرے نے دکھایا ہے کہ گٹر پر ڈھکن لگا ہوا تھا مگر ایک ڈمپر غلط سمت سے آیا تو مین ہول پر سے گزر گیا جس کی وجہ سے گٹر کا ڈھکن ٹوٹ کر نالے میں جا گرا اور مین ہول نے ایک بڑے شگاف کی شکل اختیار کر لی۔ یہ ڈمپر بھی کسی ٹھیکے دار کا تھا جو یہاں ''ترقیاتی'' کام انجام دے رہا تھا۔ اس نے ''ترقیاتی کام'' یہ کیا کہ مین ہول پر لگے ڈھکن کو اکھاڑ پھینکا اور مین ہول کے بجائے اس جگہ ایک بڑا شگاف بن گیا جسے ہول کہنا بھی خلاف عقل ہے۔

مقامی دکان داروں کا کہنا ہے کہ مین ہول کے ڈھکن کا اس طرح ٹوٹ کر نالے میں جا گرنا بھی کئی دن پہلے کی بات ہے اور مین ہول اپنی تباہ شدہ شکل میں پچھلے دس پندرہ دن سے کھلا پڑا تھا۔

بہرحال یہ جن اداروں کی غفلت ہے، ان کی غفلت اور ذمے داری کا تعین کیا جانا ضروری ہے تاکہ غفلت برتنے والوں کو قرار واقعی سزا دی جا سکے۔ اپنے فرائض سے غفلت برتنے کے نتیجے میں ہونے والی موت قتل غیر عمد سے ملتی جلتی چیز ہے اس لیے ذمے داری کا صرف تعین ہی نہیں کیا جائے بلکہ ذمے داران سے اس ''قتل غیر عمد'' کا معاوضہ میت کے متعلقین کو ادا کرایا جائے۔

یہ والدین کی اشک شوئی نہیں بلکہ ہر غفلت برتنے والے کی سزا ہے جو اسے ملنی چاہیے ورنہ لوگ غفلت پر دلیر ہو کر اسے برتا کریں گے اور یوں کوئی کمسن ابراہیم پھر بہیمانہ طور پر موت سے ہم کنار ہوتا رہے گا۔

سال نو کا جشن اور مسلمان

تحریر محمد خالق اورکزئی بیورو چیف)
---مفتی سراج الحق بائیزئی

کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نئے سال کا جشن منایا؟ کیا صحابہ اکرام □ نے آپس میں ایک دوسرے کو نئے سال کی مبارک باد دی؟ کیا تابعین اور تبع تابعین کے زمانے میں اس رسم کو منایا گیا؟ کیا دیگر مسلمان حکمرانوں نے اس کے جشن کی محفلوں میں شرکت کی؟ حالانکہ اس وقت تک اسلام ایران، عراق، مصر، شام اور مشرق وسطیٰ کے اہم ممالک تک پھیل چکا تھا۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب ہر عقل مند شخص نفی میں دے گا۔ پھر آج کیوں مسلمان اس کام کو انجام دے رہے ہیں؟ آخر یہ کس نے ایجاد کیا؟ کون سی قوم نئے سال کا جشن مناتی ہے؟ کیوں مناتی ہے؟ اور اس وقت مسلمانوں کو کیا رویہ اختیار کرنا چاہیے؟ ان چند سطور کے اندر اسی کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دنیا کے تمام مذاہب اور قوموں میں تیوہار اور خوشیاں منانے کے مختلف طریقے ہیں۔ ہر ایک تیوہار کا کوئی نہ کوئی پس منظر ہے اور ہر تیوہار کوئی نہ کوئی پیغام دے کر جاتا ہے، جن سے نیکیوں کی ترغیب ملتی ہے اور برائیوں کو ختم کرنے کی دعوت ملتی ہے؛ لیکن لوگوں میں بگاڑ آنے کی وجہ سے ان میں ایسی بدعات وخرافات بھی شامل کر دی جاتی ہیں کہ ان کا اصل مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ جیسے جیسے دنیا ترقی کی منازل طے کرتی گئی اور مہذب ہوتی گئی انسانوں نے کلچر اور آرٹ کے نام پر نئے جشن اور تیوہار وضع کیے انھیں میں سے ایک نئے سال کا جشن ہے۔ دراصل یہ نئے سال کا جشن عیسائیوں کا ایجاد کیا ہوا ہے، عیسائیوں میں قدیم زمانے سے نئے سال کے موقع پر جشن منانے کی روایت چلتی آرہی ہے، اس کی ایک وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ان کے عقیدے کے مطابق ۲۵/ دسمبر کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش ہوئی، اسی کی خوشی میں کرسمس ڈے منایا جاتا ہے، جس کی وجہ سے پوری دنیا میں جشن کی کیفیت رہتی ہے اور یہی کیفیت نئے سال کی آمد تک برقرار رہتی ہے۔ نئے سال کے جشن میں پورے ملک کو رنگ برنگی لائٹوں اور قمقموں سے سجایا جاتا ہے اور ۳۱/ دسمبر کی رات میں ۱۲/ بجنے کا انتظار کیا جاتا ہے اور ۱۲/ بجتے ہی ایک دوسرے کو مبارک باد دی جاتی ہے، کیک کاٹا جاتا ہے، ہر طرف ہیپی نیو ایئر کی صدا گونجتی ہے، آتش بازیاں کی جاتی ہیں اور مختلف نائٹ کلبوں میں تفریحی پروگرام رکھا جاتا ہے، جس میں شراب و شباب اور ڈانس کا بھرپور انتظام رہتا ہے؛ اس لیے کہ ان کے تفریح صرف دو چیزوں سے ممکن ہے اوّل شراب دوسرے عورت۔ آج ان عیسائیوں کی طرح بہت سے مسلمان بھی نئے سال کے منتظر رہتے ہیں اور ۳۱/ دسمبر کا بے صبری سے انتظار رہتا ہے، ان مسلمانوں نے اپنی اقدار و روایات کو کم تر اور حقیر سمجھ کر نئے سال کا جشن منانا شروع کر دیا ہے؛ جب کہ یہ عیسائیوں کا ترتیب دیا ہوا نظام تاریخ ہے۔ مسلمانوں کا اپنا قمری اسلامی نظام تاریخ موجود ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے مربوط ہے جس کا آغاز محرم الحرام سے ہوتا ہے یہی اسلامی کیلینڈر ہے؛ لیکن افسوس تو یہ ہے کہ ہم میں سے اکثر کو اس کا علم بھی نہیں ہو پاتا۔ آج مسلمان نئے سال کی آمد پر جشن مناتا ہے کیا اس کو یہ معلوم نہیں کہ اس نئے سال کی آمد پر اس کی زندگی کا ایک برس کم ہو گیا ہے، زندگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ ایک بیش قیمتی نعمت ہے اور نعمت کے زائل یا کم ہونے پر جشن نہیں منایا جاتا؛ بل کہ افسوس کیا جاتا ہے۔ گزرا ہوا سال تلخ تجربات، حسیں یادیں، خوشگوار واقعات اور غم و الم کے حادثات چھوڑ کر رخصت ہو جاتا ہے اور انسان کو زندگی کی بے ثباتی اور ناپائیداری کا پیغام دے کر الوداع کہتا ہے، سال ختم ہوتا ہے تو حیات مستعار کی بہاریں بھی ختم ہو جاتی ہیں اور انسان اپنی مقررہ مدت زیست کی تکمیل کی طرف رواں دواں ہوتا رہتا ہے۔ اسی کو شاعر نے کہا ہے: غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے منادی گردوں نے گھڑی عمر کی ایک اور گھٹا دی حضرت عبداللہ ابن مسعود □ فرماتے ہیں کہ میں کسی چیز پر اتنا نادم اور شرمندہ نہیں ہوا جتنا کہ ایسے دن کے گزرنے پر جس کا سورج غروب ہو گیا جس میں میرا ایک دن کم ہو گیا اور اس میں میرے عمل میں اضافہ نہ ہو سکا۔ (قیمۃ الزمن عند العلماء، ص: ۲۷) حسن بصری علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ: اے ابن آدم! تو ایام ہی کا مجموعہ ہے، جب ایک دن گزر گیا تو یوں سمجھ تیرا ایک حصہ بھی گزر گیا۔ (حوالہ بالا) یہ عمر اور زندگی جو ہم کو عطا ہوئی ہے وہ صرف آخرت کی ابدی زندگی کی تیاری کی خاطر عطا ہوئی ہے کہ ہم اس کے ذریعے آنے والی زندگی کو بہتر بنا سکیں اور اپنے اعمال کو اچھا بنا سکیں۔ حضرت علی □ فرماتے ہیں کہ یہ ایام تمہاری عمروں کے صحیفے ہیں، اچھے اعمال سے ان کو دوام بخشو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ"۔ (ترمذی ۲/ ۵۸ قدیمی) ترجمہ: آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضول چیزوں سے بچے۔ یہ مختلف طرح کے جشن یہود و نصاریٰ اور دوسری قوموں میں منائے جاتے ہیں؛ جیسے: مدرز ڈے، فادرز ڈے، ویلنٹائن ڈے، چلڈرنز ڈے اور ٹیچرس ڈے وغیرہ؛ اس لیے کہ ان کے یہاں رشتوں میں دکھاوا ہوتا ہے۔ ماں باپ کو الگ رکھا جاتا ہے، اولاد کو بالغ ہوتے ہی گھر سے نکال دیا جاتا ہے اور کوئی خاندانی نظام نہیں ہوتا؛ اس لیے انہوں نے ان سب کے لیے الگ الگ دن متعین کر رکھے ہیں جن میں ان تمام رشتوں کا دکھلاوا ہو سکے؛ مگر ہمارے یہاں ایسا نہیں ہے اسلام نے سب کے حقوق مقرر کر دیے ہیں اور پورا ایک خاندانی نظام موجود ہے؛ اس لیے نہ ہمیں ان دکھلاووں کی ضرورت ہے اور نہ مختلف طرح طے ڈے منانے کی؛ بل کہ مسلمانوں کو اس سے بچنے کی سخت ضرورت ہے؛ تاکہ دوسری قوموں کی مشابہت سے بچا جا سکے؛ اس لیے کہ ہمارے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو غیروں کی اتباع اور مشابہت اختیار کرنے سے بچنے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: "مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ"۔ (ابوداؤد ۲/ ۲۰۳ رحمانیہ) ترجمہ: جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی تو وہ انھیں میں سے ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس موقع پر مسلمانوں کو کیا رویہ اختیار کرنا چاہیے جو قرآن واحادیث کی روشنی میں صحیح ہو؟ نئے سال سے متعلق کسی عمل کو تلاش کرنے کی کوشش کی تو قرون اولیٰ کا کوئی اور عمل تو مل نہ سکا؛ البتہ بعض کتب حدیث میں یہ روایت نگاہوں سے گذری کہ جب نیا مہینہ یا نئے سال کا پہلا مہینہ شروع ہوتا تو اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک دوسرے کو یہ دعا سکھاتے اور بتاتے تھے: "اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، وَرِضْوَانٍ مِنَ الرَّحْمٰنِ وَجِوَارٍ مِنَ الشَّيْطَانِ" (المعجم الاوسط للطبرانی ۶/ ۲۲۱ حدیث: ۶۲۴۱ دارالحرمین قاہرہ) ترجمہ: اے اللہ اس نئے سال کو ہمارے اوپر امن و ایمان، سلامتی و اسلام اور اپنی رضامندی؛ نیز شیطان سے پناہ کے ساتھ داخل فرما۔ اس دعا کو پڑھنا چاہیے؛ نیز اس وقت مسلمانوں کو دو کام خصوصاً کرنے چاہئیں یا دوسرے الفاظ میں کہ لیجیے کہ نیا سال ہمیں خاص طور پر دو باتوں کی طرف متوجہ کرتا ہے: (۱) ماضی کا احتساب (۲) آگے کا لائحہ عمل۔ ماضی کا احتساب نیا سال ہمیں دینی اور دنیوی دونوں میدانوں میں اپنا محاسبہ کرنے کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ کہ ہماری زندگی کا جو ایک سال کم ہو گیا ہے اس میں ہم نے کیا کھویا اور کیا پایا؟ ہمیں عبادات، معاملات، اعمال، حلال و حرام، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائے گی کے میدان میں اپنی زندگی کا محاسبہ کر کے دیکھنا چاہیے کہ ہم سے کہاں کہاں غلطیاں ہوئیں؛ اس لیے کہ انسان دوسروں کی نظروں سے تو اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کو چھپا سکتا ہے؛ لیکن خود کی نظروں سے نہیں بچ سکتا؛ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: "حَاسِبُوا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُحَاسَبُوا"۔ (ترمذی ۴/ ۲۴۷ ابواب الزہد، بیروت) ترجمہ: تم خود اپنا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تمہارا حساب کیا جائے۔ اس لیے ہم سب کو ایمان داری سے اپنا اپنا مؤاخذہ اور محاسبہ کرنا چاہیے اور ملی ہوئی مہلت کا فائدہ اٹھانا چاہیے؛ اس سے پہلے کہ یہ مہلت ختم ہو جائے۔ اسی کو اللہ جل شانہ نے اپنے پاک کلام میں ایک خاص انداز سے ارشاد فرمایا ہے: "وَأَنْفِقُوا مِنْ مَا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِنَ الصَّالِحِينَ، وَلَنْ يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ"۔ (سورۂ منافقون، آیت/ ۱۰، ۱۱) ترجمہ: اور جو کچھ ہم نے تمھیں دے رکھا ہے، اس میں سے (ہماری راہ میں) اس سے پہلے خرچ کرو کہ تم میں سے کسی کو موت آ جائے تو وہ کہنے لگے اے میرے پروردگار مجھے تو تھوڑی دیر کی مہلت کیوں نہیں دیتا کہ میں صدقہ کروں اور نیک لوگوں میں سے ہو جاؤں۔ اور جب کسی کا وقت مقرر آ جاتا ہے پھر اسے اللہ تعالیٰ ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو اس سے اللہ تعالیٰ اچھی طرح باخبر ہے۔ آگے کا لائحہ عمل اپنی خود احتسابی اور جائزے کے بعد اس کے تجربات کی روشنی میں بہترین مستقبل کی تعمیر اور تشکیل کے منصوبے میں منہمک ہونا ہوگا کہ کیا ہماری کمزوریاں رہی ہیں اور ان کو کس طرح دور کیا جا سکتا ہے؟ دور نہ سہی تو کیسے کم کیا جا سکتا ہے؟ انسان غلطی کا پتلا ہے اس سے غلطیاں تو ہوں گی ہی، کسی غلطی کا ارتکاب تو برا ہے ہی اس سے بھی زیادہ برا یہ ہے کہ اس سے سبق حاصل نہ کیا جائے اور اسی کا ارتکاب کیا جاتا رہے۔ یہ منصوبہ بندی دینی اور دنیوی دونوں معاملات میں ہو جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ، وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ، وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ، وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ، وَحَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ"۔ (مشکوٰۃ المصابیح ۲/ ۴۴۱ کتاب الرقاق) ترجمہ: پانچ چیزوں سے پہلے پانچ چیزوں کو غنیمت جان لو (۱) اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے (۲) اپنی صحت و تندرستی کو بیماری سے پہلے (۳) اپنی مالداری کو فقر و فاقے سے پہلے (۴) اپنے خالی اوقات کو مشغولیت سے پہلے (۵) اپنی زندگی کو موت سے پہلے۔ آخرت کی زندگی کی کامیابی اور ناکامی کا دار و مدار اسی دنیا کے اعمال پر منحصر ہے۔ جیسا کہ ارشاد ربانی ہے: " "۔ (سورۂ نجم، آیت/ ۳۹، ۴۰، ۴۱) ترجمہ: اور ہر انسان کے لیے صرف وہی ہے جس کی کوشش خود اس نے کی، اور بیشک اس کی کوشش عنقریب دیکھی جائے گی، پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہر نیا سال خوشی کے بجائے ایک حقیقی انسان کو بے چین کر دیتا ہے؛ اس لیے کہ اس کو اس بات کا احساس ہوتا ہے میری عمر رفتہ رفتہ کم ہو رہی ہے اور برف کی طرح پگھل رہی ہے۔ وہ کس بات پر خوشی منائے؟ بل کہ اس سے پہلے کہ زندگی کا سورج ہمیشہ کے لیے غروب ہو جائے کچھ کر لینے کی تمنا اس کو بے قرار کر دیتی ہے اس کے پاس وقت کم اور کام زیادہ ہوتا ہے۔ ہمارے لیے نیا سال وقتی لذت یا خوشی کا وقت نہیں؛ بل کہ گزرتے ہوئے وقت کی قدر کرتے ہوئے آنے والے لمحات زندگی کا صحیح استعمال کرنے کے عزم و ارادے کا موقع ہے اور از سر نو عزائم کو بلند کرنے اور حوصلوں کو پروان چڑھانے کا وقت ہے۔ ساتھ ساتھ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو ایک اہم امر کی طرف بھی متوجہ کر دیا جائے کہ مسلمانوں کا نیا سال جنوری سے نہیں؛ بل کہ محرم الحرام سے شروع ہوتا ہے جو ہو چکا ہے اور ہم میں سے اکثروں کو اس کا علم بھی نہیں۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ قمری اور ہجری سال کی حفاظت کریں اور اپنے امور اسی تاریخ سے انجام دیں؛ اس لیے کہ ہماری تاریخ یہی ہے؛ چونکہ ہر قوم اپنی تاریخ کو کسی خاص واقعے سے مقرر کرتی ہے؛ اس لیے مسلمانوں نے اپنی تاریخ کو خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروق □ کے دور خلافت میں حضرت علی المرتضیٰ □ کے مشورے سے واقعہ ہجرت سے مقرر کیا۔ ہمیں ہجری سن دوسرے مروجہ سنین سے بہت سی باتوں میں منفرد نظر آتا ہے ہجری سال کی ابتدا چاند سے کی گئی اور اسلامی مہینوں کا تعلق چاند سے جوڑا گیا؛ تاکہ چاند کو دیکھ کر ہر علاقے کے لوگ خواہ پہاڑوں میں رہتے ہوں یا جنگلوں میں، شہروں میں بستے ہوں یا دیہاتوں میں؛ نیز دور دراز جزیروں میں رہنے والے حضرات بھی چاند دیکھ کر اپنے معاملات بہ آسانی طے کر سکیں اور انھیں کسی طرح کی کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ نہ اس میں کسی کا پڑھا لکھا ہونا ضروری ہے اور نہ کسی مادی سبب کی احتیاج ہے۔ اسلام کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت مساوات ہے اور ایک خصوصیت ہمہ گیری بھی ہے، اسلام نے ان خصوصیات کی حصانت وحمایت میں یہ پسند فرمایا کہ اسلامی مہینے ادلتے بدلتے موسم میں نہ آیا کریں۔ ذرا اسلام کے رکن چہارم ماہ رمضان کے روزوں پر غور کرو کہ اگر اسلام میں شمسی مہینہ مقرر فرما دیا جاتا تو نصف دنیا کے مسلمان ہمیشہ کے لیے آسانی میں اور نصف دنیا کے مسلمان ہمیشہ کے لیے تنگی و سختی میں پڑ جاتے۔ پس اسلام کی مساوات جہاں گیری کا مقتضا ہی یہ تھا کہ اسلامی سال قمری حساب پر ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: "وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا"۔ حُسبانا بالضم مصدر ہے جو حساب کرنے اور شمار کرنے کے معنی میں آتا ہے، اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آفتاب و ماہتاب کے طلوع و غروب اور ان کی رفتار کو ایک خاص حساب سے رکھا ہے جس کے ذریعے انسان سالوں، مہینوں، دنوں اور گھنٹوں کا؛ بل کہ منٹوں اور سکنڈوں کا حساب بآسانی لگا سکتا ہے یہ اللہ جل شانہ ہی کی قدرت قاہرہ کا عمل ہے کہ ان عظیم الشان نورانی کروں اور ان کی حرکات کو ایسے مستحکم اور مضبوط انداز سے رکھا کہ ہزاروں سال گذر جانے پر بھی ان میں کبھی ایک منٹ یا ایک سیکنڈ کا فرق نہیں آتا، یہ دونوں نور کے کرے اپنے اپنے دائرے میں ایک معین رفتار کے ساتھ چل رہے ہیں: "لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ" ہزاروں سال میں بھی ان کی رفتار میں ایک سیکنڈ کا فرق نہیں آتا، قرآن کریم کے اس ارشاد نے اس طرف بھی اشارہ کر دیا کہ سالوں اور مہینوں کا حساب شمسی بھی ہو سکتا ہے اور قمری بھی دونوں ہی اللہ تعالیٰ کے انعامات ہیں یہ دوسری بات ہے کہ عام ان پڑھ دنیا کی سہولت اور ان کو حساب کتاب کی الجھن سے بچانے کے لیے اسلامی احکام میں قمری سن و سال استعمال کیے گیے او رچوں کہ اسلامی تاریخ اور اسلامی احکام سب کا مدار قمری حساب پر ہے؛ اس لیے امت پر فرض ہے کہ وہ اس حساب کو باقی رکھے۔ دوسرے حسابات شمسی وغیرہ اگر کسی ضرورت سے اختیار کیے جائیں تو کوئی گناہ نہیں؛ لیکن قمری حساب کو بالکل نظر انداز اور محو کر دینا گناہ عظیم ہے جس سے انسان کو یہ بھی خبر نہ رہے کہ رمضان کب آئیگا اور ذی الحجہ اور محرم کب۔ (معارف القرآن ۳/ ۴۰۲، ۴۰۳) نیز حضرت تھانوی علیہ الصلوٰۃ والسلام لکھتے ہیں: چونکہ احکام شریعت کا مدار حساب قمری پر ہے؛ اس لیے اگر ساری امت دوسری اصطلاح کو اپنا معمول بنا لے جس سے حساب قمری ضائع ہو جائے تو سب گنہگار ہوں گے اور اگر وہ محفوظ رہے تو دوسرے حساب کا استعمال بھی مباح ہے؛ لیکن سنت سلف کے خلاف ضرور ہے اور حساب قمری کا برتنا بہ وجہ اس کے فرض کفایہ ہونے کے لابد افضل و احسن ہے۔ (ماخوذ از بیان القرآن ص: ۵۸، ادارۂ تالیفات اشرفیہ پاکستان) اس لیے ہمیں اپنی اس تاریخ قمری کو یکسر فراموش نہیں کرنا چاہیے۔ اخیر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو غیروں کی مشابہت سے بچائے اور آقائے نامدار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی اتباع کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین

ڈائریکٹر ایگریکلچر شاہد افتخار بخاری نے اجلاس کے شرکاء کو گندم کی کاشت کے حوالے سے بریفنگ دی

ایڈیشنل کمشنر ریونیو راولپنڈی سید مسعود بخاری کی زیر صدارت ڈویژنل ویٹ (گندم) کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں ڈائریکٹر ایگریکلچر توسیع شاہد افتخار بخاری، اور آرآئی سی ایرڈ یونیورسٹی، کمیٹی کے متعلقہ اراکین اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی

وزیراعلیٰ پنجاب کی زراعت دوست پالیسی سے کسان مستفید ہورہے ہیں اور شعبہ زراعت ترقی کررہا ہے۔ کسان خوشحال ہوگا تو زراعت کا شعبہ مزید ترقی کریگا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل کمشنر ریونیو راولپنڈی سید مسعود بخاری کی زیر صدارت ڈویژنل ویٹ (گندم) کمیٹی کا اجلاس بارانی یونیورسٹی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ایگریکلچر توسیع شاہد افتخار بخاری، اور آرآئی سی ایرڈ یونیورسٹی، کمیٹی کے متعلقہ اراکین اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر ایگریکلچر شاہد افتخار بخاری نے اجلاس کے شرکاء کو گندم کی کاشت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گندم کی کل ملکی پیداوار میں پنجاب کا حصہ 70 فیصد سے زائد ہے۔ 7 ارب روپے کی لاگت سے خطہ پوٹھوہار میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان پر عمل درآمد جاری ہے۔ رواں برس مون سون کی بارشوں معمول سے زیادہ ہوئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کسانوں کو آگاہی فراہم کرنے کے لیے کسانوں کے ساتھ ڈویژن بھر میں 1260 نشستیں ہوئی اور آگاہی واک کا اہتمام بھی کیا گیا۔ کسانوں کو زرعی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔ مارکیٹوں میں کھادیں مقرر کردہ قیمتوں سے نیچے وافر مقدار میں دستیاب ہیں۔ گندم کی کاشت کا 100 فیصد ٹارگٹ حاصل کرلیا گیا ہے۔ کسانوں کو اربوں روپے کے بلا سود زرعی قرضہ جات فراہم کیے گئے ہیں۔ کسانوں کو بلا تفریق قرا اندازی کے ذریعے ٹریکٹر فراہم کیے گئے ہیں۔ ڈویژن بھر میں 95 گریجویٹس کو انٹرن شپ کے ذریعے مالی معاونت اور ٹریننگ فراہم کی جا رہی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر ریونیو راولپنڈی سید مسعود بخاری نے کہا کہ ملکی معیشت میں زراعت انتہائی اہمیت کی حامل فصل ہے۔ راولپنڈی ڈویژن میں گندم کی کاشت کے لیے مقررہ ٹارگٹ کا حصول خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی زراعت دوست پالیسی سے کسان مستفید ہورہے ہیں اور شعبہ زراعت ترقی کررہا ہے۔ کسان خوشحال ہوگا تو زراعت کا شعبہ مزید ترقی کریگا۔

جناح کنونشن سینٹر، اسلام آباد میں طالبات ڈیپارٹمنٹ آف مینجمنٹ سائنسز، کیپیٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کلاس آف 2025 بی بی اے ڈیپارٹمنٹ اپنی گریجویشن کی تقریبات میں ٹوپیاں اچھال رہے ہیں

جہلم لاہور ہائی کورٹ کے پنجاب پروٹیکشن اونرشپ آف امووایبل پراپرٹی بل 2025 کی معطلی

پراپرٹی بل منظور کرانیکا حکومت پنجاب کا انتہائی پسندانہ اقدام قرار

وزیراعلی پنجاب نے پراپرٹی بل کی ہائی کورٹ کی جانب سے معطلی کے فیصلہ پر جارحانہ موقف اختیار کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم لاہور ہائی کورٹ کے پنجاب پروٹیکشن اونرشپ آف امووایبل پراپرٹی بل 2025 کی معطلی کے فیصلہ کے حوالے سے ضلع جہلم میں ملے جلے رجحان کی فضا ہے، تاہم لوگوں کی اکثریت نے اسے ہائی کورٹ کا انتہائی مستحسن فیصلہ قرار دیتے ہوئے پراپرٹی بل منظور کرانے کو حکومت پنجاب کا انتہائی پسندانہ اقدام قرار دیا ہے، وزیراعلی پنجاب نے پراپرٹی بل کی ہائی کورٹ کی جانب سے معطلی کے فیصلہ پر جارحانہ موقف اختیار کردیا اور ردعمل کے طور پر اس عدالتی فیصلہ کو اعلی عدلیہ کے طے کردہ مسلم اصولوں کیخلاف قرار دیا، اس سے قبضہ مافیا کو فائدہ ملے گا۔ دہائیوں سے ستائے ہوئے لاکھوں لوگوں کی مدد کیلئے قانون بنایا گیا، پراپرٹی بل منظور کرانے کے پیچھے وزیراعلی پنجاب کی نیک نیتی پر شک نہیں کیا جاسکتا بلکہ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹیوں کے فیصلوں کے خلاف اٹھنے والی آوازوں کو دبانے کے لئے فیصلوں کے خلاف اپیلوں کا حق دیتے ہوئے ریٹائرڈ ججز کی سربراہی میں ٹریبونل بھی قائم کیے گئے لیکن اراضی کے جن مقدمات کا عدالتیں دہائیوں میں فیصلہ نہیں کر پائیں، ان کا نوے روز میں فیصلہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے، ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی کے پاس جادو کی چھڑی نہیں کہ وہ پٹواریوں پر انحصار کرتے ہوئے نوے روز میں فیصلہ کرکے پولیس کی مدد سے فوری طور پر اراضی پر ہونیوالا قبضہ بھی واگزار کرالے، اس سے دھونس اور دھاندلی کا عنصر نمایاں ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ عجلت میں کیے گئے ان فیصلوں سے کئی قباحتیں سامنے آئیں، نوے روز کے اندر پراپرٹی کے ہونے والے فیصلوں سے بعض حقداروں کا انکا حق مل گیا تاہم کئی اصل مالکان سے بھی قبضہ واگزار کرانے کی باتیں ہورہی ہیں، جب پٹواریوں کے فراہم کردہ ریکارڈ کی روشنی میں فیصلے ہوتے ہیں تو خیر کی کیسے توقع کی جاسکتی ہے، ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی کے فیصلے اس لحاظ سے ماورائے عدالت ہیں کہ آبادی دیہہ کے قبضے واگزار کرانا قائم کی گئی کمیٹی کے دائرہ اختیار میں نہیں، وزیراعلی پنجاب کو کارکردگی دکھانے کے لئے فیصلے عجلت میں کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے اور سوچ بچار اور مشاورت کے بعد فیصلے کرنے چاہئیں کیونکہ عجلت میں کیے گئے فیصلوں سے گندم کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے،

وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف اور وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی نے تقریب میں شرکت کی اور مسیحی برادری کے رہنماؤں کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہوگیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) 27 دسمبر 2025 کو صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک، اسلام آباد سرکل کے، شکرپڑیاں، اسپورٹس کمپلیکس، پاک چائنا سینٹر، سی ڈی اے فلیٹس، آئی ایس آئی، کھنہ اڈا روڈ، کورال، پنڈوریاں، علی پور، ایف-8/3، جی-9/2، ایچ-8، الشفا ہسپتال، آئی-10/4، گولڑہ-II، ایس سی ایچ ایس (سرونز)، انڈسٹریل-I، انڈسٹریل-II، انڈسٹریل-III، وریڈ ٹیلی کام، پی ٹی این، اتحاد فاؤنڈری، ایس ایچ ایس، صدیق اسٹیل، ای وی سی-II، ایس ای ایس (پی اے ای سی)، فضل گھی، یوفون، ٹریٹ، گالف سٹی، ٹی اینڈ ٹی، بنی گالہ-I، بنی گالہ-II شامل ہیں۔ پارک ویو، صبح 00:10 بجے سے دوپہر 00:01 بجے تک، ٹی ڈی سی پی، ایم سی ایم، گھڑیال، ایرٹوپیا، پتراکا اور پی اے ایف فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل کے، حیدری چوک، بی بلاک، فیصل آباد، گری روڈ، جناح کیمپ، مسلم ٹاؤن، اے پی ایچ ایس، صادق آباد، ڈھوک حکم داد، آریہ محلہ، گلشن آباد، جناح روڈ، ویسٹریج، محمدی چوک، عیدگاہ، مدینہ کالونی، مری روڈ، عسکری-XI، کیانی روڈ، نیو ریس کورس، ریس کورس، ریڈیو پاکستان-I، نجیبال، چکری، بینظیر بھٹو شہید، سی ڈی ایل کالونی، کیرج فیکٹری، باغ سرداران، ڈھوک حسو، فوجی کالونی، گلزار شہید، احسن آباد، انڈسٹریل (پی ودھائی)، نیوٹیک یونیورسٹی، تھماس آباد، نواز کالونی، گلزار قائد، بینظیر بھٹو ہسپتال، کھنہ روڈ، گریسی لائن، آر آئی سی، ایس پی ڈی-2 اوورہیڈ، پی اے ایف-II (رحیم آباد) اور سوشل سیکیورٹی ہسپتال فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل کے، پاکستان ریلوے، ڈھوک فرمان علی، پی اے ایف، ریور گارڈن-II، اسکیم-III، عسکری-7، شاہ پور، موراہ، شاہ جیون، جھوارہ، چونترہ، حنیف شہید، کہوٹہ سٹی-I، خواجہ، نیو چھپا، فضل احمد شہید، ساگری، غزن خان، نارا ماتورے، گھمٹی، نیو کلیام، انڈسٹریل، بھنگالی، سید کسران اور سی/بی خان-2 فیڈرز، اٹک سرکل کے، ہرو، گھوری، وحدت کالونی (ڈی/سی)، کوہسار کالونی (ڈی/سی)، قاضیاں اور کنگر کھٹی فیڈرز، جی ایس او سرکل میں صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک، ایف-8/2، ایف-8، سٹیزن کلب، پی اے ایف-2، بحریہ یونیورسٹی، پی اے ایف ہسپتال، پی اے ایف ہسپتال بی اینڈ سی، پی اے ایف فالکن مارکیٹ اور پی این ایس حفیظ ہسپتال فیڈرز؛ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:03 بجے تک، انڈسٹریل-2، نیو ریس کورس، ڈھوک چوہدریاں، ملت آباد، چارنگ کراس، ویسٹریج اور پشاور روڈ فیڈرز؛ جبکہ صبح 00:10 بجے سے شام 00:04 بجے تک، دھیر کوٹ، چمن کوٹ، دانا ایکسپریس، ڈھالا، کومی کوٹ، چھترکلس-I اور چھترکلس-II فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔

رِفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد میں CAIDS-2025 کامیابی سے اختتام پذیر

کانفرنس کا مقصد تعلیمی اداروں، صنعت اور حکومتی شعبوں کے مابین اشتراک کو فروغ دینا تھا

رِفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد میں CAIDS-2025 کامیابی سے اختتام پذیر

کانفرنس ہائبرڈ انداز میں منعقد کی گئی، جس میں آن سائٹ اور آن لائن دونوں طریقوں سے قومی و بین الاقوامی سطح پر بھرپور شرکت دیکھنے میں آئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد میں کمپیوٹنگ، مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا سائنس کے شعبوں میں حالیہ پیش رفت پر مبنی تیسری بین الاقوامی کانفرنس CAIDS-2025 کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ کانفرنس میں ملکی و غیر ملکی ماہرین، محققین، اساتذہ، پالیسی سازوں اور صنعت سے وابستہ افراد نے شرکت کی اور جدید ٹیکنالوجی کے ابھرتے ہوئے رجحانات پر تبادلہ خیال کیا۔ کانفرنس کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد تھے، جبکہ ڈاکٹر نجیب اللہ مروت) ممبر سائنس، ٹیکنالوجی و آئی سی ٹی، پلاننگ کمیشن آف پاکستان (اور ڈاکٹر محمد اسرار) سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، خیبر پختونخوا (بھی اس موقع پر موجود تھے۔ CAIDS-2025 ایک اہم بین الاقوامی علمی پلیٹ فارم ثابت ہوئی جہاں تحقیق اور اختراعی خیالات پیش کیے گئے۔ کانفرنس کا مشترکہ اہتمام یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بنوں، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد، یونیورسٹی آف لکی مروت، گومل یونیورسٹی، کیوی بنوں) پاکستان (اور ملٹی میڈیا یونیورسٹی) ملائشیا (نے کیا۔ کانفرنس کا مقصد تعلیمی اداروں، صنعت اور حکومتی شعبوں کے مابین اشتراک کو فروغ دینا تھا۔ کانفرنس کو پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کی جانب سے تحقیقی منصوبے Political Pulse کے تحت مالی و تکنیکی معاونت حاصل رہی، جبکہ ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی معاونت کا عمل جاری ہے۔ منتخب تحقیقی مقالہ جات اضافی peer review کے بعد ملائشیا کی MMU پریس جرنلز میں شائع کیے جائیں گے۔ کانفرنس ہائبرڈ انداز میں منعقد کی گئی، جس میں آن سائٹ اور آن لائن دونوں طریقوں سے قومی و بین الاقوامی سطح پر بھرپور شرکت دیکھنے میں آئی۔ افتتاحی خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد نے مصنوعی ذہانت کے اخلاقی استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کو اسلامی اور اخلاقی اقدار کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ پاکستان کا مثبت تشخص عالمی سطح پر اجاگر ہو۔ ڈین فیکلٹی آف کمپیوٹنگ پروفیسر ڈاکٹر محمد زبیر نے پاکستان کے آئی ٹی سیکٹر میں ترقی، سافٹ ویئر انجینئرنگ اور مصنوعی ذہانت میں ہونے والی پیش رفت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ایسی کانفرنسیں نوجوان محققین کی رہنمائی اور قومی ترجیحات سے ہم آہنگ تحقیق کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔

قائم مقام چیئرمین پیمرا کی خصوصی میڈیا فنڈ کے قیام کے سلسلے میں الفلاح ایسٹ مینجمنٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے ملاقات

کیرئیر کوچنگ سنٹر جی۔ سیون مرکز ستارہ مارکیٹ کا اعلی سطحی مشاورتی اجلاس

اجلاس میں طلبا کی کردار، ذہن سازی اور متحرک کرنے کا لائحہ عمل تیار کرلیا ہے

اسلام آباد (پ ر) کیرئیر کوچنگ سنٹر جی۔ سیون مرکز ستارہ مارکیٹ کا اعلی سطحی مشاورتی اجلاس پرنسپل ذوالفقار علی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں چیئرمین کیرئیر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار، ڈپٹی ڈائریکٹر کیرئیر اکیڈمیز بورڈ آف ایجوکیشن (کیب) امتیاز احمد شاہ شریک تھے۔ اجلاس میں اکیڈمی کے انتظامی اور نصابی امور زیر بحث آئے۔ جس پر ادارتی بہتری کے لئے متحرک اور فعال حکمت عملی اور ٹھوس منصوبہ بندی کے فیصلے کئے گئے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ ادارے کی ساکھ اور عزت اسکے کام میں ہوتی ہے۔ ادارتی قواعد وضوابط کے سامنے جوابدہی کے نظام پر عملداری یقینی بنائیں گے۔ امتیاز احمد شاہ نے کہا کہ کیب کے مرکزی تعلیمی نظام میں سالانہ شماریاتی جائزہ لے رہے ہیں۔ ماہانہ اور کریش ٹیسٹ سیریز کا تقابلی جائزہ لے کر فیڈرل بورڈ کے نتائج بہتر بنائیں گے۔ ذوالفقار علی نے کہا کہ کریش ٹیسٹ سیریز کے بروقت سوالیہ اور جوابی پرچہ جات اور مارکنگ کی جانچ پڑتال فیڈرل بورڈ پیٹرن کے مطابق کریں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر سلیمان منشا کا پیرا فورس کے ہمراہ شہر کی مارکیوں کا سرپرائز وزٹ

ون ڈش کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا اعلان

تلہ گنگ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر سلیمان منشا کا پیرا فورس کے ہمراہ شہر کی مارکیوں کا سرپرائز وزٹ، ون ڈش کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا اعلان اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ سلیمان منشا نے پیرا فورس اور دیگر متعلقہ عملے کے ہمراہ شہر کی مختلف مارکیوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کا مقصد شادی ہالز اور مارکیوں میں ون ڈش پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنانا تھا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ون ڈش پالیسی کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور جو بھی مارکی یا ہال خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا، اسے فوری طور پر سیل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ وہ باقاعدگی سے چیکنگ جاری رکھیں اور قانون کی عملداری کو یقینی بنائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر سلیمان منشا نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ایسے شادی ہالز یا مارکیوں کی نشاندہی کریں جہاں ون ڈش کی خلاف ورزی کی جا رہی ہو، تاکہ انتظامیہ بروقت کارروائی کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون سے ہی قانون پر مکمل عملدرآمد ممکن ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے گا۔

سینٹ جان چرچ کھیوڑہ میں عید ولادت المسیح کی تقریبات کا انعقاد

تحصیل پنڈدادن خان میں مقیم مسیحی برادری کی بھرپور شرکت

پنڈدادنخان (تحصیل رپورٹر) کوہستان نمک کے دامن میں آباد ضلع جہلم کے آبادی کے لحاظ سے دوسرے بڑے شہر کھیوڑہ میں 125 سالہ قدیم اور خوبصورت فن تعمیر سے آراستہ سینٹ جان چرچ کھیوڑہ میں عید ولادت المسیح کی تقریبات کا انعقاد تحصیل پنڈدادن خان میں مقیم مسیحی برادری کی بھرپور شرکت کرسمس کے سلسلہ میں مذہبی تہوار کو تزک واحتشام اور مذہبی جوش وخروش سے منایا گیا گرجہ گھر کے انچارج یوسف ناز کی رہنمائی میں عبادات منعقد ہوئیں۔ رفاقت خواتین کی صدر رقیہ یونس، عدنان یونس اور سلیمان یونس نے سنڈے سکول کے بچوں کو خوبصورت تحائف پیش کیے جب کے سی حنوک صابر کی نگرانی میں عبادت گاہ کی تزئین و آرائش کا اہتمام کیا گیا۔ ذیشان یوسف اور ارسلان سرن کے ہمراہ کوائر نے بڑے دن کے گیت پیش کئے، ایلڈر رضوان یوسف اور چرچ کمیٹی نے ڈی ایس پی ملک محمد اکرم، ایس ایچ او رانا لطیف، ون ون ٹو ٹو کے ادارہ اور محکمہ صحت کے ڈپٹی ڈسٹرک ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مدثر حسین کا بہترین تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل انتظامیہ نے فول پروف سیکورٹی کا انتظام کر کے کرسمس سیزن میں مذہبی تقریب کو محفوظ تر بنایا جس کے لئے تحصیل پنڈدادن خان اور کھیوڑہ میں بسنے والی اقلیتی برادری وزیراعلی مریم نواز اور ضلع جہلم اور تحصیل انتظامیہ کا دلی طور پر شکریہ ادا کرتی اور اپنے وطن پاکستان کے لئے سلامتی استحکام ترقی کی دعا کرتی ہے۔ کرسمس ڈے کی مرکزی عبادت کے بعد شرکا میں پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ بلدیہ کھیوڑہ نے مسیحی تہوار پر تمام گرجہ گھروں میں کیک کے تحائف پیش کئے۔

جہلم بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کے موقع پر تقریب

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کے موقع پر جہلم پریس کلب کے زیراہتمام ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صدارت صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس نے کی تقریب کا آغاز مرزا قدیر بیگ کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، عقیدت کے پھول سید ناصر محمود نے نچھاور کیے مہر محمد الیاس نے قائداعظم محمد علی جناح کی خدمات، جدو جہد آزادی اور پاکستان کے قیام میں ان کے تاریخی کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی نیکہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی دیانت، اصول پسندی اور قانون کی بالادستی پر مبنی سوچ آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے، اس موقع پر صحافیوں کی کثیر تعداد موجود تھی،

پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے، راجہ محمد الیاس کیانی

اسلام آباد (بی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنماء راجہ محمد الیاس کیانی نے کہا کہ پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز اپنے وژن "ستھرا پنجاب" کے تحت جو اقدامات اٹھا رہی ہیں' ان سے پنجاب کا چہرہ نکھر کر سامنے آرہا ہے۔ ہر شہر کے پوش علاقوں اور بڑی سڑکوں اور شاہراہوں پر انتظامی مشینری دن رات مصروف عمل ہے۔ پنجاب کے 39 اضلاع میں 132 بیوٹیفکیشن سکیمیں 16 ارب 90 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوں گی۔ 97 بیوٹیفکیشن سکیموں کے ورک آرڈر جاری، 88 بیوٹیفکیشن پراجیکٹ شروع ہونگے۔ مریم نواز نے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان میں واٹر فیچر/فوارے، مصنوعی آبشاریں شامل کرنے کی ہدایت کی۔ مرکزی بازاروں میں سڑک کے درمیان خوبصورت گرین بیلٹ بنانے کا حکم دیا اور تیزی سے افزائش پانے والے پودے اور سبزہ شامل کرنے کی ہدایت کی۔ فٹ پاتھ پر روایتی گرے ٹائلز کی بجائے خوبصورت کلر ٹائل لگانے کا حکم بھی دیا۔ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کیلئے ڈیش بورڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا جسے روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

اسلام آباد لوکل گورنمنٹ الیکشن 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں

وی او ایچ ہیڈ آفس نئی ابادی فیز ٹو جھنگ سیداں میں ایک اہم اور پر مقصد مشاورتی اجلاس

علی پور لہتراڑ روڈ (قاری نسیم عباسی) اسلام آباد لوکل گورنمنٹ الیکشن 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں وی او ایچ ہیڈ آفس نئی ابادی فیز ٹو جھنگ سیداں میں ایک اہم اور پر مقصد مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں یونین کونسل 53 جھنگ سیداں تمام 9 وارڈز سے تعلق رکھنے والے کونسلرز و نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے انتخابی مہم کے مؤثر اور جامع لائحہ عمل، ووٹرز تک رسائی کے نظام کو مزید فعال بنانے اور علاقائی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ اہداف پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ چیئرمین وی او ایچ راجہ محمد ہارون دھمیال نے اس موقع پر کہا کہ عوام کی خدمت ہمیشہ عبادت سمجھ کر کی مجھے پورا یقین ہے کہ لوگ ہمیں مایوس نہیں کریں گے میں الیکشن میں حصہ نہیں لے رہا لیکن میں اپنی سرپرستی میں ایک بہترین پینل تشکیل دے رہا ہوں جو مسلم لیگ نون کے ٹکٹ پر الیکشن لڑیں گے یہاں پر پہلے ہی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری وفاقی وزیر اور راجہ خرم نواز چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے بہت سارے کام کروائے ہیں ہمیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ہماری یونین کونسل دونوں حلقوں میں شامل ہیں جو بقایا کام ہیں انشاءاللہ یہ میرے بھائی کامیاب ہوکر کروائیں گے اور تمام ترقیاتی کام میں اپنی نگرانی میں کرواں گا اور یہ یونین کونسل مسلم لیگ نون کا گڑھ ہے شیر کے نشان پر الیکشن لڑیں گے اور کامیابی حاصل کریں گے۔ اس کے بعد تمام معززین نے راجہ ہارون اور ان کی حمایت یافتہ پینل کی بھرپور واٹ اینڈ سپورٹ کا عہد کیا پاکستان مسلم لیگ نون زندہ باد کے نعرے بھی لگائے آخر میں دعا کی گئی کہ آنے والے انتخابات علاقے کے لیے بہتر مستقبل کی نوید ثابت ہوں اور عوامی خدمت کا یہ سلسلہ مزید مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھ سکے۔

چوہدری حاجی عابد مرزا کا جنرل کونسلر کے انتخاب میں حصہ لینے کا اعلان

عوامی خدمت سے بڑھ کر کوئی فریضہ نہیں اور علاقے کے عوام کی بلاتفریق خدمت کو اپنا مشن سمجھتے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) معروف سماجی شخصیت چوہدری عابد فخرے کرپانے یونین کونسل کرپا سے جنرل کونسلر کے انتخاب میں حصہ لینے کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت سے بڑھ کر کوئی فریضہ نہیں اور وہ علاقے کے عوام کی بلاتفریق خدمت کو اپنا مشن سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یونین کونسل کرپا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل، جن میں صفائی، پانی، سڑکوں کی بہتری، صحت اور تعلیم شامل ہیں، ان کے حل کے لیے وہ ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر عوام نے انہیں اعتماد دیا تو وہ یونین کونسل کو ایک مثالی کونسل بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاقے کے لوگوں کی فلاح و بہبود، نوجوانوں کے لیے مواقع، اور بزرگوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہو گی۔ راجہ علی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ذاتی مفادات کے بجائے اجتماعی ترقی کے لیے ان کا ساتھ دیں۔ علاقہ مکینوں نے بھی راجہ علی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان کی قیادت میں یونین کونسل کرپا میں مثبت تبدیلی آئے گی۔

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی چکوال میں رنگا رنگ سپورٹس گالا، سردار ڈاکٹر حاجی شاہ روز خان ٹمن کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت

اسلام آباد پولیس سکیورٹی ڈویژن سال 2025 کی کارکردگی

قومی و بین الاقوامی کانفرنسز اور تقریبات کی سکیورٹی کو نہایت کامیابی سے یقینی بنائی

بین الاقوامی وی وی آئی پی وفود بشمول پی ایس ایل اور غیر ملکی کرکٹ ٹیموں کی آمد ورفت کے دوران بھی فول پروف سکیورٹی فراہم کی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پولیس سکیورٹی ڈویژن نے رواں سال 14 قومی اسمبلی کے اجلاس، 10 قومی و بین الاقوامی کانفرنسز، 15 سینٹ کے اجلاس، تین مشترکہ سیشنز، 969 قومی و بین الاقوامی کانفرنسز اور تقریبات کی سکیورٹی کو نہایت کامیابی سے یقینی بنائی۔ جبکہ 19 بین الاقوامی وی وی آئی پی وفود بشمول پی ایس ایل اور غیر ملکی کرکٹ ٹیموں کی آمد ورفت کے دوران بھی فول پروف سکیورٹی فراہم کی گئی، مزید وفاقی دارالحکومت میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی اور فوری رسپانس کے لئے "سپیشل پروٹیکشن یونٹ" کنٹرول روم میں "پینک الرٹ سسٹم" بھی متعارف کروایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس سکیورٹی ڈویژن وفاقی دارالحکومت کی اہم سرکاری عمارتوں، سفارتخانوں، سفارتکاروں اور ملکی و غیر ملکی اہم شخصیات کی سکیورٹی کا ضامن ڈویژن ہے، اسلام آباد پولیس کے تشخص کو عالمی معیار کے مطابق بہتر بنانا انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اسی سلسلے میں سال 2025 میں سکیورٹی ڈویژن میں متعدد نمایاں اصلاحات اور اہم اقدامات کئے گئے۔ جن میں ناکہ سرینہ کو "گڈلک پالیسی" کے تحت جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کیا گیا تاکہ سکیورٹی مزید مضبوط اور موثر ہو سکے۔ وفاقی دارالحکومت میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی اور فوری رسپانس کے لئے "سپیشل پروٹیکشن یونٹ" کنٹرول روم میں "پینک الرٹ سسٹم" متعارف کرایا گیا۔ ڈپلومیٹک انکلیو کی چاروں اطراف قائم حفاظتی دیوار پر برقی تار کا نظام فعال کیا گیا۔ اس کے علاوہ انٹری پوائنٹس پر جدید ANPR کیمرے نصب کیے گئے، جو گاڑیوں کی خودکار شناخت میں مدد دیتے ہیں۔ سفارت خانوں کے سکیورٹی افسران کے ساتھ سکیورٹی سے متعلق نئی اصلاحات اور انکے درپیش مسائل کے حل کے لئے اوپن کانفرنسز منعقد کی گئی۔ ریڈ زون اور ایکسٹینڈڈ ریڈ زون میں امن وامان برقرار رکھنے کے لئے مربوط اور موثر سکیورٹی اقدامات کیے گئے۔ اسی طرح رواں سال سکیورٹی ڈویژن کی مجموعی کارکردگی میں 14 قومی اسمبلی کے اجلاس، 10 قومی و بین الاقوامی کانفرنسز، 15 سینٹ کے اجلاس، 03 مشترکہ سیشنز، 969 قومی و بین الاقوامی کانفرنسز اور تقریبات کی سکیورٹی کو نہایت کامیابی سے یقینی بنائی۔ جبکہ 19 بین الاقوامی وی وی آئی پی وفود بشمول پی ایس ایل اور غیر ملکی کرکٹ ٹیمز کی آمد ورفت کے دوران بھی فول پروف سکیورٹی فراہم کی گئی۔

ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضی نے بانٹھ راولپنڈی انٹرچینج رنگ روڈ پراجیکٹ کا دورہ کیا

،ویل وویمن کلینک میں بریسٹ سروائیکل کینسر دوران حمل شوگر، کی سکریننگ ہوتی پروگرام بند ہونے سے اسپتالوں پر غیر معمولی بوجھ کا اضافہ ہوگا

محکمہ صحت کا غیر معتدی امراض کا پروگرام بند، لاکھوں شہری قبل از وقت تشخیصی سہولت سے محروم

جہلم سمیت پنجاب کے 36 اضلاع میں 130، این سی ڈی کلینک میں شوگر، کینسر، دمہ، دل، وذہنی تشخیص علاج کی سہولت موجود تھی

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت کا غیر معتدی امراض کا پروگرام بند، لاکھوں شہری قبل از وقت تشخیصی سہولت سے محروم، جہلم سمیت پنجاب کے 36 اضلاع میں 130، این سی ڈی کلینک میں شوگر، کینسر، دمہ، دل، وذہنی تشخیص علاج کی سہولت موجود تھی، ویل وویمن کلینک میں بریسٹ سروائیکل کینسر دوران حمل شوگر، کی سکریننگ ہوتی پروگرام بند ہونے سے اسپتالوں پر غیر معمولی بوجھ کا اضافہ ہوگا 2016 میں شروع ہونے والے پروگرام میں پنجاب کے 36 اضلاع میں 130 این سی ڈی کلینکس قائم کیے گئے جہاں ذیابیطس، دل کے امراض، کینسر، دمہ، سی او پی ڈی، ذہنی امراض اور انسداد تمباکو نوشی کی ابتدائی تشخیص اور علاج کی سہولت موجود تھی۔ پروگرام کے تحت ہر دو سال بعد ہیلتھ ویک منعقد کیا جاتا تھا، جس میں 10 لاکھ سے زائد افراد کی سکریننگ کی جاتی جبکہ 130 ویل وومن کلینکس میں خواتین کے لیے بریسٹ کینسر، سروائیکل کینسر اور حمل کے دوران ذیابیطس کی اسکریننگ کی جاتی تھی۔ اس نظام نے بڑے ہسپتالوں پر بوجھ کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا تاہم نان کمیونیکیبل ڈیزیز پروگرام بند ہونے سے لاکھوں شہری جنہیں اپنی بیماریوں کی قبل از وقت نشاندھی ہو جاتی تھی اب ایسا ممکن نہیں ہو سکے گا۔ ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ اعداد وشمار کے مطابق پنجاب میں بالغ آبادی میں ذیابیطس کی شرح 16 فیصد تک پہنچ چکی ہے، خواتین میں بریسٹ کینسر کے کیسز 50 فیصد اور سروائیکل کینسر 5 فیصد رپورٹ ہورہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق دیہی علاقوں میں تاخیر سے تشخیص کے باعث کینسر مہلک مراحل میں داخل ہوجاتا ہے، جس سے اموات اور علاج کے اخراجات بڑھ جاتے ہیں۔ ایک طرف حکومت مفت انسولین اور کینسر کے مفت علاج کے اعلانات کر رہی ہے، جبکہ دوسری جانب بیماریوں کی ابتدائی تشخیص کرنے والا بنیادی پروگرام بند کر دیا گیا ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ ایسے پروگرام ختم کرنے کی بجائے انہیں مزید موثر بنایا جانا چاہیے، ورنہ مستقبل میں یہ فیصلہ عوام اور صحت کے نظام دونوں پر بھاری بوجھ بن سکتا ہے۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں ایل پی جی گیس کی سرکاری نرخوں پر فروخت نہ ہونے اور ریٹ لسٹ آویزاں نہ کیے جانے پر شہریوں میں شدید تشویش

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں ایل پی جی گیس کی سرکاری نرخوں پر فروخت نہ ہونے اور ریٹ لسٹ آویزاں نہ کیے جانے پر شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں نے چیرمین سول ڈیفنس ڈپٹی کمشنر جہلم سے مطالبہ کیا ہے کہ گران فروشی کرنے والے ایل پی جی ڈیلرز اور دکانداروں کے خلاف نوٹس لیا جائے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم ہو سکے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے ایل پی جی گیس کی فی کلو سرکاری قیمت 208 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے، جبکہ تمام ایل پی جی ڈیلرز اور فروخت کنندگان کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ سرکاری نرخنامہ اپنی دکانوں پر نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔

چیئرمین سی ڈی اے کی زیر صدارت مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے حوالے سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس

اجلاس میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک جدید کنونشن سنٹر اور ایکسپو سینٹر کے قیام کے حوالے سے جائزہ لیا گیا

چیئرمین سی ڈی اے کی زیر صدارت مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے حوالے سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس

اجلاس میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انوائرمنٹ اسفندیار بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے حوالے سے جمعہ کے روز سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انوائرمنٹ اسفندیار بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک جدید کنونشن سنٹر اور ایکسپو سینٹر کے قیام کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ بین الاقوامی کانفرنسوں سمیت آئندہ ایس سی او اجلاس کے انعقاد سے قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں اس منصوبے کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ کنونشن اور ایکسپو سینٹر کی تعمیر کیلئے مناسب جگہ کے انتخاب کے حوالے سے تجاویز زیر غور ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ کنونشن اور ایکسپو سینٹر کیلئے ایسی جگہ کا انتخاب کیا جائے جہاں پبلک کیلئے آنے میں آسانی اور بہتر پارکنگ کی بہترین سہولیات میسر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ کنونشن سینٹر اور ایکسپو سینٹر کی تعمیر میں بین الاقوامی معیارات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ یہ منصوبہ شہر کو ایک جدید اور عالمی معیار کا دارالحکومت بنانے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں میزبانی کی صنعت کو فروغ دینے کیلئے اسلام آباد میں لگژری ہوٹل کی تعمیر کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کہ اس منصوبے کے ٹینڈرنگ کے عمل کو مزید تیز کیا جائے تاکہ اس پر باقاعدہ آغاز اگلے سال ممکن ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کے تمام عمل میں اوپن اور شفاف مقابلہ جاتی طریقہ کار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ اس سلسلے میں اسلام آباد شہر کی خوبصورتی اور ترقی کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی تقریبات کی میزبانی کی صلاحیت بڑھائی جارہی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ان میگا ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں کوالٹی کے اعلی معیار میں کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور میں سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ

ملک بھر میں ایک کروڑ مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور میں سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ

سوشل پروٹیکشن والٹ کے اجرا، مفت سمز کی فراہمی اور خواتین کو براہِ راست ڈیجیٹل ادائیگیوں پر تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور میں سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ؛ سوشل پروٹیکشن والٹ کے اجرا، مفت سمز کی فراہمی اور خواتین کو براہِ راست ڈیجیٹل ادائیگیوں پر تفصیلی بریفنگ ** ملک بھر میں ایک کروڑ مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے اور اب تک 50 فیصد مفت سمیں تقسیم کرنے کا ہدف عبور کیا جاچکا ہے؛ بی آئی ایس پی پاکستان کی تاریخ میں خواتین کی سماجی تحفظ، ڈیجیٹل و مالی نظام میں شمولیت کا سب سے بڑا پروگرام؛ کل شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی ہے؛ بی بی شہید بہادری، استقامت اور جدوجہد کی علامت ہیں؛ خواتین کے حقوق اور پاکستان کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں؛ بینظیر ہنرمند پروگرام کا آغاز کیا گیا تاکہ مستحق افراد کو ہنرمند بنا کر معاشی طور پر خودمختار بنایا جاسکے کیوں کہ بی بی شہید نے فرمایا ہے کہ ہنر آپ کا سرمایہ ہے۔: سینیٹر روبینہ خالد کی لاہور میں پریس کانفرنس ** سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور شہر میں ایل ڈی اے سبزہ زار، جی ایچ ایس علی رضا آباد اور شالامار بھگوان پورہ میں قائم بی آئی ایس پی سم تقسیم مراکز کا دورہ؛ سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے مفت سمز کی فراہمی کے عمل کا جائزہ؛ عملہ کو مستحق خواتین کی مکمل اور مؤثر رہنمائی کی ہدایت؛ مستحق خواتین کو مفت سم کے حصول، اس کے درست استعمال اور تحفظ کے حوالے سے بھی تلقین کی * چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج لاہور میں بی آئی ایس پی کے سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران میڈیا نمائندگان کو پروگرام کی پیش رفت اور دیگر اہم اقدامات سے آگاہ کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات کے مطابق ادائیگیوں کے نظام میں مزید شفافیت اور سہولت کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹ کا باقاعدہ اجرا کردیا گیا ہے۔ اس وقت بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ملک بھر میں ایک کروڑ مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔ اب تک مفت سمز کی فراہمی کا عمل تقریبا 50 فیصد تک مکمل ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی پاکستان کی تاریخ میں خواتین کی سماجی تحفظ، ڈیجیٹل و مالی نظام میں شمولیت کا سب سے بڑا پروگرام ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی ہے۔ بی بی شہید بہادری، استقامت اور جدوجہد کی علامت ہیں۔ ہم خواتین اپنی طاقت اور حوصلہ بی بی کے نام سے لیتی ہیں۔ خواتین کے حقوق اور پاکستان کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں

ٹینس کی دنیا کا انوکھا مقابلہ، خاتون اور مرد آج دبئی میں آمنے سامنے ہوں گے

دبئی (آئی این پی) ٹینس میں انوکھا مقابلہ ہونے جا رہا ہے۔ ویمن ورلڈ نمبر ون بیلاروس کی ارینا سبالینکا آسٹریلیا نک کرگیوس کا سامنا کریں گی۔ ٹینس کی دنیا میں مرد اور خاتون کا یہ مقابلہ دبئی میں آج ہوگا۔ 27 سالہ ارینا سبالینکا 30 سال کے سابق ویمبلڈن فائنلسٹ کرگیوس کے خلاف ٹینس کے نمائشی میچ میں مدمقابل ہوں گی، مرد اور خاتون کے درمیان ہونے والی یہ جنگ اب پوری دنیا کی توجہ کا مرکز بن چکی ہے۔ ورلڈ نمبر 13 آسٹریلوی کھلاڑی نک کرگیوس نے ستمبر میں یو ایس اوپن کے دوران ویمن ورلڈ نمبر ون سبالینکا کو مقابلے کا چیلنج دیا تھا

واشنگٹن: باسکٹ بال میچ کے دوران کھلاڑی گول کرنے کی کوشش کر رہا ہے

پاکستانی صحافی مونا خان نے لندن میراتھن میں گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا

مونا خان نے 42.2 کلومیٹر کا فاصلہ مقررہ وقت میں طے کیا

لندن (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی صحافی مونا خان نے لندن میراتھن ریس میں گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ خاتون صحافی مونا خان نے 42.2 کلومیٹر کا فاصلہ مقررہ وقت میں طے کر کے پاکستان کا نام دنیا میں روشن کیا۔ مونا خان نے تاریخی کامیابی حاصل کر کے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستانی خواتین بھی عالمی سطح پر کسی سے کم نہیں۔ مونا خان نے لندن میراتھن ریس میں سبز ہلالی پرچم اٹھا کر بھارتی ریسر کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔

سری لنکا کیخلاف سیریز کیلئے پاکستان کے اسکواڈ کا اعلان، شاداب خان کی واپسی

سلمان علی آغا پاکستانی ٹیم کی قیادت کریں گے، وکٹ کیپر بلے باز خواجہ نافع پہلی بار ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شامل، بابر اعظم اور شاہین آفریدی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ کا حصہ نہیں ہونگے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سری لنکا کے ساتھ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ سلمان علی آغا پاکستانی ٹیم کی قیادت کریں گے، وکٹ کیپر بلے باز خواجہ نافع کو پہلی بار ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے جبکہ شاداب خان کی کندھے کی سرجری کے بعد ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ بابر اعظم اور شاہین آفریدی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ کا حصہ نہیں، حارث رؤف کو ایک بار پھر زیر غور نہیں لایا گیا۔ ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں کپتان سلمان علی آغا، عبدالصمد، ابرار احمد، فہیم اشرف، فخر زمان، خواجہ محمد نافع اور محمد نواز شامل ہیں۔ محمد سلمان مرزا، محمد وسیم جونیئر، نسیم شاہ، صاحبزادہ فرحان، صائم ایوب، شاداب خان، عثمان خان اور عثمان طارق بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز 7، 9 اور 11 جنوری کو دمبولا میں کھیلے جائیں گے۔ یہ سیریز ورلڈ کپ اسکواڈ چننے میں مددگار ثابت ہوگی۔ دوسری جانب پی سی بی نے ٹیم مینجمنٹ کا بھی اعلان کر دیا ہے، نوید اکرم چیمہ سری لنکا کے خلاف سیریز میں ٹیم کے منیجر ہوں گے۔ مائیک ہیسن وائٹ بال کے ہیڈ کوچ، اظہر محمود بولنگ کوچ، محمد حنیف ملک بیٹنگ کوچ جبکہ شین مکڈرموٹ فیلڈنگ کوچ ہوں گے۔ کلف ڈیکن فزیوتھراپسٹ، گرانٹ لوڈن اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ، طلحہ اعجاز ٹیم اینالسٹ اور سید نعیم احمد ٹیم کے میڈیا منیجر ہوں گے۔

کوآپریٹو چیلنج کپ: ڈی پی ایس کی یونی سپورٹس، یونی سوفٹ ویئر کی ان ٹچ کو شکست

یونی سافٹ ویئر کے مسلم رضا اور رانا حماد عزیز نے دو، دو اور طلحہ ملک نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا، مسلم رضا کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر افلاک) کوآپریٹو چیلنج کپ کے 7 ویں ایڈیشن میں مزید دو میچز کا فیصلہ ہوگیا، ماڈل ٹاؤن وائٹ کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچز میں ڈی پی ایس اور یونی سوفٹ ویئر نے کامیابی حاصل کی۔ پہلے میچ میں ڈی پی ایس نے یونی سپورٹس کو 9 وکٹوں سے پچھاڑ دیا۔ یونی سپورٹس نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 کھلاڑیوں کے نقصان پر 152 رنز بنائے، ڈی پی ایس کی جانب سے احمد رضا اور ربانی انور نے دو، دو جبکہ علی ارحم نے ایک وکٹ حاصل کی۔ جواب میں ڈی پی ایس نے مطلوبہ ہدف ایک وکٹ کے نقصان پر 16 ویں اوور میں حاصل کر لیا، فاتح ٹیم کے امتیاز حسین کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ دوسرے میچ میں یونی سافٹ ویئر نے ان ٹچ کو 7 رن سے شکست دی، پہلے کھیلتے ہوئے یونی سافٹ ویئر نے مقررہ 20 اوورز میں تمام کھلاڑیوں کے نقصان پر 139 رنز بنائے، ان ٹچ کی جانب سے سلمان ظفر اور سجاد حسین نے تین، تین حماد نے دو کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ جواب میں ان ٹچ کی ٹیم 132 رنز بنا سکی، یونی سافٹ ویئر کے مسلم رضا اور رانا حماد عزیز نے دو، دو اور طلحہ ملک نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا، مسلم رضا کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ایشیز، کئی ملین ڈالرز کے مالی نقصان نے کرکٹ آسٹریلیا کے سی ای او کی نیندیں اڑا دیں

میلبرن (این این آئی) رواں ایشیز سیریز میں کروڑوں ڈالرز کے مالی نقصان نے کرکٹ آسٹریلیا کے سی ای او کی نیندیں اڑا دیں، کرکٹ آسٹریلیا کے چیف ایگزیکٹو ٹوڈ گرین برگ نے کہا ہے کہ مختصر دورانیے کے ٹیسٹ میچز تجارتی طور پر نقصان دہ ثابت ہو رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے انکشاف کیا کہ باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے پہلے دن ریکارڈ تماشائیوں کی موجودگی کے باوجود 20 وکٹیں گر جانے کے باعث وہ پوری رات سو نہیں سکے۔ کرکٹ آسٹریلیا کو امید تھی کہ آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان باکسنگ ڈے ٹیسٹ میں شائقین کی تعداد کے نئے ریکارڈز قائم ہوں گے، کیونکہ ابتدائی تین دنوں کے ٹکٹس پہلے ہی فروخت ہو چکے تھے اور پوری سیریز میں غیر معمولی دلچسپی دیکھی جا رہی تھی تاہم پرتھ میں ہونے والے دو روزہ ٹیسٹ میں کرکٹ آسٹریلیا کو تیسرے اور چوتھے دن کے ٹکٹ کی مد میں تقریباً 3 ملین آسٹریلوی ڈالر (پاکستانی 54 کروڑ روپے سے زائد) کا نقصان ہوا تھا۔ اب باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے بھی دو روز کے اندر ختم ہونے پر پہلے سے بھی زیادہ مالی خسارے کا خدشہ ہے۔

14 ویں لاہور اوپن پولو چیمپئن شپ پیٹرز کپ کا فائنل آج کھیلا جائے گا

لاہور (این این آئی) لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام 14 ویں لاہور اوپن پولو چیمپئن شپ 2025 پیٹرز کپ کا فائنل (آج) اتوار کو ڈائمنڈ پینٹس اور ٹیم ایف جی/آسیان کے درمیان کھیلا جائے گا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز دو سیمی فائنلز کھیلے گئے جن کو دیکھنے کیلئے تماشائیوں اور فیملیز کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر کلب کے صدر ملک اعظم حیات نون، ایگزیکٹو کمیٹی ممبر، سیکرٹری میجر امجد غفور، ممبرز اور کھلاڑیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

فاسٹ بولر شاہین آفریدی ایک بار پھر گھٹنے کی انجری کا شکار

شاہین آفریدی بگ بیش لیگ میں برسبین ہیٹ کی نمائندگی کرتے ہوئے زخمی ہوئے

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی ایک بار پھر گھٹنے کی انجری کا شکار ہو گئے۔ شاہین آفریدی بگ بیش لیگ میں برسبین ہیٹ کی نمائندگی کرتے ہوئے زخمی ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کے خلاف میچ کے دوران فیلڈنگ کرتے ہوئے شاہین آفریدی کو گھٹنے میں تکلیف ہوئی جس کے بعد انہیں میدان سے باہر جانا پڑا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق انجری کی نوعیت کا حتمی اندازہ ایم آر آئی کے بعد ہی ہو سکے گا۔ اس انجری کے باعث شاہین آفریدی کے بگ بیش لیگ کے بقیہ میچز سے باہر ہونے کا خدشہ ہے۔ ٹیم انتظامیہ اور شائقین کرکٹ کی نظریں طبی رپورٹس پر مرکوز ہیں۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ شاہین آفریدی لنگڑاتے ہوئے گراؤنڈ سے باہر جا رہے ہیں اور ایک اپنے گھٹنے کی طرف ہاتھ کر کے اشارہ بھی کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ آئندہ آئی سی سی ورلڈ کپ سے قبل پاکستان کو مکمل طور پر فٹ شاہین آفریدی کی ضرورت ہوگی، ایسے میں ان کی صحت اور فٹنس قومی ٹیم کے لیے نہایت اہم قرار دی جا رہی ہے۔

شطرنج کا کھیل تعلیمی اداروں میں بھی مقبولیت اختیار کر گیا، سلیم اختر

ٹیلنٹ کو ابھارنے کیلئے چیس فیڈریشن آف پاکستان اقدامات کر رہی ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) چیس فیڈریشن آف پاکستان کے سینئر نائب صدر سلیم اختر نے کہا ہے کہ ملک میں شطرنج کا کھیل تعلیمی اداروں میں بھی مقبولیت اختیار کر گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب یونیورسٹی، لاہور میں 149 ویں دو روزہ قائد اعظم ریپڈ چیس چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نائب صدر اقتدار الدین بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں شطرنج کے کھیل کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس ٹیلنٹ کو ابھارنے کیلئے چیس فیڈریشن آف پاکستان اقدامات کر رہی ہے۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے بوائز اینڈ گرلز کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں چار کیٹیگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔



کینیڈا، بوفیلو سبریز اور ٹاما اسپنیئرز کے مابین آئس ہاکی میچ کا منظر

سابق فاسٹ بولر بریٹ لی کو آسٹریلین کرکٹ ہال آف فیم میں شامل کر لیا گیا

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کے سابق فاسٹ بولر بریٹ لی کو آسٹریلین کرکٹ ہال آف فیم میں شامل کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق فاسٹ بولر بریٹ لی نے 1999 سے 2012 تک تینوں فارمیٹس میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی، بریٹ لی نے 76 ٹیسٹ میچوں میں 310 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے 221 ون ڈے انٹرنیشنل میں 380 وکٹیں، 25 ٹی 20 میں 28 وکٹیں لیں۔

برسبین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا 15 واں ایڈیشن 5 جنوری سے آسٹریلیا میں شروع ہوگا

برسبین (سپورٹس ڈیسک) ایسوسی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) ٹور اور ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) ٹور کے زیر اہتمام برسبین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا 15 واں ایڈیشن 5 جنوری 2026 سے آسٹریلیا کے شہر برسبین میں شروع ہوگا۔ برسبین انٹرنیشنل اوپن ٹینس سیزن کے مطابق ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کیلئے تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ ٹورنامنٹ میں مینز سنگلز، ویمنز سنگلز، مینز ڈبلز اور ویمنز ڈبلز مقابلے ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق برسبین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 5 جنوری سے 12 جنوری 2026 تک برسبین میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ میں جمہوریہ چیک کے جیری لیہکا مردوں کے سنگلز مقابلوں میں اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے، خواتین کے سنگلز مقابلوں میں بیلاروس کی عالمی نمبر ون آرینا سبالینکا ٹائٹل کے دفاع کے لئے قسمت آزمائی کریں گی۔

ایم سی جی کیوریٹر کا باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ کی پچ پر حیرانگی اور مایوسی کا اظہار

میلبرن (سپورٹس ڈیسک) میلبرن کرکٹ گراؤنڈ کے کیوریٹر نے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ کی پچ پر حیرانگی اور مایوسی کا اظہار کر دیا۔ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان 2 دن میں ٹیسٹ میچ ختم ہونے کی وجہ سے ایم سی جی کی پچ بہت زیادہ زیر بحث ہے اور میلبرن کرکٹ کلب اور کیوریٹر کو پچ کی وجہ سے کڑی تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایم سی جی کی پچ بنانے والے کیوریٹر میتھیو پیج نے ایم سی سی کے چیف ایگزیکٹو اسٹیورٹ فوکس کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم سی جی کی پچ کے باعث بہت زیادہ حیرانگی کے عالم میں ہوں، میں اس طرح کے ٹیسٹ میچ کا کبھی حصہ نہیں رہا اور امید ہے آئندہ بھی نہیں ہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ چوتھے اور پانچویں روز تک بیٹ اور بال میں توازن برقرار رہے، ہمیں بڑی مایوسی ہے کہ باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ صرف دو دن رہا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو ایم سی سی اسٹیورٹ فوکس نے کیوریٹر کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے 8 برس پہلے میتھیو پیج کی خدمات حاصل کیں وہ ملک کا ایک بہترین کیوریٹر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میتھیو پیج کی صلاحیت پر یقین ہے اور رہے گا، کیوریٹر اور ان کی ٹیم نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ کیوریٹر پچ جلدی ختم ہونے پر مایوس ہے اس نے اسکی ذمہ داری بھی قبول کی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق کرکٹ آسٹریلیا کو باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ دو دن میں ختم ہونے کی وجہ سے 10 ملین ڈالرز سے زائد کے ریونیو کا نقصان ہوا ہے

سابق کپتان راشد لطیف نے شاداب خان کی ٹی 20 اسکواڈ میں واپسی پر سوال اٹھا دیا

کراچی (سپورٹس ڈیسک) سری لنکا کے ساتھ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے تجربہ کار بولنگ آل راؤنڈر شاداب خان کو تو اسکواڈ میں شامل کر لیا گیا تاہم چند نوجوان کھلاڑی جگہ بنانے سے محروم رہ گئے۔ شاداب خان کو کندھے کی سرجری کے بعد ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شامل کیا گیا۔ لیگ اسپنر اس وقت بگ بیش لیگ میں بھی اپنی صلاحیتوں کو جوہر دکھا رہے ہیں۔ آل راؤنڈر کے علاوہ، وکٹ کیپر بلے باز خواجہ نافع کو بھی پہلی بار ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ سلمان علی آغا پاکستانی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ شاداب خان کی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں واپسی پر سابق کپتان راشد لطیف نے سوال اٹھا دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر انہوں نے اپنی پوسٹ پر سوال اٹھایا کہ سری لنکا کے ساتھ سیریز کے لیے پاکستان کے ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شاداب خان تو شامل کر لیا گیا لیکن ڈومیسٹک میں بہترین کارکردگی دکھانے والے سفیان مقیم اور معاذ صداقت کو نظر انداز کر دیا گیا۔ شاداب خان کی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں واپسی پر سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بنا رہا، ان کی شمولیت کے حوالے سے سابق کپتان نے سوال بھی اٹھایا۔

آسٹریلیا نے میلبورن ٹیسٹ میں شکست کا ملبہ انگلش بیٹسمین پر ڈال دیا

گیند نرم پڑنے پر بولرز کو اس پر گرفت میں مشکل کا سامنا رہا، اسٹیون اسمتھ

میلبورن (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا میلبورن ٹیسٹ میں شکست کی ذمہ داری زیک کرولی کے ایک شاٹ پر ڈالنے لگا، کرولی نے مائیکل نیسر کی گیند پر سر کے اوپر سے گیند کو باؤنڈری کے پار اچھالا جو وہاں پر موجود ایل ای ڈی ایڈورٹائزنگ بورڈ پر پوری قوت سے لگی۔ آسٹریلیا کا خیال ہے کہ اس سے گیند نرم پڑ گئی اور بولرز کو اس پر گرفت میں مشکل کا سامنا رہا، کرولی نے 48 بالز پر 37 رنز بنائے جبکہ بین ڈکٹ کے ساتھ 51 رنز کی شراکت کی۔ جارحانہ اوپننگ نے انگلش ٹیم کو مضبوط آغاز فراہم کیا، میچ کے بعد سینئر آسٹریلوی کرکٹر اسٹیون اسمتھ نے کہا کہ کرولی کے شاٹ پر ایل ای ڈی بورڈ کو ہٹ کرنے سے گیند کی سیم نرم پڑی۔ جس سے بولرز کو گرفت میں مشکل ہوئی، اس وجہ سے وہ ویسی بولنگ نہیں کر پائے جیسی کرنا چاہتے تھے، یوں انگلش ٹیم کو ہدف حاصل کرنے میں مدد ملی۔

رونالڈو کی شاندار کارکردگی، النصر کی مسلسل دسویں تاریخی فتح

کھیلے گئے میچ میں سعودی کلب النصر نے الاخدود کو 0-3 سے شکست دی

ریاض (سپورٹس ڈیسک) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو نے دو شاندار گول داغ کر سعودی پرو لیگ میں النصر کو مسلسل دسویں تاریخی فتح دلا دی۔ کھیلے گئے میچ میں سعودی کلب النصر نے الاخدود کو 0-3 سے شکست دی۔ اس کامیابی کے ساتھ النصر نے سیزن کا شاندار آغاز برقرار رکھتے ہوئے پوائنٹس ٹیبل پر چار پوائنٹس کی برتری کے ساتھ پہلی پوزیشن مضبوط کر لی ہے۔ میچ کے دوران کرسٹیانو رونالڈو نے ہاف آور کے کچھ ہی بعد اسکورنگ کا آغاز کیا، جب وہ انجیلو گومز کی ہیڈر اسسٹ پر پچھلے پول پر پہنچے اور آسانی سے فٹبال جال میں پہنچا دی۔ انہوں نے ہاف ٹائم کے بالکل اختتام پر اپنی فطری مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مارسیلو بروزوویچ کے پاس کو اپنے جوتے کے سائیڈ سے جال میں ڈال کر برتری دگنی کر دی۔ رونالڈو دوسرے ہاف میں ہیٹ ٹرک مکمل کرنے کے قریب پہنچ گئے تھے، تاہم معمولی آف سائیڈ قرار دیے جانے کے باعث وہ اپنا ساتواں سعودی پرو لیگ گول اسکور نہ کر سکے۔ بعد ازاں ان کے ہم وطن جواؤ فیلکس نے میچ کے آخری لمحات میں تیسرا گول کر کے النصر کی شاندار فتح پر مہر ثبت کر دی۔ اس فتح کے ساتھ النصر نے نا صرف اپنی تاریخی فتوحات کا سلسلہ برقرار رکھا بلکہ یہ کامیابی سعودی عرب میں 2023 میں شمولیت کے بعد کرسٹیانو رونالڈو کے پہلے لیگ ٹائٹل کے خواب کی جانب ایک اہم قدم بھی ثابت ہوگی۔

بقیہ 1

ملک کا پہلا اور منفرد سہولت "آن دی گو بازار" عوام کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ "سی ایم سہولت آن دی گو' بازار میں ریڑھی بانوں کو باعزت روزگار اور شہریو ں کو معیاری اور سستی اشیا ملنے لگیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ریڑھی بانوں کو 400 سے زائد سٹالز کی اوپن قرعہ اندازی کے ذریعے الاٹمنٹ کی گئی۔ لاہور میں پہلے مرحلے میں دس مقامات پر "سہولت آن دی گو بازار" کھل گئے۔ گلشن راوی، شادمان، مادرملت، مدینہ مارکیٹ، ٹاؤن شپ، سندر روڈ، کوٹھا پنڈ فیصل ٹاؤن کے سہولت بازار فنکشنل ہو گئے۔ کھاڑک نالہ، اعوان ٹاؤن، ویلنشیا اور شاہدرہ میں بھی "سہولت آن دی گو بازار "فعال ہو گئے۔ "سہولت آن دی گو بازار" میں پھل، سبزیاں، چکن اور کریانہ مصنوعات ڈی سی ریٹ پر ملیں گی۔ ٭٭ سہولت آن دی گو بازار ٭٭ میں سکیورٹی، واش روم اور صفائی کا شاندار اور بہترین نظام کیا گیا ہے۔ "سہولت آن دی گو بازار" میں ڈرائیو تھرو خریداری کی سہولت بھی موجود ہے۔ فروری تک لاہور میں مزید 5 مقامات پر "سہولت آن دی گو بازار" فنکشنل کئے جائیں گے۔ برکی، صدر، نشتر ٹاؤن، رائے ونڈ فیز ٹو، فیصل ٹاؤن، مون مارکیٹ اور فیروز والا میں "سہولت آن دی گو بازار" تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ دکانداروں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شکریہ مریم نواز! اب ہم ریڑھی والے نہیں بلکہ اپنی دکان کے باقاعدہ مالک بن چکے ہیں۔ دکانداروں نے اظہار تشکر کیا اور کہا کہ ریڑھیوں کو ہٹانے کی بجائے باوقار اور باقاعدہ سسٹم بنانے پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ "سہولت آن دی گو بازار" کے ذریعے رمضان بازاروں میں ملنے والی سستی اشیاء سال بھر دستیاب ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے "سہولت آن دی گو بازار" کو مرحلہ وار لاہور کے دیگر علاقوں تک وسیع کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ "سہولت آن دی گو بازار" قائد محمد نواز شریف کے کلین اور خوبصورت لاہور کا ویژن ہے۔ ریڑھی بانوں کو اپنی دکانیں ملنے پر جو خوشی ہو رہی ہے اسے محسوس کر سکتی ہوں۔ ہر ریڑھی بان اب فخر سے کہہ سکتا ہے کہ اس کی اپنی دکان ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حقیقی ترقی وہی ہے جس میں ہر غریب محنت کش بھی مستفید ہو۔ لاہور سمیت پنجاب بھر میں سہولت "آن دی گو بازار" جیسے پراجیکٹ لائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ریڑھی بان برسوں سے کھلے آسمان تلے کھڑے ہوتے تھے آج انہیں چھت مل چکی ہے۔ "سہولت آن دی گو بازار" پراجیکٹ کے قیام کے لئے پنجاب سہولت بازار اتھارٹی کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ چیئرمین پنجاب سہولت بازار اتھارٹی نے کہا کہ "سہولت آن دی گو بازار" بننے سے رمضان بازاروں میں دی جانے والی سبسڈی کی ضرورت بھی کم ہوگی۔

بقیہ 2

نہیں بلکہ اسرائیل اور بھارت کی پراکسی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں رانا تنویر حسین نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف کی حکمت عملی نے پاکستان کو دنیا کے لیے اہم بنا دیا، حکومت نے معیشت کو سنبھالا اور تمام معاشی اشاریے مثبت بنا دیے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ رواں سال آئی ایم ایف سے چھٹکارے میں کامیاب نہ ہوئے تو مزید سخت شرائط کے ساتھ رجوع کرنا پڑے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی الیکشن کمیشن میں سیاسی جماعت کے طور پر رجسٹر نہیں، اس پارٹی کا نظریہ فسطائی ہے، جو جمہوری روایات کے لیے زہر قاتل ہے، سہیل آفریدی لاہور کی سڑکوں پر گھوم کر پنجاب کی ترقی سیلطف اندوز ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان طالبان بھارتی پراکسی نہ بنے تو مذاکرات کریں گے۔

بقیہ 3

(ن) کی حکومت نے مسلسل اور انتھک جدوجہد سے ملک کو مسائل کی دلدل سے باہر نکالا ہے، ایک نام نہاد سیاسی جماعت اتحاد کی بجائے نفاق کو فروغ دے رہی ہے جس پر دشمن بغلیں بجا رہا ہے، پاکستان میں اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے بے پناہ اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی میں اقلیتی رکن اسمبلی طارق مسیح گل سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی اور اقلیتی برادری کے امور بارے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کے مثبت کردار کو ہرگز فراموش نہیں کیا جا سکتا، پاکستان مسلم لیگ (ن) بطور جماعت اقلیتوں کو بے پناہ اہمیت دیتی ہے اور ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو آگے لے جانے کے لئے مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ہر کڑے دور میں اپنی ذات کی بجائے قومی مفاد کو ترجیح دی ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی اس سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 4

سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد چار بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھما کا خیز مواد بھی برآمد ہوا، یہ دہشت گرد علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں کسی بھی دیگر بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد کی موجودگی کے خاتمے کے لیے کلیرنس اور سینیٹائزیشن آپریشنز جاری ہیں، ویژن عزم استحکام کے تحت سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل انسداد دہشت گردی مہم پوری شدت سے جاری رہے گی تاکہ ملک سے غیرملکی سرپرستی یافتہ دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔

بقیہ 5

کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی اور لا اینڈ آرڈر کی صورتحال ابتر ہے، افغان مہاجرین کا وقت گزر گیا اب یہ غیر قانونی پناہ گزین ہیں، اگر کسی نے پڑھنا ہے تو لیگل ویزوں پر آئے، پاکستان میں کوئی شہری بغیر ویزے کے نہیں رہ سکتا، ڈی آئی خان اور کیڈٹ کالج وانا میں حملے ہوئے جس میں افغان باشندے ملوث تھے، ہم نے بار بار افغان حکومت سے کہا ہے اپنی سرزمین ہمارے خلاف استعمال نہ ہونے دے، یہ دہشتگرد انڈیا اور اسرائیل کے ہاتھوں میں کھیل رہے ہیں، ہندوستان کو اپنے فوج پر بڑا غرور تھا ہم نے چار دن مین شکست دی، آج دنیا ہمارے ساتھ دفاعی معاہدے اور کاروبار کرنا چاہتی ہے، ہر مہینے کوئی نہ کوئی ہیڈ آف اسٹیٹ پاکستان آرہا ہے، فیلڈ مارشل بہترین طریقے سے دورے کر رہے ہیں۔ اتوار کو گورنر خیبر پختونخوا نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر صحافی علمدار بلوچ کی والدہ محترمہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ کے علاقہ سینئر صحافیوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، گورنر کے پی نے کہا کہ جب داڑھی کسی اور کے ہاتھ میں دینگے تو پھر گلہ نہیں کر سکتے، محمود خان اچکزئی کے والد نے سختی سے جیل کاٹی، باچا خان اور محترمہ بی بی شہید نے جیل کاٹی مگر کسی نے بھی پاکستان کے خلاف بات نہیں کی، ایک شخص اڈیالہ میں قید ہے اور انتشار کیلئے ٹویٹس کرتا ہے، مقدمات دلیل اور دلائل کیساتھ لڑے جاتے ہیں گالم گلوچ سے نہیں، ریڈیو پاکستان کی عمارت پر حملہ کس نے کیا؟ کرنل شیر خان کا مجسمہ کس نے گرایا؟ پی ٹی آئی کو اپنی پارٹی میں کوئی نہیں ملا تو امپورٹڈ لیڈر منگوائے، بتایا جائے ان امپورٹڈ لیڈران کی ایکسپائر ڈیٹ کیا ہے؟ اڈیالہ کے باہر ایک واٹر کینن آیا تو ناصر عباس نے کہا کربلا کا میدان ہے، کربلا کا میدان خیبر پختونخوا میں بنا ہوا ہے، ایک طرف کہتے ہیں مذاکرات کا اختیار اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کو دیا ہے دوسری طرف سے ٹویٹ آتا ہے کوئی مذاکرات نہیں کر رہے، ہم نے جنگ اور سفارتی میدان میں انڈیا کو شکست دی، آج ٹیلی گراف اخبار میں چیف آف ڈیفنس فورسز کی تعریف ہوئی، میرے صوبے میں امن و امان نہیں ہوگا تو کاروبار کیسے ہوگا، ہمارے ہاں امن ہوگا تو بیرون لوگ یہاں آئیں گے، اسی لئے ہم صوبائی حکومت سے کہتے ہیں کہ وہ آپریشن کی حمایت کرے، ہمارے پاس ڈیم بنانے کی گنجائش ہے۔

بقیہ 6

ہے۔ معصوم شہری آن لائن وارداتوں کے ذریعے زندگی بھر کی کمائی سے محروم ہو جاتے ہیں، تنخواہ دار اور کاروباری طبقہ ان ملزمان کا آسانی سے نشانہ بن رہے ہیں، یہ ملزمان بینظیر انکم سپورٹ حاصل کرنے والوں کو بھی لوٹ لیتے ہیں۔ یہ لوگ شارٹ ٹرم اغوا برائے تاوان کی کاروائیاں بھی کرتے ہیں مگر ان کے خلاف مقدمات کا اندراج بھی نہیں ہوتا، سی سی ڈی عوام کی جمع پونجی لوٹنے والے ان ملزمان کے خلاف بھرپور ایکشن کرے گی۔ واضح رہے کہ آن لائن وارداتوں کے ذریعے ان ملزمان نے اربوں روپے کے اثاثے بھی بنا رکھے ہیں، آن لائن فراڈ کرنے والے منظم جرائم پیشہ افراد کی جائیدادوں کی قرقی کے لیے بھی قانونی کاروائی کی جائے گی۔ حکومت پنجاب نے یہ فیصلہ منشیات فروشوں کے خلاف سی سی ڈی کی حالیہ تاریخی آپریشن کی کامیابی کے بعد کیا ہے۔

بقیہ 7

کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا حصہ ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق مذکورہ اہلکاروں کو سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 40B کے تحت شوگر کی پیداوار کی موثر، شفاف اور بلا تعطل نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے تعینات کیا گیا تھا۔ ان کی غیر حاضری کا انکشاف لارج ٹیکس آفس لاہور کی جانب سے کی جانے والی معمول کی مانیٹرنگ کے دوران ہوا۔ ایل ٹی او لاہور نے غفلت و لاپروائی کی سنگینی کے پیش نظر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف مروجہ قواعد وضوابط کے تحت تادیبی کارروائی شروع کرنے کی سفارش کی ہے۔ جواب دہی کو یقینی بنانے اور مانیٹرنگ کے عمل میں کسی بھی ممکنہ خلل سے بچنے کیلئے ان اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ ایف بی آر اپنی تمام فیلڈ فارمیشنز میں نظم و ضبط، دیانتداری اور پیشہ ورانہ معیار کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، فرائض میں کسی بھی قسم کی غفلت، بدانتظامی یا تفویض کردہ ذمہ داریوں کی عدم تعمیل کرنے والوں سے قانون کے تحت سختی سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 8

انتقال پرملال پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں۔ ڈاکٹر شمشاد اختر نے اسٹیٹ بینک کی پہلی خاتون گورنر طور پر تاریخ رقم کی۔ بطور گورنر ان کا دورانیہ بیمثال قیادت، دیانت داری اور عوامی خدمت کے لیے غیر متزلزل عزم کی مثال کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ انھوں نے اسٹیٹ بینک کے استحکام و پائیداری اور زری و مالی شعبے کی پالیسیوں کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے ایک ایسا دیرپا ورثہ چھوڑا ہے جو آئندہ نسلوں کے لیے باعث تحریک ہے۔ ڈاکٹر شمشاد اختر نے ایشیائی ترقیاتی بینک، ورلڈ بینک، اور اقوام متحدہ میں اپنی اعلی قیادت کی ذمہ داریوں کے ذریعے نیز بطور نگراں وفاقی وزیر برائے خزانہ و محاصل اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی چیئر پرسن کے طور پر پاکستان اور عالمی برادری کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں۔ ایک ممتاز ماہر معاشیات اور عالمی ترقی کی رہنما کے طور پر ان کے شاندار کیریئر سے بین الاقوامی مالی اور کثیر جہتی اداروں میں پاکستان کے وقار میں اضافہ ہوا۔ انہیں ایک قابل معیشت دان، دور اندیش رہنما اور قوم کی خدمت سے سرشار شخصیت کے طور پر انتہائی عزت واحترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ان کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 9

کیے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ نیو ایئر نائٹ پر صوبہ بھر میں 419 انسپکٹرز، 1267 سب انسپکٹرز، 2189 اے ایس آئیز، 1408 ہیڈ کانسٹیبلز اور 16977 کانسٹیبلز و دیگر اہلکار سکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ جبکہ لاہور میں 05 ہزار سے زائد افسران و اہلکار سکیورٹی پر مامور ہوں گے۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں سی سی ٹی وی کیمروں اور سیف سٹی سسٹم کی مدد سے تمام سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس کو ہائی الرٹ رہنے اور ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ آئی جی پنجاب نے واضح کیا کہ نیو ایئر نائٹ پر ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش اور ہلڑ بازی کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی۔ خواتین اور شہریوں کو ہراساں کرنے والے شرپسند عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے انہیں حوالات بند کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے نیو ایئر نائٹ پر ٹریفک کے مربوط انتظامات یقینی بنانے کا بھی حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈولفن سکواڈ، پیرو، ایلیٹ فورس اور پی ایچ پی ٹیمیں سڑکوں اور شاہراہوں پر پٹرولنگ مزید بڑھائیں۔ آئی جی پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ لاہور سمیت تمام شہروں میں سرچ اینڈ سویپ آپریشنز باقاعدگی سے جاری رکھے جائیں جبکہ گزشتہ سال کے ریکارڈ یافتہ ون ویلرز اور ہوائی فائرنگ کے ملزمان سے ضمانتی مچلکے حاصل کیے جائیں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ سی پی او، لاہور، آر پی اوز اور ڈی پی اوز امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے تمام انتظامات کی خود نگرانی کریں۔ سی ٹی او لاہور سمیت تمام ڈسٹرکٹ ٹریفک افسران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے اضافی نفری تعینات کریں۔ آئی جی پنجاب نے شہریوں سے اپیل کی کہ ون ویلنگ، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ میں ملوث عناصر کی اطلاع 15 پر دیں۔

بقیہ 10

آنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ مریم نواز خیبر پختونخوا آئیں، جہاں انہیں بتایا جائے گا کہ وزیر اعلیٰ کے منصب کا استقبال اور احترام ایک جمہوری اور مہذب انداز میں کس طرح کیا جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے دورہ لاہور کے تیسرے دن سینئر صحافیوں، اینکر پرسنز، ڈیجیٹل میڈیا نمائندوں، مختلف ٹی وی چینلز کے بیورو چیفس اور بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی ہمشیرہ نورین خان نیازی سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کو خیبر پختونخوا آنے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز خیبر پختونخوا آئیں، جہاں انہیں بتایا جائے گا کہ وزیر اعلیٰ کے منصب کا استقبال اور احترام ایک جمہوری اور مہذب انداز میں کس طرح کیا جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مریم نواز کو خیبر پختونخوا میں جلسہ منعقد کرنے کا کھلا چیلنج بھی دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب حکومت یہ دعویٰ کرتی ہے کہ عمران خان کی کال پر عوام باہر نہیں نکلتے تو وہ مریم نواز کو تیاری کے لیے ایک ہفتے کا وقت دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہفتے کی تیاری کے بعد مریم نواز خیبر پختونخوا آئیں اور وہاں جلسہ کر کے دکھائیں، جبکہ اس کے برعکس وہ خود پنجاب میں جلسہ منعقد کریں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس کے بعد یہ واضح ہو جائے گا کہ کس کی کال پر عوام کی تعداد زیادہ باہر نکلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ عام انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب سے 180 نشستیں جیتی تھیں، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پنجاب کے عوام نے پاکستان تحریک انصاف پر اعتماد کیا تھا اور وہ عمران خان کی کال پر نکلے تھے اور آج بھی نکلنے کے لیے تیار ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جو لوگ غیر قانونی طریقے سے حکومت پر قابض ہو چکے ہیں، یعنی فارم 47 کے ذریعے بننے والی حکومت، ان کا عوام سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ مکمل طور پر عوام سے ڈسکنیکٹ ہو چکے ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پنجاب آ کر اور زمینی حقائق کو خود سامنے دیکھ کر انہیں شدید حیرت ہوئی ہے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے جس قسم کی سختی، جبر اور زیادتیاں کی جا رہی ہیں، ان کی پاکستان کی تاریخ میں کہیں کوئی مثال نہیں ملتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسا محسوس ہو رہا ہے جیسے ماضی کے کالے قانون کا نظام اب موجودہ پنجاب حکومت نے پنجاب میں نافذ کر دیا ہے، جس کے تحت اجتماعی احتساب کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، شیشے توڑے جا رہے ہیں، لوگوں کو ہراساں کیا جا رہا ہے اور خوف و ہراس کی فضا قائم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان کے لاہور پہنچنے سے قبل ہی سینکڑوں کی تعداد میں کارکنان کو گرفتار کر لیا گیا تھا، جبکہ جہاں جہاں وہ گئے وہاں کارکنان کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی نقل و حرکت کے دوران مسلسل سڑکیں بند کی جاتی رہیں، جس سے عوام کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایک صوبے کے منتخب وزیر اعلیٰ کے ساتھ اس قسم کا رویہ انتہائی تشویشناک ہے کیونکہ یہ جمہوری روایات کے منافی ہے اور ایک آمرانہ مائنڈ سیٹ کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس طرز عمل سے معاملات ایک ایسے سنگین رخ کی طرف جا رہے ہیں جو ملک کے مستقبل کے لیے ہرگز درست نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے پنجاب کے صحافیوں سے درخواست اور امید ظاہر کی کہ اگر ایک فسطائیت سے بھرپور حکومت کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کی کوریج اور پبلسٹی کو روکا جا رہا ہے تو کم از کم پنجاب کے عوام پر جو ظلم وستم ڈھایا جا رہا ہے، اس کے خلاف پنجاب کا میڈیا ضرور آواز بلند کرے۔ اپنے دورے کے اختتام پر وزیر اعلیٰ محمد سہیل افریدی نے مزار اقبال پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ پنجاب انتظامیہ کی جانب سے یہاں بھی غیر معمولی اور قابل مذمت رکاوٹیں کھڑی کی گئیں۔ جس طرح گزشتہ روز فوڈ اسٹریٹ میں تمام لائٹس بند کر دی گئیں اور پورا بازار زبردستی بند کروایا گیا، اسی طرح آج بھی جہاں جہاں وہ گئے وہاں لائٹس بند کی گئیں، دکانیں بند کروائی گئیں اور عوام کو ہراساں کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انتظامیہ کو پہلے سے آگاہ کیا گیا تھا کہ وہ مزار اقبال پر حاضری دیں گے، اس کے باوجود آج یہاں بھی تمام لائٹس بند کر دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت عوام باہر موجود تھی، مگر انہیں بھی زبردستی ہٹا دیا گیا، جبکہ مزار کے اطراف مکمل طور پر اندھیرا کر دیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں حسان نیازی صاحب کے گھر جانے سے بھی روکا گیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک صوبے کے چیف ایگزیکٹو کے ساتھ مسلسل توہین آمیز اور فسطائی رویہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس قسم کی کارروائیاں کھلی فسطائیت کی عکاس ہیں اور یہ تمام واقعات ان کے دل و دماغ پر نقش ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ صرف ان کے ساتھ نہیں ہو رہا بلکہ پوری قوم اس حکومت کی ذہنی اور اخلاقی پستی کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ہتھکنڈے نہ صرف جمہوری اقدار کے خلاف ہیں بلکہ عوامی شعور کو مزید بیدار کر رہے ہیں۔

بقیہ 11

، پروفیسرز، سرجنز اور فیکلٹی ممبران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور کینسر کی تشخیص و علاج کیلئے آزاد کشمیر میں بھی ہسپتال قائم کیا گیا ہے، اس سے بڑھ کر انسانیت کی کوئی خدمت ہو نہیں سکتی، پہلے آزاد کشمیر کے مریضوں کو سینکڑوں میل کا سفر کر کے دور دراز کے شہروں میں جانا پڑتا تھا جو تکلیف دہ اور مہنگا تھا۔ انہوں نے اٹامک انرجی کمیشن اور ایس پی ڈی کے علاوہ مخیر حضرات اور ڈاکٹرز کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس ہسپتال کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ خود بھی کینسر کے مریض رہے ہیں اور انکی مشکلات و تکالیف کا احساس ہے، لوگ اس مہنگے مرض کا علاج برداشت نہیں کر سکتے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جدید وسائل اور ذرائع کو بروئے کار لا کر اس مرض کا شکار مریضوں کا علاج معالجہ کیا جائے اور تمام سہولیات کو 24 گھنٹے فعال رکھا جائے، مریضوں کیساتھ ایسا رویہ ہو کہ انہیں حوصلہ ملے اور ان کو علاج کیلئے مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ قبل ازیں وزیر اعظم نے تختی کی نقاب کشائی کر کے ہسپتال و میڈیکل کالج کا افتتاح کیا۔ وزیر اعظم نے ہسپتال کے مختلف شعبوں اور نصب مشینری کا بھی معائنہ کیا۔ انہیں مرض کی تشخیص و علاج معالجے کی سہولیات کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ پہلے آزاد کشمیر میں کینسر کے علاج کیلئے کوئی سہولت دستیاب نہیں تھی اور مریض دور دراز کا سفر کر کے دوسرے شہروں کا رخ کرنے پر مجبور تھے، ہر سال کینسر کے ایک ہزار اور دس ہزار مریض فالو اپ کیلئے ہسپتالوں کا رخ کرتے ہیں، چیئرمین پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن راجا علی رضا انور نے اپنے استقبالیہ کلمات میں وزیر اعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں ایٹمی توانائی کمیشن کے کینسر کے علاج کے لیے 21 ہسپتال کام کر رہے ہیں جن میں سے ایک وفاق، 6 پنجاب، 5 خیبر پختونخوا، 5 سندھ ایک ایک بلوچستان، گلگت بلتستان و آزاد کشمیر میں ہے، سالانہ دس لاکھ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، 60 فیصد مریض آخری سٹیج کے ہوتے ہیں، اس ہسپتال کے قیام سے مقامی سطح پر علاج ممکن ہوگا۔ انہوں نے معاونت پر حکومت پاکستان و آزاد جموں و کشمیر، ایس پی ڈی اور شراکت داروں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ ڈی جی انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی رافیل ماریانو گروسی نے تقریب سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کینسر کے مریضوں کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے، 2050 تک ان میں 75 فیصد اضافے کا خدشہ ہے، دنیا میں ایک کروڑ سے زائد مریض اس مرض کا شکار ہیں، آزاد کشمیر میں کینسر کے علاج کے لیے ہسپتال کا قیام اہم سنگ میل ہے۔

بقیہ 12

نے کہا ہے کہ مودی اور اڈیالہ میں بیٹھا شخص پاکستان کے خلاف ہے، پاکستان مذہبی ہم آہنگی کے لحاظ سے بہترین ملک ہے، مودی کے ہاتھ انسانوں اور مسلمانوں کے خون سے رنگے ہیں جبکہ یہاں کا وزیر اعظم دوسرے مذاہب کی عزت کرتا ہے، گرجا گھروں اور مندروں میں ملکی سلامتی اور پاک فوج کے لیے دعائیں کی جاتی ہیں، ملکی معیشت ترقی کر رہی ہے۔ ملکی وقار کے اضافے میں وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار سب سے اہم ہے، جو عناصر ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں ہم انہیں ناکام بنائیں گے۔ وہ اتوار کو مسلم لیگ ہاؤس کراچی میں دیگر مسیحی برادری کے ساتھ پریس کانفرنس کر رہے تھے۔ اس موقع پر کھیئل داس کوہستانی نے مسیحی بھائیوں کے ساتھ مل کر کرسمس کا کیک بھی کاٹا۔ کھیئل داس کوہستانی نے کہا کہ اس بار کرسمس کا تہوار پاکستان میں پہلی بار بڑے جوش و خروش سے منایا گیا۔ وزیر اعظم نے پرائم منسٹر ہاؤس میں کرسمس کا تہوار منایا۔ اس سے پہلے نواز شریف نے 2013 میں کرسمس دیوالی اور نوروز منایا۔ مسلم لیگ ن ملک کے اقلیتوں کو عزت دیتی ہے۔ بابائے قوم نے کہا تھا کہ پاکستان میں اقلیتیں آزادیوں گی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر خود راولپنڈی کے چرچ میں گئے اور کرسمس منایا۔ پنجاب میں مریم نواز نے بھی چرچ جا کر کرسمس منائی۔ وہ اس سے پہلے دیوالی بھی منا چکی ہیں۔ پورا لاہور اور پنجاب چمک رہا تھا۔ پنجاب جیسے انتظامات بہترین رہے۔ مریم نواز نے کہا تھا اقلیتیں سر کا تاج ہیں۔ یہی قائد اعظم کا اور ہمارا پاکستان ہے۔ یہ مذہبی ہم آہنگی کی مثال ہے۔ ہمارے پڑوس میں جو کچھ ہو رہا ہے افسوسناک ہے۔ کرسمس منانے میں خلل ڈالا گیا۔ ایک وزیر اعلی مسلم۔ خاتون کا نقاب اتار دیتا ہے۔ بھارت میں انتہا پسندی اور شدت پسندی بڑھ رہی ہے۔ اس کے سیکولرازم کا دعویٰ ختم ہو گیا ہے۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کرواتا ہے جہاں عدم استحکام پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا غرور توڑ دیا گیا۔ ہماری نسلوں کا مستقبل اور انہیں بچانے والی ہماری پاک فوج ہے۔ بھارت نے ہمارے ہاں مساجد اور مدارس کو نشانہ بنایا مگر ہماری فوج نے ان کے مندروں پر حملہ نہیں کیا ان کی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ پاکستان مذہبی ہم آہنگی کے حوالے سے بہترین ملک ہے۔ پاکستان ترقی کر رہا ہے کوئی مذہب نفرت نہیں سکھاتا ہے۔ مودی اسلام فوبیا کا شکار ہے۔ میرا بھی ہندو دھرم سے تعلق ہے مگر ہمارے دھرم میں کسی دوسرے مذہب سے نفرت نہیں سکھائی جاتی۔ مودی کے ہاتھ انسانوں اور مسلمانوں کا قاتل۔ ہے۔ یہاں کا وزیر اعظم اور وزیر اعلی دوسروں کے مذہب کی عزت کرتا ہے۔ یہ سب کا پاکستان ہے اور اس کی تعمیر و ترقی کے لیے مسیحی اور ہندو برادری کے لوگ دن رات محنت کرتے ہیں۔ ہم سب مل کر پاکستان کی معیشت میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسلام کسی جبر کی اجازت نہیں دیتا دوسرے مذہب کا احترام سکھاتا ہے۔ پاکستان بنانے میں مسیحی بھائیوں کا کردار ہے۔ کھیئل داس کوہستانی نے کہا کہ مودی اور اڈیالہ میں بیٹھا شخص پاکستان کے خلاف ہے۔ پاکستان کے وقار بلند ہونے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف کا بڑا کردار ہے۔ اڑان پاکستان کا سفر شروع ہو چکا ہے۔ ملک کی معیشت ترقی کر رہی ہے۔ جو لوگ ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں ہم انہیں ناکام بنائیں گے۔ گرجا گھروں اور مندروں میں ملک کی سلامتی اور پاک فوج کے لیے دعائیں کی جاتی ہیں۔ ہمارے فوجی دن رات قربانیاں دیتے ہیں ہمارے لیے ایک فسادی ٹولہ انتشاری ٹولہ ملک کے خلاف ہے تاکہ ملک کمزور ہو۔ وہ بھارت اور را کی زبان بول رہے ہیں یہ لوگ ڈائیلاگ نہیں کر سکتے صرف دہشت گردی کر سکتے ہیں۔ بطور جماعت مسلم۔ لیگ ن سیاسی جماعت سے بات کرے گی۔ دہشت گردوں سے بات نہیں کیا جائے گی۔ ان سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا۔ ہمارا ملک مزید مضبوط ہوگا۔ مسلم لیگ ن کی وفاقی حکومت ملک کو مسائل سے نکالتی رہی ہے۔ بابائے قوم نے پاکستان بنایا تھا۔ نواز شریف نے ملک کو سنوارا ہے۔ 28 مئی 1998 جوایٹمی دھماکے نواز شریف نے کیے۔ ہماری قیادت کی پاکستان کے لیے کوششیں سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے وزیر اعلی کو پنجاب کی ترقی دیکھ کر شرم آئے گی۔ ان کے صوبے میں کچھ نہیں ہو رہا ہے۔ صرف کرپشن ہو رہی ہے۔ کے پی میں ترقی کا پہیہ نہیں چل رہا ہے۔ پنجاب کے عوام نے انہیں مسترد کر دیا ہے۔ پاکستان کے تعمیر و ترقی والی قیادت چاہیے۔

بقیہ 13

جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں فتنہ الخوارج کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز پرعزم ہیں، سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے 4 خوارجیوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا۔ محسن نقوی نے اپنے بیان میں کہا کہ سکیورٹی فورسز کی قلات میں بروقت اور موثر کارروائی قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کا کردار ناقابل فراموش ہے۔

بقیہ 14

کا کہنا تھا کہ ماشاءاللہ سٹریٹ موومنٹ کل رات سے بنگلہ دیش کی تصویریں لگا کر خوش ہو رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ دن کی روشنی میں پول کھل گیا ان کو کوئی نعروں کا جواب دینے والا بھی نہ ملا، بس بہت سیر کر لی پاکستان کے یورپ لاہور کی اب واپس تشریف لے جائیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ اب سیر ہو گئی اب جائیں لاہور کو سکھ کا سانس لینے دیں، پروٹوکول میں لاہور دیکھ لیا، اب خیبر پختونخوا کے لوگوں کی بھی دادرسی کر لیں اور واپس جا کر اُن کی بھی سن لیں

بقیہ 15

ایف بی آر کا کہنا ہے کہ غفلت برتنے پر ان اہلکاروں کو فوری طور معطل کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں، ایف بی آر تمام فیلڈ فارمیشنز میں نظم وضبط، دیانتداری اور پیشہ ورانہ معیار برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہے، فرائض میں غفلت، بدانتظامی یا تفویض کردہ ذمہ داریوں کی عدم تعمیل پر قانون کے تحت سختی سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 16

جان کی بازی ہار گیا جبکہ 5 زخمی ہوئے ہیں جن میں سے تین کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق 4 زخمیوں کو طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حادثے میں جاں بحق شخص کی شناخت 55 سال کے حنیف کے نام سے ہوئی۔

بقیہ 17

کی رہنمائی و سہولت کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری کر دیا گیا۔ انچارج ڈرائیونگ لائسنس برانچ انسپکٹر امتیاز خان کے مطابق موبائل پولیس وینز پیر کو ڈھوک سیداں اور راجہ بازار فوارہ چوک، منگل کو چونگی نمبر 8 کھنہ روڈ اور مصریال گاؤں یونین کونسل رائیکا میرا، بدھ کو سردار مارکیٹ کلر سیداں، جمعرات کو بسالی گاؤں اور ڈھوک گگن جوڑیاں چکری روڈ، جمعہ مصریال چوک اور جھاورا پکٹ، ہفتہ کو خواجہ کارپوریشن اور خصالہ گاؤں اڈیالہ روڈ لائسنسنگ سہولیات فراہم کرے گی جبکہ اتوار کو اولڈ وارڈان ڈپو صدر میں خصوصی رکشہ ٹیسٹ لیے جائیں گے۔ موبائل پولیس خدمت صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک اپنے مقررہ پوائنٹس پر شہریوں کی سہولت کیلئے موجود ہوگی۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ موبائل لائسنسنگ وینز کے ذریعے شہریوں کو انکی دہلیز پر لائسنسنگ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، شہریوں کو بھی چاہیے کہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنے قریبی لائسنسنگ سینٹر یا خدمت مرکز سے اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں۔

بقیہ 18

جس میں ایسے روڈ یوزرز جو گاڑی چلاتے وقت ٹریفک قوانین جیسے سیٹ بیلٹ کا استعمال، اصل نمبر پلیٹ، لائسنس ہولڈر اور گاڑی کے کالے شیشے نہ ہوں کی مکمل پاسداری کو یقینی بناتے ہیں تو ان گاڑیوں پر گڈ سٹیزن کا سٹیکر آویزاں کیا جاتا ہے۔ اگر اس شہری سے اگلی بار کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے تو اسے چالان کی بجائے وارننگ دی جاتی ہے۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ایسے شہریوں کے لئے خدمت مراکز میں خصوصی ڈیسک پر خصوصی سہولت فراہم کی اور ان خدمت مراکز پر ان شہریوں کی لسٹیں بھی آویزاں کر دی ہیں۔ جب وہ شہری ان خدمت مراکز پر لائسنس یا دیگر سروسز کے متعلق جائے گا تو اس کا کام ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے گا۔ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے بتایا کہ اس مہم نے نہ صرف اسلام آباد بلکہ قومی سطح پر توجہ حاصل کی ہے جس کو سوشل میڈیا پر بڑے پلیٹ فارمز سے بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اس عوام دوست مہم کو جاری رکھا جائے گا تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان ایک مثبت دوستانہ ماحول پیدا ہو اور انفورسمنٹ کی بجائے شہری ایجوکیشن کے ذریعے ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس مہم کے دوران روزانہ مختلف سڑکوں پر شہریوں کو یہ سٹیکر جاری کئے جاتے ہیں۔ ہر شہری ٹریفک قوانین پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے یہ سٹیکر حاصل کر سکتا ہے۔

بقیہ 19

کے دفاع اور ترقی کے لیے کام کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ نارووال کے شہریوں نے حالیہ دنوں میں بدترین سیلاب کا سامنا کیا، تاہم یہ قدرتی آفت یہاں کے لوگوں کا حوصلہ توڑنے میں ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک بہادر اور جفاکش قوم ہے اور حکومت نے سیلاب کے دوران متاثرہ افراد کی امداد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ سیلاب کے بعد ہمارے کسانوں نے ایک بار پھر اپنی زمینوں کو ہرا بھرا کر دیا، جبکہ سیلاب کے دوران تین ہزار ایکڑ رقبے پر کنولا کا بیج مفت تقسیم کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں خوردنی تیل کی مقامی پیداوار سے قیمتی زرمبادلہ بچے گا جو معیشت کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اپنے سابقہ دور میں ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا، تاہم 2018 میں ایک سازش کے تحت ایک نااہل شخص کو ملک پر مسلط کیا گیا جس نے عوام کو جھوٹے خواب دکھائے اور اس کے اقدامات کے باعث ملک دیوالیہ ہونے کے دھانے پر پہنچ گیا

بقیہ 20

رانا منور غوث نے سرگودھا میں ٹی ایچ کیو ہسپتال سلانوالی کا اچانک دورہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے جائزہ کے لئے مریضوں سے ملاقات کی اور ان کو فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں دستیاب ادویات کے سٹاک اور دیگر طبی خدمات کو بھی چیک کیا اور ڈیوٹی ڈاکٹرز اور سٹاف کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو بغیر کسی تاخیر کے تمام ضروری صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے جن میں تمام سرکاری ہسپتالوں کے سسٹم کو مضبوط اور موثر بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے چک 129 ایس بی میں دستکاری سکول کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ جدید دور روایتی اور فنی تعلیم دونوں کا تقاضا ہے۔ انہوں نے ہنر پر مبنی تعلیم کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ طلبا معاشرے کے نتیجہ خیز رکن بن سکیں۔

بقیہ 21

رکشہ سڑک سے نیچے کھائی میں گر گیا جس کے نتیجہ میں رکشہ ڈرائیور محمد شہباز ولد محمد نواز ساکن آل گھمناں موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ متعدد افراد زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو 1122 کی ٹیم نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ظفروال منتقل کر دیا۔

بقیہ 22

ان ملوں نے ممکنہ طور ہر کرشنگ شروع کرنے میں تاخیر اور گنے کی قیمت 400 روپے فی من مقرر کرنے کیلئے کارٹل بنایا۔ ملوں کی جانب سے جواب موصول ہونے پر قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا۔ سٹیل کے سیکٹر میں کارٹل بنا کر مارکیٹ کو کنٹرول کرنے پر عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ اور انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ پر مجموعی طور پر ڈیڑھ ارب روپے کا جرمانہ کیا گیا۔ انکوائری کے مطابق، دونوں اسٹیل کمپنیوں نے کارٹل بنا کر اور کاروباری حساس معلومات کے تبادلے کے ذریعے تین برسوں میں اسٹیل کی قیمتوں میں اوسطا 111 فیصد اضافہ کیا۔ تعلیم کے شعبے میں اپنی کاروباری پوزیشن کا غلط استعمال کر کے والدین کو مخصوص وینڈرز سے مہنگی، لوگو والی کاپیاں، ورک بکس اور یونیفارمز خریدنے پر مجبور کرنے پر سترہ بڑے نجی اسکول سسٹمز کو شوکاز نوٹس جاری کیے۔ اسکولوں کو شوکاز نوٹس کو جواب جمع کرونے کیلئے 31 دسمبر تک کا وقت دیا گیا ہے، جس کے بعد اس کیس کی باقاعدہ سماعت شروع کی جائے گی۔ پولٹری کے شعبے میں، کمپیٹیشن کمیشن نے آٹھ بڑی پولٹری ہیچریز پر ایک دن کے چوزے (ڈے اولڈ برائلر چکس) کی قیمتوں میں اضافے کیلئے کارٹلائزیشن کے جرم میں مجموعی طور پر 155 ملین روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسی طرح فرٹیلائزر کے شعبے میں، کمیشن نے چھ بڑی یوریا بنانے والی کمپنیوں پر مجموعی طور پر 37 کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ کمپٹیشن کمیشن نے ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بھی کارروائی کرتے ہوئے ٹرانسپورٹرز آف گڈز ایسوسی ایشن اور لوکل گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن پر پرائس فکسنگ کے جرم میں پچاس لاکھ روپے روپے جرمانہ عائد کیا۔ پہلی بار ایڈورٹائزنگ کے شعبے میں لاہور میں آؤٹ آف ہوم ایڈورٹائزنگ مارکیٹ میں ایڈ ایجنسیوں اور ان کی ایسوسی ایشن کلے خلاف کارٹل بنا کر قیمتوں کو فکس کرنے اور ٹینڈرز میں ملی بھگت سے بالیاں لگانے کی خلاف کارروائی شروع کی گئی اور ان کمپنیوں پر چھاپے مار کر ممکنہ شواہد حاصل کیے گئے۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے لیے ٹرانسفارمر اور ان کی ریپئرنگ کرنے والی کمپنیوں کے خلاف بھی بولیاں میں مشتبہ رگنگ پر چھاپے مار کر ثبوت اکھٹے کیے گئے۔ گجرات میں، دو الیکٹرک فین بنانے والی کمپنیوں اور ان کی صنعتی ایسوسی ایشن کے دفاتر پر بھی سرچ اینڈ انسپیکشن کے ذریعے مشتبہ کارٹلائزیشن اور قیمتوں کے تعین سے متعلق دستاویزی اور ڈیجیٹل شواہد حاصل کیے گئے۔ ان کیسز میں تحقیقات ابھی جاری ہیں۔ کمپیٹیشن کمیشن کے اقدامات کو حتمی انجام تک پہنچانے کیلئے عدالتوں اور کمپیٹیشن ٹریبونل میں مقدمات کی موثر پیروی کی گئی۔ کئی اپیلوں میں کمپیٹیشن اپیلیٹ ٹریبونل نے کارٹلائزیشن سے متعلق کمیشن کے مقف کو برقرار رکھنے کے فیصلے دئے۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے طویل عرصے سے زیر التوا کارٹل کیس کو نمٹاتے ہوئے، ٹریبونل نے کمیشن کے فیصلے کو برقرار رکھا اور کمپنیوں سے ڈھائی کروڑ روپے جرمانے کی وصولی کا حکم دیا۔ اسی طرح پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے خلاف آٹے کی قیمتیں مقرر کرنے کے کیس میں بھی کمیشن کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے ملوں کو ساڑھے تین کروڑ روپے جرمانے کی ادائیگی کی ہدایت کی۔ پولٹری کے شعبے کارٹلائزیشن کے نئے کیس میں ٹریبونل نے آٹھ ہیچریز کے خلاف پندرہ کروڑ روپے کے جرمانے کے خلاف اسٹے جاری کرنے کی درخواست مسترد کی

بقیہ 23

بار ایسوسی ایشن ساہیوال سال 2026-27 محمد رمضان ایڈووکیٹ، اللہ یار خان بلوچ، امجد اقبال جوئیہ، ملک محمد زاہد، سردار ضمیر حیدر ڈوگر، رائے تنویر اکرم، عثمان ظفر ساہی، ملک عامر شہزاد، عبداللہ خالد، اور شائلہ انور کو بھی الیکشن بورڈ نے منتخب قرار دے دیا جبکہ صدر کے لیے راؤ محمد اکرم، ملک سعید سکھلا، ملک محمد سلیم کوڈھن، نائب صدر کے لیے مہر احمد حسن سیال، چوہدری محمد ظفر اقبال جنرل سیکرٹری کے لیے میاں محمد ذیشان حنیف بھنڈارہ اور میاں محمد طارق کا مابین جوائنٹ سیکرٹری محمد فاروق خاں اور ملک شعیب خالد کھوکھر کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوگا۔

بقیہ 24

نے سال 2025 میں آپریشنز ڈویژن کی کارکردگی کو موثر بنانے، عوام کو بہترین سہولیات فراہم کرنے، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھنے کیلئے فوری اور بہترین اقدامات کو عملی جامہ پہنایا، ان اقدامات میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر حکمت عملیوں اور بلاامتیاز کریک ڈاؤن بھی شامل ہے جس کے باعث جرائم میں مجموعی طور پر سال 2024 کے مقابلے میں 2025 میں 37 فیصد اور سنگین جرائم میں 69 فیصد تک ریکارڈ کمی واقع ہوئی جبکہ عالمی جریدے نے اسلام آباد کو صفحہ اول کے پرامن شہروں میں شامل کیا، جو اسلام آباد پولیس کے افسران کی انتھک محنت اور فرض شناسی کا منہ بولتا ثبوت ہے، سال 2025 میں اسلام آباد پولیس نے 23 ہزار 683 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کیا، جن کے قبضے سے 02 ارب روپے سے زائد کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا، اسی طرح ڈکیتی، چوری اور اسٹریٹ کرائم میں ملوث 578 خطرناک گینگز کے 1308 ممبران کو گرفتار کیا گیا جن کے قبضے سے 375 گاڑیاں اور 851 موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں، اسی طرح اسلام آباد پولیس نے قبضہ مافیا کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کرتے ہوئے 161 ملزمان کو گرفتار کیا جن کیخلاف 157 مقدمات کا اندراج کیا گیا، جبکہ ہوائی فائرنگ میں ملوث 200 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا گیا، اسلام آباد پولیس نے ٭٭ نشہ اب نہیں مہم ٭٭ کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 1801 منشیات فروش گرفتار کیے جن کے قبضے سے 317 کلوگرام چرس، 545 کلوگرام ہیروئن، 161 کلوگرام آئس، ہزاروں نشہ آور گولیاں اور 8427 بوتلیں شراب برآمد کی گئیں، جبکہ طلبا کے روشن مستقبل کے تحفظ اور انہیں منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے اسلام آباد پولیس نے تعلیمی اداروں میں منشیات سپلائی کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 29 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کی، اس کے ساتھ ساتھ منشیات کے تباہ کن اثرات سے آگاہی کیلئے مختلف تعلیمی اداروں میں خصوصی آگاہی لیکچرز کا انعقاد بھی کیا گیا، وفاقی دارالحکومت میں غیر قانونی اسلحہ کے خاتمے کیلئے خصوصی ٭٭ اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم ٭٭ کا آغاز کیا گیا، اس مہم کے تحت غیر قانونی اسلحہ، اسلحہ کی نمائش اور اسلحہ کے بڑے بڑے غیر قانونی ڈیلرز کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 2308 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جن کے قبضے سے 304 رائفلز، 92 بندوقیں، 2200 سے زائد پسٹلز، 294 خنجر اور 37 ہزار 491 روند برآمد کیے گئے، جبکہ پیشہ وار بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن عمل میں لاتے ہوئے 3973 بھکاریوں کو گرفتار کیا گیا، اسی طرح جرائم کے انسداد اور امن و عامہ کے قیام کیلئے 465 سرچ آپریشنز کا بھی انعقاد کیا گیا، سال 2025 میں موثر اور جدید تقاضوں کے عین مطابق تفتیشی نظام کے باعث قتل کے مقدمات میں ملوث 187 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ عدالتوں سے 14 مجرموں کو سزائے موت اور 14 مجرمان کو عمر قید کی سزائیں سنائی گئیں، وفاقی دارالحکومت میں اشتہاریوں، عدالتی مفروران اور عادی مجرمان کیخلاف بھی بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، جس کے نتیجے میں 4000 سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیے گئے، سال 2025 میں اسلام آباد پولیس نے 20 سے زائد ہائی پروفائل کیسز میں ملوث ملزمان کو 24 گھنٹے سے بھی کم وقت میں ٹریس کر کے گرفتار کیا، جن میں سوشل میڈیا انفلوئنسر ثناء یوسف قتل کیس، فہیم سردار قتل کیس، سنٹورس مال سے اغواء ہونے والے تین سالہ بچہ کا کیس، اور سماجی کارکن اشتیاق احمد عباسی قتل کیس نمایاں ہیں، اسلام آباد پولیس آپریشنز ڈویژن کے افسران نے عوامی مسائل کے بروقت حل کیلئے 1270 کھلی کچہریاں کا انعقاد کیا، جن سے 01 لاکھ سے زائد شہری مستفید ہوئے، اسی طرح آپریشنز ڈویژن کے کمپلینٹ سیل نے 8500 سے زائد شہریوں کی درخواستوں پر فوری کارروائی کرتے ہوئے میرٹ اور شفافیت پر فیصلے کئے، سال 2025 میں اسلام آباد پولیس آپریشن ڈویژن کے 04 بہادر افسران نے شہریوں کی حفاظت، امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف نبرد آزما ہو کر جام شہادت نوش کیا، جبکہ 33 جوان غازی قرار پائے، سال 2025 میں اسلام آباد پولیس نے 2337 احتجاجی مظاہروں، مذہبی اجتماعات اور ملکی و غیر ملکی وفود کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کی، اسی طرح سال 2025 میں کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ اور پولیس کی استعداد کار کو بڑھانے کیلئے بھی مختلف اہم اقدامات اٹھائے گئے، ان اقدامات میں گشت کے نظام کو موثر بنانے کیلئے پٹرولنگ یونٹ میں مزید 206 موٹر سائیکل شامل کیے گئے، جبکہ پولیس ریسپانس یونٹ اور سٹی واچ سکواڈز کا قیام بھی عمل میں لایا گیا، اسپشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کے تحت ماڈل پولیس اسٹیشنز کا قیام اور تھانہ جات میں شہریوں کی سہولت کیلئے SIPS پروٹوکولز کا نظام قائم کیا گیا، وفاقی دارالحکومت میں بڑھتی آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے تھانہ جات کیلئے خصوصی مقامات مختص کئے گئے، جبکہ ناکہ جات پر جدید تقاضوں سے آراستہ چیکنگ نظام کی تنصیب کی گئی، جبکہ موثر نگرانی کیلئے ناکہ جات پر باڈی وارن کیمرہ جات اور ای پولیس پوسٹ کا قیام عمل میں لایا گیا، اسی طرح عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے الٹرنیٹ ڈسپیوٹ ریزولوشن مراکز کو دوبارہ فعال بنایا گیا، تاکہ شہریوں کی فوری دادرسی کو یقینی بنایا جا سکے، سال 2025 آپریشنز ڈویژن کی شاندار کارکردگی کا سال رہا، سنگین جرائم کا خاتمہ، شہریوں کا تحفظ، جدید پولیسنگ اور قانون کی عمل داری یہ صرف اہداف نہیں، بلکہ اسلام آباد پولیس کا عزم ہیں۔

بقیہ 25

گئی ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق اس پالیسی کا اطلاق تمام حاضر سروس اہلکاروں پر ہوگا۔ مبصرین کے مطابق اس فیصلے کے پیچھے بھارتی فوج کے اندر پائی جانے والی بے چینی، پالیسیوں پر تنقید اور فوج کو ہندوتوا نظریے کے زیر اثر لانے کے خدشات کارفرما ہیں، یہ اقدام ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب فوجی اہلکار اور سابق افسران کھلے عام مودی حکومت پر تنقید کر رہے ہیں۔ مبصرین کے مطابق مودی حکومت فوجی ادارے کو نظریاتی طور پر ہندوتوا رنگ دینے کی کوشش کر رہی ہے جس پر سوشل میڈیا اور عوامی سطح پر ردعمل سامنے آ رہا ہے، بھارتی آرمی چیف کی مذہبی رسومات میں شرکت پر بھی سوشل میڈیا پر کڑی تنقید کی گئی۔ ذرائع کے مطابق عیسائی فوجی سیموئیل کمالیسن کا کورٹ مارشل بھی سوشل میڈیا پر موضوع بحث بنا رہا جس کے بارے میں اطلاعات ہیں کہ انہوں نے ہندو مذہبی رسومات ادا کرنے سے انکار کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق ریاست بہار میں بھارتی فوجی یونیفارم میں حکومت مخالف نعروں کی ویڈیوز وائرل ہوئیں، جبکہ بھارتی فوجیوں کی خودکشیوں اور غیر اخلاقی سرگرمیوں پر بھی سوشل میڈیا پر عوامی ردعمل سامنے آیا۔ مبصرین کے مطابق بھارتی افسران اور جوانوں میں مودی حکومت اور عسکری قیادت کے خلاف کشیدگی پائی جاتی ہے۔

بقیہ 26

کرتے۔ ملزمان لاہور کے مختلف علاقوں میں وارداتیں کرتے جن کو خفیہ اطلاع پر مال مسروقہ سمیت گرفتار کیا۔ ملزمان واردات کرنے کے دوران اسلحہ کا بھی استعمال کرتے تھے۔ ایس پی سٹی بلال احمد کے مطابق گرفتار ملزمان میں غفور عرف کالی اور ساتھی فیصل عرف آصف شامل ہیں جن کے خلاف مقدمات درج ہیں۔ انہوں نے اسلام پورہ چوکی اکرم پارک پولیس کو متحرک گینگ کی گرفتاری پر شاباش دی۔ ایس پی سٹی بلال احمد کا کہنا تھا کہ انسداد جرائم کے حوالے سے کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔

بقیہ 27

کا ایڈیشنل چارج دے دیا ہے اور تین ماہ کے اندر نیا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تعینات کر دیا جائے گیا۔ جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری فائنانس اشفاق الرحمن نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں مریضوں کے ورثاء کی آرام گاہ کی جگہ پر کنٹین تعمیر کرنے کے معاملہ کا نوٹس لے کر نئی تعمیر شدہ کنٹین مسمار کر دی ہے اور کرپشن کے معاملات کی تحقیقات کے لیے ایک انکوائری کمیٹی بنا دی ہے کمیٹی کا کنوینیز ڈاکٹر شاہد ندیم اور ممبر احمد رضان بجٹ اینڈ اکاؤنٹ آفیسر کو تعینات کر دیا ہے اس کا نوٹیفکیشن پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر نے جاری کیا ہے۔

بقیہ 28

ملک محمد احمد خاں نے ملتان میں ایک نجی یونیورسٹی کے کانووکیشن 2025ء میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں 97 فیصد بچے زیر تعلیم ہیں لیکن سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے اخراجات میں واضح فرق موجود ہے، جس کے باعث سرکاری اداروں کے طلبہ کو کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار بہتر بنانے، تعلیمی سہولیات میں اضافہ کرنے اور اساتذہ کی استعداد کار بڑھانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ تعلیم میں سرمایہ کاری دراصل قوم کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے اور نجی تعلیمی اداروں کو بھی چاہیے کہ وہ تعلیمی مساوات کے فروغ کے لیے حکومت کا ساتھ دیں۔ انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ ملک کا مستقبل ہیں اور آپ کی ذمہ داری ہے کہ حاصل کی گئی تعلیم کو قومی ترقی، معاشی استحکام اور سماجی بہتری کے لیے بروئے کار لائیں۔ قبل ازیں سپیکر پنجاب اسمبلی نے کانووکیشن میں فارغ التحصیل طلبہ و طالبات میں ڈگریاں اور اسناد تقسیم کیں۔

بقیہ 29

کو اپنے معاشی بحران اور مالی گنجائش کے مسائل حل کرنے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ماڈل کو ترجیح دینی چاہئے، اگر وفاقی حکومت معاشی بحران کو مؤثر انداز میں ایڈریس کرنا چاہتی ہے، خصوصاً فسکل اسپیس کے مسئلے کو، تو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اس میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وفاقی حکومت کو اس پہلو پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہئے اور سندھ حکومت کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی کامیابیوں سے سیکھنا چاہیے، سندھ حکومت کا یہ ماڈل نہ صرف مؤثر ثابت ہوا ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی اسے پذیرائی ملی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے بتایا کہ سندھ حکومت کے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کو معروف عالمی جریدے اکانومسٹ میگزین نے خطے میں چھٹا نمبر دیا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ ماڈل وفاقی سطح اور دیگر صوبوں میں بھی نافذ کیا جا سکتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے بے نظیر بھٹو شہید کی 18 ویں برسی کے موقع پر گڑھی خدابخش آ کر وقت دیا، یہ ملاقات صرف برسی کے حوالے سے تھی، اس میں نہ کوئی سیاسی گفتگو ہوئی اور نہ کسی اور معاملے پر بات کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو سیاسی راستے نکالنے چاہئیں، اگر تمام سیاسی قوتیں مل کر ایسا ماحول بنائیں جس سے سیاست کے لیے مزید گنجائش پیدا ہو، تو یہ پاکستان اور عوام کے مفاد میں ہوگا، معاشی مشکلات اور قومی سلامتی جیسے بڑے مسائل کا طویل المدتی حل کسی ایک جماعت کی لمبی اننگز نہیں بلکہ حقیقی اور پائیدار سیاسی استحکام ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ شہید بینظیر بھٹو کی برسی پر انہی کے نظریے اور منشور کے مطابق بات کر رہے ہیں بینظیر بھٹو کا سیاسی پیغام مفاہمت پر مبنی تھا اور آج بھی پاکستان کو اسی سوچ کی ضرورت ہے[اگر سیاست انتہا پسندی کی جائے گی تو اس کے ردعمل میں سختی پر شکایت نہیں ہونی چاہئے، کسی گرفتاری یا قانونی کارروائی کے ردعمل میں قومی اداروں پر حملے درست نہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے تجربے اور تاریخ کی روشنی میں ان کی واضح تجویز یہی ہے کہ پی ٹی آئی انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دے اور اپنی سیاست کو جمہوری دائرے میں واپس لے آئے، یہ فیصلہ پی ٹی آئی، اس کے کارکنوں اور ملک کی مجموعی جمہوری سیاست کے لیے بہتر ہوگا اور اس کے مثبت اثرات پورے پاکستان پر پڑیں گے

بقیہ 30

مطابق تینوں ملزمان نے نعمان کو اجتماعی جنسی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، 10 سالہ نعمان گھر سے سودا سلف لینے کے لیے بازار نکلا تھا۔

بقیہ 31

ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (77 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 1217 ڈرائیوز، 343 کم عمر ڈرائیور، 460 مسافر اور 144 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 223 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 259 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 75 حادثات میں 97 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 67 حادثات میں 82 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1316 متاثرین میں 1056 مرد اور 260 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 263 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 677 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 376 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1023 موٹر سائیکلز، 92 آٹو رکشے، 172 کاریں، 36 وین، 13 مسافر بسیں، 42 ٹرک اور 117 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 32

میں ملوث ہے۔ ملزم کے خلاف کارروائی اسلام آباد ائیرپورٹ پر آف لوڈ ہونے والے مسافروں کی نشاندہی پر عمل میں لائی گئی۔ ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 33

کہا کہ سوشل میڈیا پر مصنوعی ریچ دکھائی جاتی ہے جبکہ پی ٹی آئی کی سیاست منفی بیانیے اور جھوٹ پر مبنی ہے۔ بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ عوام جانتے ہیں کہ حقیقت کیا ہے اور پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا پر کوئی حقیقی فالوورز موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بھارتی پراپیگنڈا اکاؤنٹس پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی پیروی کرتے ہیں۔ وزیر مملکت قانون نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حقیقتیں عوام کے سامنے آشکار ہو چکی ہیں اور سوشل میڈیا پر مقبولیت کے دعوے محض فریب ہیں۔

بقیہ 34

بھی ہوئی۔ پولیس کے مطابق بارات شکار پور شہر سے جیکب آباد جا رہی تھی، واقعہ پرانی دشمنی کے باعث پیش آیا، حملہ آوروں کی گرفتاری کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔

بقیہ 35

کر دیا گیا میونسپل کارپوریشن کے ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ 86 ڈیفالٹر دوکانداروں کے ذمہ کارپوریشن کے 35 کروڑ روپے سے زائد کی ریکوری ہے گزشتہ روز چرچ روڈ مارکیٹ کے دوکانداروں کو ایسو سی ایشن نے ڈیفالٹر دوکانداروں سے معاملات کو نمٹانے کے لیے ایک ایک لاکھ روپے کارپوریشن کے آفیسروں کے نام پر اکھٹے کیے لیکن ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی کوئی دوکان سیل نہیں کی گئی بلکہ دوسرے دوکانداروں کی دوکانیں سیل کر کے محض خانہ پوری کی گئی ہے۔ جبکہ ایسوسی ایشن کے بعض عہدیدار 20 لاکھ روپے فی دوکان سے لے کر 40,40 لاکھ روپے کے ڈیفالٹر ہیں لیکن ان کی دوکانوں کو میونسپل کارپوریشن کے حکام نے ریکوری کے لیے دوکانیں نہ سیل کر کے سراسر زیادتی کی ہے کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سے متاثرین نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈیفالٹروں کے خلاف بلا امتیاز آپریشن کیا جائے اور جن ڈیفالٹر دوکانداروں کی دوکانیں سیل نہیں کی گئی اور کارپوریشن کے ذمہ دار آفیسروں کو خوش رکھنے والے آفیسروں کے خلاف ایکشن لیا جائے۔

بقیہ 36

گلاں والا گاؤں تھانہ صدر کی حدود میں پیش آیا جہاں جواں سالہ لڑکی نے خودکشی جیسا انتہائی قدم اٹھایا، والدین سے جھگڑے کے بعد لڑکی نے زہریلی گولیاں کھا لیں جس کے بعد اسے تشویشناک حالت میں لاہور ہسپتال پہنچایا گیا۔ لاہور ہسپتال میں 4 گھنٹے بعد لڑکی دم توڑ گئی، پولیس نے ضروری کارروائی مکمل کر کے نعش لواحقین کے سپرد کر دی، اہل خانہ کے مطابق دو ہفتوں تک سویرا کی شادی ہونے والی تھی۔

بقیہ 37

ٹرسٹ صبا ثاقب نے کہا ہے بڑھتی ہوئے سردی کے باعث درجہ حرارت میں مسلسل کمی آ رہی ہے جبکہ بہت سے مستحق خاندانوں کو اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر، الخدمت خواتین ٹرسٹ لاہور نے کرامت کالونی لاہور میں 100 مستحق خاندانوں میں ونٹر پیکجز تقسیم کرنے کا اہتمام کیا تاکہ سردی کے موسم میں انہیں ضروری سہولت اور سہارا فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں رواں موسم سرما کے دوران دوسو خاندانوں میں ونٹر پیکجز تقسیم کئے جا چکے ہیں جبکہ مزید پانچ سو مستحق خاندانوں میں آئندہ دنوں میں وینٹر پیکیجز تقسیم کر دیے جائیں گے تاکہ ضرورت مند افراد سردی سے بچیں اور انہیں راحت میسر آ سکے۔ صبا ثاقب نے کہا کہ الخدمت معاشرے کے ہر طبقہ کو زندگی کی دوڑ میں شامل کرنے کے لئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے اس کا دائرہ کار بین الاقوامی سطح تک پھیلا ہوا ہے

ایف بی آر نے شوگر ملوں کی مانیٹرنگ ڈیوٹی سے غیر حاضر چھ اہلکار معطل کر دیئے

فرائض میں غفلت، بدانتظامی یا تفویض کردہ ذمہ داریوں کی عدم تعمیل پر قانون کیتحت سختی سے نمٹا جائے گا، ایف بی آر

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے شوگر ملوں کی مانیٹرنگ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے 6 اہلکار معطل کر دیئے۔ ایف بی آر کے مطابق اہلکار شوگر کی پیداوار کی موثر، شفاف اور بلا تعطل نگرانی یقینی بنانے کیلئے تعینات کیے گئے تھے، اہلکاروں کی غیر حاضری کا انکشاف ایل ٹی او لاہور کی معمول کی مانیٹرنگ کے دوران ہوا، ایل ٹی او لاہور نے غفلت و لاپروائی کی سنگینی کے پیش نظر متعلقہ افسران کے خلاف تادیبی کارروائی شروع کرنے کی سفارش کی ہے۔ (بقیہ نمبر 15)

لاہور، باراتیوں کی ویگن نہر میں جا گری، ایک شخص جاں بحق، پانچ زخمی

لاہور (این این آئی) کینال روڈ پر باراتیوں سے بھری ویگن نہر میں گرنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق لاہور کے علاقے کینال روڈ پر تیز رفتاری کے باعث ڈرائیور قابو نہ رکھ سکا اور ویگن نہر میں جا گری، جس کے نتیجے میں ایک شخص (بقیہ نمبر 16)

ملتان: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور سرفراز مظفر، ٹائمز یونیورسٹی کے کانووکیشن میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا: احسن اقبال

نارووال کے شہریوں نے حالیہ دنوں میں بدترین سیلاب کا سامنا کیا، تاہم یہ قدرتی آفت یہاں کے لوگوں کا حوصلہ توڑنے میں ناکام رہی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور مسلح افواج کی بہادری کے باعث پاکستان کا جھنڈا دنیا میں بلند ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کا صدر بھی پاکستان کے وزیراعظم اور سپہ سالار کی تعریف کر رہا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت مل کر ملک (بقیہ نمبر 19)

رانا منور غوث کا سرگودھا کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سلانوالی کا دورہ

مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا معائنہ، ڈیوٹی ڈاکٹرز و سٹاف کو ضروری ہدایت

سرگودھا (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی جنرل سیکرٹری و چیئرمین زکوۃ و عشر کونسل پنجاب رانا منور غوث نے سرگودھا کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سلانوالی کا اچانک دورہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور ڈیوٹی ڈاکٹرز و سٹاف کو ضروری ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 20)

نارووال، ٹریفک حادثہ میں رکشہ ڈرائیور جاں بحق

نارووال (این این آئی) ڈسمتھل کے قریب ٹریفک حادثہ میں رکشہ ڈرائیور جاں بحق ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ڈسمتھل فیروز پور روڈ آلو چہانہ کے قریب تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل سوار کو ٹکر لگ گئی جبکہ اسی اثنا میں پیچھے سے آنے والے رکشہ ڈرائیور نے حادثہ سے بچنے کی کوشش کی لیکن (بقیہ نمبر 21)

بھارتی فوج نے سوشل میڈیا پر پابندی کی نئی پالیسی جاری کر دی

نئی دہلی (این این آئی) مودی حکومت اور بھارتی ملٹری قیادت پر تنقید کے بعد بھارتی فوج نے سوشل میڈیا پر پابندی کی نئی پالیسی جاری کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی فوج کی نئی پالیسی کے تحت انسٹاگرام، فیس بک اور ایکس سمیت دیگر سوشل میڈیا ایپس پر بھارتی فوجی اہلکاروں کے کسی بھی قسم کے تبصرے، لائیک یا شیئر کرنے پر پابندی عائد کر دی (بقیہ نمبر 25)

لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ورلڈ بینک کے وفد ارکان کو بریفنگ دے رہے ہیں۔

ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو کرپشن الزامات پر عہدہ سے ہٹا دیا گیا

ساہیوال (این این آئی) ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ذوالفقار حیدر کو کرپشن کے الزامات کی بناء پر فوری طور پر ان کے عہدہ سے ہٹا دیے گئے ہیں سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ پنجاب نے ڈاکٹر خالد خان اسسٹنٹ پروفیسر کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ساہیوال (بقیہ نمبر 27)

لاہور، دو رکنی متحرک بھینس چور گینگ گرفتار

ملزمان نے چند روز قبل اسلام پورہ کے ایریا سے بھینس چوری کی تھی

لاہور (این این آئی) اسلام پورہ چوکی اکرم پارک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی متحرک بھینس چور گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان موٹر سائیکل و رکشہ چوری کی وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔ ملزمان نے چند روز قبل اسلام پورہ کے ایریا سے بھینس چوری کی تھی۔ ایس پی سٹی بلال احمد کے مطابق ملزمان کے قبضے سے ایک بھینس، ایک لاکھ روپے نقد رقم اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا۔ ملزمان واردات کے لیے چوری کی ہوئی موٹر سائیکل کا استعمال (بقیہ نمبر 26)

آج بھی اڑھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں: اسپیکر ملک محمد احمد خان

تعلیم ہر شہری کا بنیادی حق، ہر بچے کو تعلیم کی فراہمی ریاست کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے' خطاب

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ تعلیم ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور ہر بچے کو تعلیم کی فراہمی ریاست کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے، آج بھی اڑھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں تاہم موجودہ پنجاب حکومت نے تعلیم کے شعبے کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تاریخ کا سب سے بڑا تعلیمی بجٹ مختص کیا ہے اور تعلیم کا بجٹ 17 ارب روپے سے بڑھا کر 46 ارب روپے کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سپیکر (بقیہ نمبر 28)

پولیس موبائل لائسنسنگ ویز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں

دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کیلئے موبائل لائسنسنگ ویز کا ہفتہ واری شیڈول جاری

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات پر پولیس موبائل لائسنسنگ ویز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں، دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کیلئے موبائل لائسنسنگ ویز کا ہفتہ واری شیڈول جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کے احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر لائسنسنگ و پولیس سٹیشن ویز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں ہے، دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی "گڈ سٹیزن مہم" کی قومی سطح پر بھرپور پذیرائی

مہم کو سوشل میڈیا پر شہریوں نے خوب سراہا اور پولیس، عوام کے درمیان دوستی کیلئے اہم اقدام قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کی "گڈ سٹیزن مہم" نے قومی سطح پر بھرپور پذیرائی حاصل کر لی، اس مہم کو سوشل میڈیا پر بڑے پلیٹ فارمز سمیت شہریوں نے خوب سراہا اور پولیس اور عوام کے درمیان دوستی کے لئے اہم اقدام قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے ویژن کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ حمزہ ہمایوں نے رواں ماہ دسمبر میں ایک خصوصی "گڈ سٹیزن مہم" کا آغاز کیا تھا (بقیہ نمبر 18)

ملتان: سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمن طلباء کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

سال 2025، کمپٹیشن کمیشن کی کارٹلائزیشن کیخلاف سخت کارروائیاں

شوگر انڈسٹری میں ممکنہ گٹھ جوڑ کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے پنجاب کی دس شوگر ملز کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان نے سال 2025 کے دوران کارٹلائزیشن، گٹھ جوڑ بنا کر پرائس فکسنگ کرنے اجارہ داری کے غلط استعمال کے خلاف چینی، اسٹیل، پولٹری، کھاد، تعلیم، ٹرانسپورٹ، اشتہارات، بجلی کی فراہمی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں موثر اور سخت کارروائیاں کیں گئیں۔ سب سے اہم، شوگر انڈسٹری میں ممکنہ گٹھ جوڑ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کمپٹیشن کمیشن نے حال ہی میں پنجاب کی دس شوگر ملز کو شوکاز نوٹس جاری کیے ہیں۔ (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، سال 2025 کے دوران جرائم کیخلاف کارروائیاں

23 ہزار 683 ملزمان گرفتار، 2 ارب روپے سے زائد مال مسروقہ برآمد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس آپریشنز ڈویژن نے سال 2025 کے دوران جرائم کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں حاصل کیں، وفاقی دارالحکومت سے مجموعی طور پر 23 ہزار 683 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 ارب روپے سے زائد مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی (بقیہ نمبر 24)

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کے انتخابات 10 جنوری کو ہونگے

ساہیوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کے انتخابات 10 جنوری کو ہونگے جبکہ لائبریری سیکرٹری غلام عباس خان کھچی بلا مقابلہ منتخب ہو گئے جبکہ فنانس سیکرٹری بینامین چوہدری اور ایگزیکٹو ممبران ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی علامہ اقبال کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

پی ٹی آئی کو انتہا پسندی چھوڑ کر سیاست کے دائرے میں آنا چاہیے: بلاول بھٹو

پاکستان پیپلز پارٹی کے تجربے اور تاریخ کی روشنی میں ان کی واضح تجویز یہی ہے کہ پی ٹی آئی انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دے

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش معاشی اور سیاسی چیلنجز کا حل انتہا پسندی نہیں بلکہ مفاہمت اور سیاسی استحکام میں ہے، پی ٹی آئی کو انتہا پسندانہ طرزِ سیاست ترک کر کے جمہوری حدود میں واپس آنا چاہئے کیونکہ حقیقی ترقی اور استحکام اسی راستے سے ممکن ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے لاڑکانہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 29)

مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ممتاز مذہبی و سماجی شخصیت پیر سید اعد شاہ گیلانی سے ان کے چچا کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

قصور، 3 نوجوانوں نے 10 سالہ بچے کو اجتماعی جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا

قصور (این این آئی) ضلع قصور میں 3 نوجوانوں نے 10 سالہ بچے کو اجتماعی جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس تھانہ صدر چونیاں نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے، اہل خانہ نے کہا کہ تین ملزمان احسان، محمد احمد اور صائم نعمان کو ورغلا کر کھیتوں میں لے گئے۔ ایف آئی آر کے (بقیہ نمبر 30)

پنجاب بھر میں 1129 ٹریفک حادثات میں 15 افراد جاں بحق 1301 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1129 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 582 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 719 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے (بقیہ نمبر 31)

ایف آئی اے کی کارروائی، انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظم گینگ کا اہم ملزم گرفتار

ملزم لیبیا سے غیر قانونی سمندری راستے سے شہریوں کو یورپ بھجوانے میں ملوث ہے

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ میں ملوث منظم گینگ کا اہم ملزم گرفتار کر لیا۔ ملزم اسرار احمد کو شیخوپورہ سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم شہریوں کو سمندر کے غیر قانونی راستے سے یورپ بھجوانے میں ملوث ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم عمرہ ویزے کے ذریعے شہریوں کو سعودی عرب اور بعد ازاں لیبیا بھجواتا تھا۔ گرفتار ملزم لیبیا سے غیر قانونی سمندری راستے سے شہریوں کو یورپ بھجوانے (بقیہ نمبر 32)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر مقبولیت کا ڈرامہ رچا کر جھوٹا پراپیگنڈا کر رہی ہے: بیرسٹر عقیل ملک

پی ٹی آئی سیاسی میدان میں اپنی ناکامیاں چھپانے کے لیے سوشل میڈیا کا سہارا لیتی ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر جھوٹے فالوورز بنا رکھے ہیں اور سوشل میڈیا پر مقبولیت کا ڈرامہ رچا کر جھوٹا پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی کی مقبولیت کا پردہ چاک ہو چکا ہے اور پی ٹی آئی سیاسی میدان میں اپنی ناکامیاں چھپانے کے لیے سوشل میڈیا کا سہارا لیتی ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 33)

لاہور: حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری شریف کے 814 ویں عرس کے سلسلے میں منعقدہ پرنور تقریب کی صدارت سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ کر رہے ہیں۔

ساہیوال، میونسپل کارپوریشن کے 14 ڈیفالٹروں کی دوکانیں سیل

ساہیوال (این این آئی) میونسپل کارپوریشن ساہیوال نے ڈیفالٹر دوکانداروں کے خلاف ایک آپریشن کے دوران چرچ روڈ مارکیٹ کی 9 دوکانیں سرکاری واجبات کی وصولی کے لیے سیل کر دیں۔ جناح شاپنگ پلازہ میں بھی پانچ بڑے ڈیفالٹروں کی دوکانوں کو سیل (بقیہ نمبر 35)

شکار پور میں باراتیوں کی بس پر فائرنگ، دلہا سمیت 3 افراد جاں بحق

فائرنگ کے نتیجے میں دلہا کا بھائی اور بس کا ڈرائیور بھی جاں بحق ہوا، ایک خاتون زخمی بھی ہوئی، پولیس

شکار پور (این این آئی) شکار پور میں باراتیوں کی بس پر فائرنگ سے دلہا سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق شکار پور میں قومی شاہراہ بائی پاس پر بارات کی بس پر فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے نتیجے میں دلہا سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں دلہا کا بھائی اور بس کا ڈرائیور بھی شامل ہے جبکہ ایک خاتون زخمی (بقیہ نمبر 34)

والدین سے جھگڑا، جواں سالہ لڑکی نے شادی سے چند روز قبل خودکشی کر لی

مریدکے (این این آئی) نواحی گاؤں میں جواں سالہ لڑکی نے اپنی شادی سے چند روز قبل خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ (بقیہ نمبر 36)

الخدمت خواتین ٹرسٹ لاہور کے زیر اہتمام مستحق خاندانوں میں ونٹر پیکیج تقسیم

صوبائی دارالحکومت میں آئندہ دنوں میں مزید 500 مستحق خاندانوں تک یہ امداد پہنچائی جائیگی' صبا ثاقب

لاہور (این این آئی) الخدمت خواتین ٹرسٹ لاہور کے زیر اہتمام کرامت کالونی سنٹر میں 100 مستحق خاندانوں میں ونٹر پیکیج تقسیم کر دیئے گئے۔ ونٹر پیکیج میں رضائیاں، کمبل اور گرم بستر شامل ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وائس پریزیڈنٹ الخدمت خواتین (بقیہ نمبر 37)

مورو قومی شاہراہ گھیرو بائی پاس پر ٹریلر ویگن سے ٹکرا گیا۔ ٹنڈو آدم کے دس سے زائد مکین شدید زخمی

تعلقہ ہسپتال مورو میں علاج معالجے کی بہتر سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے مریض پریشانی کا شکار ہونے لگے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مورو قومی شاہراہ گھیرو بائی پاس پر ٹریلر ویگن سے ٹکرا گیا۔ ٹنڈو آدم کے دس سے زائد مکین شدید زخمی۔ جنہیں مقامی لوگوں نے تعلقہ ہسپتال مورو پہنچایا۔ تعلقہ ہسپتال مورو میں علاج معالجے کی بہتر سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے مریض پریشانی کا شکار ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق عباسی برادری کے لوگوں سے بھری ویگن جو ٹنڈو آدم سے اپنے رشتہ داروں کی شادی کی تقریب میں لاڑکانہ جا رہی تھی ٹریلر سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں تین خواتین اور دو بچوں سمیت دس افراد شدید زخمی ہو گئے۔ جنہیں مقامی لوگوں نے تعلقہ ہسپتال مورو منتقل کیا۔ بعض افراد کی حالت انتہائی تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ زخمیوں میں شاہ محمد، انیس، رؤف، ماجدہ، ناصرہ اور دیگر شامل ہیں۔ واقعہ کے بعد تعلقہ ہسپتال مورو میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، تاہم تعلقہ ہسپتال مورو میں علاج کی بہتر سہولیات نہ ہونے کے باعث مریضوں کو سول نواب شاہ ہسپتال منتقل کیا گیا۔ واقعہ کے بعد مورو کے رہائشیوں کی بڑی تعداد تعلقہ ہسپتال مورو پہنچ گئی جہاں انہوں نے مریضوں کو جوس اور پانی پلایا۔

پاکستان تحریک انصاف کی سٹریٹ موومینٹ کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا

جس میں پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی قیادت نے بھرپور شرکت کی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) پاکستان تحریک انصاف کی سٹریٹ موومینٹ کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ جس میں پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی قیادت نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف صوبہ سندھ کے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر مسرور احمد سیال، پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر، ڈپٹی جنرل سیکریٹری سید زاہد حسین شاہ، سردار ارشاد ساند اور امام الدین کیریو اور دیگر صوبائی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں تین اضلاع نوشہرو فیروز، نواب شاہ اور دادو کی ضلعی قیادت اور کارکنوں نے شرکت کی۔ ضلع نوشہرو فیروز سے محمد رمضان لونڈ اور فیض محمد ملاح، ضلع دادو سے غلام حیدر سیال جبکہ ضلع نواب شاہ سے صدر نثار پرہیار، امتیاز علی راجپر اور ایاز علی ڈیپر نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ پاکستان تحریک انصاف کے جانثار کلہوڑو، اختر پرہیار، جان محمد پچارو، شاہد عالمانی، کامریڈ ارشاد کورائی، غلام مصطفیٰ چوہان، اسحاق رضا، سکندر راجپر سمیت متعدد کارکنان نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ انشاء اللہ سٹریٹ موومنٹ میں سندھ بھر سے بھرپور شرکت کی جائے گی اور نوشہرو فیروز، نواب شاہ اور دادو کے اضلاع اس تحریک میں قائدانہ کردار ادا کریں گے۔

تحصیل شبقدر اربگرام گاؤں اشارہ شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا

مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے مستعفی ہو کر سید معصوم شاہ باچا اور سابقہ ناظم جہان گل کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی

تحصیل شبقدر (بیورو چیف محمد خالق اورکزئی) تحصیل شبقدر اربگرام گاؤں اشارہ شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے مستعفی ہو کر سید معصوم شاہ باچا اور سابقہ ناظم جہان گل کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقع پر سید معصوم شاہ باچا نے شرکاء سے خطاب کیا اور نئے شامل ہونے والے کارکنان کو پارٹی ٹوپیاں بھی پہنائیں۔ تقریب میں سابق ناظم جہان گل گیگیانی نے بھی خطاب کیا۔ اس تقریب مبی صحافی محمد خالق اورکزئی کو خصوصی دعوات دی)

اعلانِ وفات

عظیم مصلح مختار الامہ۔ اللہ تعالیٰ حضرت کی کامل مغفرت فرمائے۔ لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے

ھنگو) بیورو رپورٹ)۔ اعلانِ وفات۔ آج بروز پیر تقریباً دوپہر 12 بجے ہمارے حضرت اقدس، حضرت مفتی سید مختار الدین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایک طویل، بابرکت اور پاکیزہ زندگی گزارنے کے بعد اس دارِ فانی سے رخصت فرما گئے۔ اِنا للہ و اِنا اِلیہ راجعو حضرت کا نمازِ جنازہ ان شاء اللہ آج بروز منگل، 30 دسمبر۔ بوقت دوپہر 2 بجے۔ مرکز دارالایمان و التقوی، کربوغہ شریف۔ میں ادا کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ حضرت کی کامل مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور ہم سب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ مغفرت فرمائے۔ لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ عظیم مصلح مختار الامہ۔ اللہ تعالیٰ حضرت کی کامل مغفرت فرمائے۔ لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے

جہلم بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کے موقع پر تقریب

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کے موقع پر جہلم پریس کلب کے زیر اہتمام ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صدارت صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس نے کی تقریب کا آغاز مرزا قدیر بیگ کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، عقیدت کے پھول سید ناصر محمود نے نچھاور کیے مہر محمد الیاس نے قائداعظم محمد علی جناح کی خدمات، جدو جہد آزادی اور پاکستان کے قیام میں ان کے تاریخی کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی نیکہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی دیانت، اصول پسندی اور قانون کی بالادستی پر مبنی سوچ آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے، اس موقع پر صحافیوں کی کثیر تعداد موجود تھی،

پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے، راجہ محمد الیاس کیانی

اسلام آباد (بی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنماء راجہ محمد الیاس کیانی نے کہا کہ پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز اپنے وژن "ستھرا پنجاب" کے تحت جو اقدامات اٹھا رہی ہیں' ان سے پنجاب کا چہرہ نکھر کر سامنے آ رہا ہے۔ ہر شہر کے پوش علاقوں اور بڑی سڑکوں اور شاہراہوں پر انتظامی مشینری دن رات مصروف عمل ہے۔ پنجاب کے 39 اضلاع میں 132 بیوٹیفکیشن سکیمیں 16 ارب 90 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوں گی۔ 97 بیوٹیفکیشن سکیموں کے ورک آرڈر جاری، 88 بیوٹیفکیشن پراجیکٹ شروع ہو گئے۔ مریم نواز نے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان میں واٹر فیچر/فوارے، مصنوعی آبشاریں شامل کرنے کی ہدایت کی۔ مرکزی بازاروں میں سڑک کے درمیان خوبصورت گرین بیلٹ بنانے کا حکم دیا اور تیزی سے افزائش پانے والے پودے اور سبزہ شامل کرنے کی ہدایت کی۔ فٹ پاتھ پر روایتی گرے ٹائلز کی بجائے خوبصورت کلر ٹائل لگانے کا حکم بھی دیا۔ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کیلئے ڈیش بورڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا جسے روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

اسلام آباد لوکل گورنمنٹ الیکشن 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں

وی او ایچ ہیڈ افس نئی ابادی فیز ٹو جھنگ سیداں میں ایک اہم اور پرمقصد مشاورتی اجلاس

علی پور بحر اڑ روڈ (قاری نسیم عباسی) اسلام آباد لوکل گورنمنٹ الیکشن 2025 کی تیاریوں کے سلسلے میں وی او ایچ ہیڈ افس نئی ابادی فیز ٹو جھنگ سیداں میں ایک اہم اور پرمقصد مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں یونین کونسل 53 جھنگ سیداں تمام 9 وارڈز سے تعلق رکھنے والے کونسلرز و نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے انتخابی مہم کے موثر اور جامع لائحہ عمل، ووٹرز تک رسائی کے نظام کو مزید فعال بنانے اور علاقائی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ اہداف پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ چیئرمین وی او ایچ راجہ محمد ہارون دھنیال نے اس موقع پر کہا کہ عوام کی خدمت ہمیشہ عبادت سمجھ کر کی مجھے پورا یقین ہے کہ لوگ ہمیں مایوس نہیں کریں گے میں الیکشن میں حصہ نہیں لے رہا لیکن میں اپنی سرپرستی میں ایک بہترین پینل تشکیل دے رہا ہوں جو مسلم لیگ نون کے ٹکٹ پر الیکشن لڑیں گے یہاں پر پہلے ہی ڈاکٹر طارق فضل چودری وفاقی وزیر اور راجہ خرم نواز چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے بہت سارے کام کروائے ہیں ہمیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ہماری یونین کونسل دونوں حلقوں میں شامل ہیں جو بقایہ کام ہیں انشاللہ یہ میرے بھائی کامیاب ہو کر کروائیں گے اور تمام ترقیاتی کام میں اپنی نگرانی میں کرواں گا اور یہ یونین کونسل مسلم لیگ نون کا گڑھ ہے شیر کے نشان پر الیکشن لڑیں گے اور کامیابی حاصل کریں گے۔ اس کے بعد تمام معززین نے راجہ ہارون اور ان کی حمایت یافتہ پینل کی بھرپور واٹ اینڈ سپورٹ کا عہد کیا پاکستان مسلم لیگ نون زندہ باد کے نعرے بھی لگائے آخر میں دعا کی گئی کہ آنے والے انتخابات علاقے کے لیے بہتر مستقبل کی نوید ثابت ہوں اور عوامی خدمت کا یہ سلسلہ مزید مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھ سکے۔۔

چوہدری حاجی عابد مرزا کا جنرل کونسلر کے انتخاب میں حصہ لینے کا اعلان

عوامی خدمت سے بڑھ کر کوئی فریضہ نہیں اور علاقے کے عوام کی بلاتفریق خدمت کو اپنا مشن سمجھتے ہیں



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) معروف سماجی شخصیت چوہدری عابد فخرے کرپا نے یونین کونسل کرپا سے جنرل کونسلر کے انتخاب میں حصہ لینے کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت سے بڑھ کر کوئی فریضہ نہیں اور وہ علاقے کے عوام کی بلاتفریق خدمت کو اپنا مشن سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یونین کونسل کرپا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل، جن میں صفائی، پانی، سڑکوں کی بہتری، صحت اور تعلیم شامل ہیں، ان کے حل کے لیے وہ ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر عوام نے انہیں اعتماد دیا تو وہ یونین کونسل کو ایک مثالی کونسل بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاقے کے لوگوں کی فلاح و بہبود، نوجوانوں کے لیے مواقع، اور بزرگوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہو گی۔ راجہ علی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ذاتی مفادات کے بجائے اجتماعی ترقی کے لیے ان کا ساتھ دیں۔ علاقہ مکینوں نے بھی راجہ علی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان کی قیادت میں یونین کونسل کرپا میں مثبت تبدیلی آئے گی۔

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی چکوال میں رنگا رنگ سپورٹس گالا، سردار ڈاکٹر حاجی شاہ روز خان ٹمن کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت

حب الوطنی سے لبریز" افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی "سیمینار

مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد مذہبی سیاسی کاروباری افراد کی شرکت

(رپورٹر پنڈی ٹوڈے) حب الوطنی سے لبریز" افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی "سیمینار" ہماری فوج ہمارا فخر" کے عنوان سے ایمپررمارکی میں شیخ ریاض فاروقی گروپ اور میاں گروپ کے زیر اہتمام شاندار سیمینار مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد مذہبی سیاسی کاروباری افراد کی شرکت فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر انگیز کی ولولہ انگیز قیادت میں پاک افواج کی طرف سے ازلی دشمن بھارت کو ناکوں چنے چبوانے پر زبردست خراج تحسین٭ تقریب میں امد پر تمام مہمانان گرامی کو پاکستانی پرچم اور افواج پاکستان سے یکجہتی کے بیج بھی لگائے گئے٭ تقریب میں ایم این ایز میجر طاہر اقبال٭ سردار غلام عباس۔ ایم پی اے محترمہ مہوش سلطانہ راجہ٭ ملک شہریار عوان٭ چوہدری حیدر سلطان۔ جنرل عبدالقیوم ملک٭ راجہ مظہر ہستال۔ سابق صوبائی وزیر راجہ یاسر سرفراز٭ اور دیگر سیاسی شخصیات کی بھرپور شرکچکوال کی تاریخ میں افواج پاکستان کے حق میں یہ تقریب اپنے نوعیت کی انتہائی شاندار پروقار جذبہ حب الوطنی سے لبریز تھی٭ تقریب کے میزبانوں شیخ ریاض فاروقی٭ میاں نعمان افتخار٭ شیخ رضوان فاروقی اور ان کی پوری ٹیم نے فردا فردا ہر شخص کا استقبال کیا اور تقریب کے حوالے سے انتہائی شاندار انتظامات کر رکھے تھے٭ تقریب میں ہر شعبہ زندگی کے لوگوں کی نمائندگی موجود تھیچکوال (مرزا ساجد اقبال سے)" ہماری فوج ہمارا فخر" کے عنوان سے ایمپرر مارکی میں شیخ ریاض فاروقی گروپ اور میاں گروپ کے زیر اہتمام پروقار اور شاندار سیمینار٭ مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد اور مذہبی سیاسی کاروباری افواج پاکستان کے سپریم کمانڈر فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر انگیز کی ولولہ انگیز قیادت میں پاک افواج کی طرف سے ازلی دشمن بھارت کو ناکوں چنے چبوانے پر زبردست خراج تحسین٭ تقریب میں امد پر تمام مہمانان گرامی کو پاکستانی پرچم اور افواج پاکستان سے یکجہتی کے بیج بھی لگائے گئے٭ تقریب میں ایم این ایز میجر طاہر اقبال٭ سردار غلام عباس۔ ایم پی ایز محترمہ مہوش سلطانہ راجہ٭ ملک شہریار عوان٭ چوہدری حیدر سلطان، راجہ مظہر ہستال سابق ملٹری سیکرٹری جنرل عبدالقیوم ملک٭ سابق صوبائی وزیر راجہ یاسر سرفراز٭ وکلاء تاجر برادری ریل اسٹیٹ سے تعلق رکھنے والے افراد، صحافیوں٭ علماء سابق ناظمین، نائب ناظمین٭ کونسلرز اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی٭ بلا شبہ چکوال کی تاریخ میں افواج پاکستان کے حق میں یہ تقریب اپنے انداز کی انتہائی شاندار پروقار جذبہ حب الوطنی سے لبریز تھی٭ تقریب کے میزبانوں شیخ ریاض فاروقی٭ میاں نعمان افتخار شیخ رضوان فاروقی اور ان کی پوری ٹیم نے فردا فردا ہر شخص کا استقبال کیا اور تقریب کے حوالے سے انتہائی شاندار انتظامات کر رکھے تھے٭ سیمینار سے جنرل عبدالقیوم٭ سردار غلام عباس، چوہدری حیدر سلطان، مہوش سلطانہ٭ صاحبزادہ عبدالقدوس نقشبندی۔ عامر نجیب بھٹہ، میاں نعمان افتخار٭ شیخ ریاض فاروقی اور دیگر نے اظہار خیال کیا٭ تقریب کے اختتام پر مہمانان گرامی کی تواضع کھانے سے کی گئی

اگر بوائز ایسوسی ایٹ کالج پنڈی گھیب کو آؤٹ سورس کرنے یا نجی تحویل میں دینے جیسا کوئی بھی قدم اٹھایا گیا تو تحصیل بھر کے عوام میں شدید بے چینی پھیل جائے گی

عوام اپنے بچوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے

پنڈی گھیب (ملک کاشف) حلقہ پی پی 4 سے منتخب ممبر پنجاب اسمبلی نوابزادہ چوہدری شیر علی خان کے چیف سپورٹر اور سابق کونسلر ملک کبیر احمد وزیر نے حکومت پنجاب کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر بوائز ایسوسی ایٹ کالج پنڈی گھیب کو آؤٹ سورس کرنے یا نجی تحویل میں دینے جیسا کوئی بھی قدم اٹھایا گیا تو تحصیل بھر کے عوام میں شدید بے چینی پھیل جائے گی اور عوامی ردعمل کو روکنا ممکن نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے بچوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ملک کبیر احمد وزیر نے کہا کہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج پنڈی گھیب غریب اور متوسط گھرانے کے طلباء کے لئے تعلیم کا واحد ذریعہ ہے جو کئی دہائیوں سے مقامی سطح پر تعلیم کا چراغ روشن کیے ہوئے ہے اگر اسے نجی شعبہ کے حوالے کیا گیا تو غریب اور متوسط طبقے کے طلباء بھاری فیسیں برداشت نہ کر سکنے کی وجہ سے تعلیم حاصل کرنے سے محروم رہ جائیں گے انہوں نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ تعلیمی اداروں کو آؤٹ سورس کرنے کے بجائے سرکاری کالجوں کو مزید وسائل فراہم کیے جائیں، اساتذہ کی کمی پوری کی جائے اور تعلیمی سہولیات کو بہتر بنایا جائے تاکہ طلبہ بہتر ماحول میں تعلیم حاصل کر سکیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بوائز ایسوسی ایٹ کالج پنڈی گھیب عوامی امانت ہے اور اس کے خلاف کسی بھی فیصلے کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

ملک بھر میں ایک کروڑ مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور میں سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ

سوشل پروٹیکشن والٹ کے اجرا، مفت سمز کی فراہمی اور خواتین کو براہِ راست ڈیجیٹل ادائیگیوں پر تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور میں سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ؛ سوشل پروٹیکشن والٹ کے اجرا، مفت سمز کی فراہمی اور خواتین کو براہِ راست ڈیجیٹل ادائیگیوں پر تفصیلی بریفنگ ** ملک بھر میں ایک کروڑ مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے اور اب تک 50 فیصد مفت سمیں تقسیم کرنے کا ہدف عبور کیا جا چکا ہے؛ بی آئی ایس پی پاکستان کی تاریخ میں خواتین کی سماجی تحفظ، ڈیجیٹل و مالی نظام میں شمولیت کا سب سے بڑا پروگرام؛ کل شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی ہے؛ بی بی شہید بہادری، استقامت اور جدوجہد کی علامت ہیں؛ خواتین کے حقوق اور پاکستان کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں؛ بینظیر ہنرمند پروگرام کا آغاز کیا گیا تاکہ مستحق افراد کو ہنرمند بنا کر معاشی طور پر خود مختار بنایا جا سکے کیوں کہ بی بی شہید نے فرمایا ہے کہ ہنر آپ کا سرمایہ ہے۔: سینیٹر روبینہ خالد کی لاہور میں پریس کانفرنس ** سینیٹر روبینہ خالد کا لاہور شہر میں ایل ڈی اے سبزہ زار، جی ایچ ایس علی رضا آباد اور شالامار بھگوان پورہ میں قائم بی آئی ایس پی سم تقسیم مراکز کا دورہ؛ سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے مفت سمز کی فراہمی کے عمل کا جائزہ؛ عملہ کو مستحق خواتین کی مکمل اور موثر رہنمائی کی ہدایت؛ مستحق خواتین کو مفت سم کے حصول، اس کے درست استعمال اور تحفظ کے حوالے سے بھی تلقین کی * چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج لاہور میں بی آئی ایس پی کے سینٹرل زونل آفس پنجاب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران میڈیا نمائندگان کو پروگرام کی پیش رفت اور دیگر اہم اقدامات سے آگاہ کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات کے مطابق ادائیگیوں کے نظام میں مزید شفافیت اور سہولت کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹ کا باقاعدہ اجرا کر دیا گیا ہے۔ اس وقت بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ملک بھر میں ایک کروڑ مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ اب تک مفت سمز کی فراہمی کا عمل تقریباً 50 فیصد تک مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی پاکستان کی تاریخ میں خواتین کی سماجی تحفظ، ڈیجیٹل و مالی نظام میں شمولیت کا سب سے بڑا پروگرام ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی ہے۔ بی بی شہید بہادری، استقامت اور جدوجہد کی علامت ہیں۔ ہم خواتین اپنی طاقت اور حوصلہ بی بی کے نام سے لیتی ہیں۔ خواتین کے حقوق اور پاکستان کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں